ان چار خانوں میں سے ایک آتشی ہے، ایک خاکی، ایک بادی، ایک آبی، اور چاروں اسی سلسلہ کے ساتھ شروع ہوتے ہیں۔ ہر ایک کام کیلئے اسی خانے سے نقش پر کرنا چاہئے جو اس کیلئے مناسب ہے ان نقوش کو نقش اجل کہتے ہیں۔ اور مثلث کو نقش کہتے ہیں۔ کسر دینے کی ترکیب پہلے بیان ہو چکی ہے۔ اب مثال کے طور پر ایک نقش لکھا جاتا ہے اسی طریقے سے سوا لاکھ اور کروڑ کا نقش پر کریں واضح ہو کہ پہلا خانہ تندرستی و صحت و محافظت کیلئے ہے۔ اور یہی خانہ آتشی ہے۔ نقش اور باتوں کو آسان سمجھنے کیلئے اگلے صفحے پر دیکھیں۔

خاک	آب	باد	آتش
آتش	باد	آب	خاک
آب	خاک	آتش	باد
باد	آتش	خاک	آب

۱۰	۱۴	۱۷	۱
خانہ کسر یک	۲	۹	۱۵
۳	۱۹	خانہ کسر	۸
۱۳	خانہ کسر	۴	۱۸

اشکال نقوش مع خواص

स्हकाल नक़ईईस्ह र्म कहाज़ास

خانہ(1) آتشی صحت وتندرستی کیلئے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۱۵	۴	۱۵

خانہ(2) خاکی محبت کیلئے۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۹	۶
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ(3) بادی دولت کیلئے۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ(4) آبی خوف وامان دشمن کیلئے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خانہ(5) آتشی امان غرق کیلئے۔

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۳	۱۳	۸	۹
۵	۱۶	۳	۱۱

خانہ(6) خاکی سرخ بادو بیماری دفع کرنے کیلئے۔

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

خانہ(7) بادی زیادتی مال ودولت کیلئے۔

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

خانہ(8) آبی جدائی کیلئے۔

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

خانہ(9) آتشی فتح یابی جنگ وجدل وشر دشمنان کیلئے۔

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۴	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

خانہ(10) خاکی حصول علم وعزت کیلئے۔

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ(11) بادی وصل دوست نئی دوست بنانے کیلئے۔

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ(12) آبی صلح ومغلوبی دشمن کیلئے۔

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۲	۱
۴	۵	۷	۱۴

خانہ(13) آتشی کھیت کے کیڑوں وہر قسم کے موذی جانوروں کے دفعیہ کیلئے۔

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۵	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

خانہ (14) خاکی افزونی زراعت وغلہ ورزق کیلئے۔

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۳	۱۶
۱۴	۱	۸	۱۱

خانہ (15) بادی عشق ہو جانے میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے۔

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

خانہ (16) آبی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

سولہویں کانے کا نقش بادشاہوں کے آگے جانے، سلامتی ذات، خوبی تدبیر، صلاح کار، اور دیگر امور کی بہتری کیلئے ہے۔ ان نقوش کو دیکھ کر روزانہ لکھنے کی مشق کی جائے تاکہ مشق کرتے کرتے ہاتھ خود بخود صحیح نقش لکھیں پھر جیسے جیسے نقش لکھنے میں مہارت حاصل ہوتی جائیگی۔ اسی طرح ذھن بھی کھلے گا اور طرح طرح کے فوائد دیگر حاصل ہونگے جنہیں یہاں لکھنے کی گنجائش نہیں ہے۔ مختصر طور پر سمجھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اور جس طریقے سے سمجھایا جا رہا ہے۔ یہ طریقہ نہایت ہی آسان ہے اس میں کسی بھی قسم کی کوئی مشکل نہیں ہے۔ بس ایک مرتبہ بات سمجھ میں آنے کی دیر ہے پھر اللہ نے چاہا تو مشکل بھی مشکل نہیں لگے گی اور ہاتھ خود بخود اس نقش کو لکھنا شروع ہو جائیں گے۔ جس مقصد کیلئے سائل یا خود نقش استعمال کرنا ہوگا۔ چونکہ یہ کتاب نہایت زبردست قسم کے استادوں وعاملین کے نسخہ جات پر مشتمل ہے۔ جو بذات خود عامل بھی تھے اور اس فن سے لگاؤ رکھنے والوں کو سکھاتے بھی تھے۔

مخمس اشکال کا بیان

म्उहामीस इस्हकाल का बयन

چونکہ مخمس اشکال کی اصل پانچ ہے۔ اس لئے پانچ سے پانچ کو ضرب دیا پچیس ہوئے اس میں ایک عدد زیادہ کیا کل چھبیس ہوئے کو ڈھائی سے ضرب دیا پینسٹھ ہوئے اور یہی عدد عدل ہیں۔ عدد مطروحہ دریافت کرنے کیلئے پانچ کو پانچ میں ضرب دیا پچیس حاصل ضرب ہوا اس میں سے ایک کم کیا چوبیس ہوئے ان کو ڈھائی سے ضرب دیا حاصل ضرب ساٹھ ہوا اور یہی عدد مطروحہ ہیں۔ عدد مطروحہ کو عدد عدل سے تفریق کر دیا پانچ باقی رہے ان کی پہلی سطر کے عدد یعنی پانچ سے تقسیم کیا خارج قسمت ایک ہوا اس سے نقش کی خانہ پری کی جائیگی۔ نیچے درج نقش کی شکل میں نہایت ہی غور کرنا چاہئے یعنی اس میں ایک، سات، اٹھارہ، چوبیس، پانچ، چھ، دو، چودہ، برابر ہیں۔ اور تیرہ، انیس، پچیس، برابر ہیں۔ اور دس بائیس، و چودہ برابر ہیں۔ ضلع و حواشی چھوٹے ہوئے ہیں۔ ہر شکل میں مخمس ناقص بے تامل صحیح پر کریں۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ اس کی چال مربع کی طرح معلوم کریں یعنی طول اسپ رخ دو اسپ وغیرہ چنانچہ ایک شکل یہ لکھی ہے۔

۱۸	۱۰طول	۲۲	۱۴طول	۱
۱۲طول	۴طول	۱۶رخ	۸	۲۵
۶رخ	۲۳	۱۵اسپ	۲اسپ	۱۹
۵اسپ	۱۷	۱۹اسپ	۲۱اسپ	۱۳دواسپ
۲۴	۱۱طول	۱۳اسپ	۴۰	۷اسپ

ان اشکال میں چار ضلع اور چار قطر واقع ہوئے ہیں ضلع فوقی یعنی اوپر کا ضلع اور وہ ضلع

جو اس کے مقابل ہیں۔ اور اس کو ضلع تحتی کہتے ہیں ایک ضلع جو داہنی جانب ہے۔ اسے ضلع یمینی کہتے ہیں۔ ایک ضلع جو بائیں جانب ہے اسے ضلع یساری کہتے ہیں۔ ہر ضلع میں تین تین خانے ہوتے ہیں۔ کہ ان کا مجموعہ بارہ خانے ہوتا ہے۔ اور چار قطر یعنی گوشے کل سولہ ہیں۔ نو خانے باقی وہ وسط کہلاتے ہیں۔ یہ مثلث کے نو خانے چاروں طرف سے برابر آتے ہیں۔ اسی ترتیب کے ساتھ ہر ایک خانہ سے نقش کو پر کیا جائے مثال کے طور پر نیچے کچھ اشکال درج ہیں جو نقوش بنانے میں آسانی پیدا کریں گی۔

خانہ(۱) (ہ)

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

خانہ(۲) (ح)

۲۰	۱	۲۱	۱۹	۴
۲	۱۰	۱۵	۱۴	۲۴
۳	۱۷	۱۳	۹	۲۳
۱۸	۱۲	۱۱	۱۶	۸
۲۲	۲۵	۵	۷	۶

خانہ(۱۵) (یط)

۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹
۲۴	۱۴	۹	۱۶	۲
۲۵	۱۵	۱۳	۱۱	۱
۶	۱۰	۱۷	۱۲	۲۰
۷	۲۲	۵	۸	۲۳

خانہ(۱۱)(ۏۏ)

۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹
۲۴	۱۴	۹	۱۶	۲
۲۵	۱۵	۹	۱۱	۱
۶	۱۰	۱۷	۱۲	۲۰
۷	۲۲	۵	۸	۲۳

خانہ(۵)(ﮯ)

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۲۵	۲۴

خانہ(۱۶)(ۏع)

۷	۲۲	۵	۸	۲۳
۶	۱۴	۱۵	۱۰	۲۰
۲۴	۹	۱۳	۱۷	۲
۲۵	۱۶	۱۱	۱۲	۱
۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹

ان مثالوں میں مختلف خانوں سے نقش پر کئے گئے ہیں۔ عامل کو اختیار ہے جس خانے سے چاہے اور کسی بھی مقصد کیلئے پر کرے۔ اسی طرح وقف طبعی کے عدد دریافت کر کے مسدس کی شکلیں تیار کریں۔ مثلاً مسدس کی اصل چھ ہے۔ چھ کو چھ میں ضرب دیا چھتیس حاصل ضرب ہوا اس میں ایک شامل کر دیا سینتیس ہوئے ان کو سطر کے نصف عدد یعنی چھ سے ضرب دیا حاصل ضرب دینے کے بعد باقی چھ رہے ان کو چھ

پر تقسیم کیا ایک خارج قسمت آیا اس سے نقش پری شروع ہوگئی اس کی رفتار مثلث اسپ کی طرح ہے۔ اور انہیں قواعد کے مطابق نقش مسبع و مثمن کو بھی پر کرنا چاہئے تمام نقوش کی دعوت کا طریقہ۔ مثلث نقوش کی دعوت عناصر پر ہوتی ہے۔ یعنی چاروں نقوش کو ساٹھ دن تک ترک حیوانات ولذات کر کے پندرہ مرتبہ ایک نقش کو لکھے۔ آتشی نقش کو آگ میں ڈالا جائے بادی کو ہوا میں پندرہ بار لکھ کر پندرہ دنوں تک رکھیں۔ آبی کو پانی میں ڈال دیں اور خاکی کو پندرہ دن تک خاک میں رکھیں۔ ساٹھ دن گزرنے کے بعد ہر روز چار نقش لکھنے کا معمول بنایا جائے۔ پس محبت، تسخیر وفتوح، صحت و بیماری کیلئے آتشی نقش لکھیں۔ دور جنگ و فتح وخرخشہ و دفع بیماری و آسیب خانہ و فلیتہ جات و حاضرات و بیماری کہنہ کیلئے بادی اور عورتوں کی محبت و مواصلت و چاہ کنی و تیاری باغ اور امراء وفقراء کے روبرو جانے اور عالم کو تسخیر کرنے کیلئے آبی نقش لکھیں۔ نفاق وجدائی و زبان بندی و دفع حاسداں و تحصیل مال وعمارت وسفر و تیاری نسخہ کیمیا و ادویہ میں خاکی نقش لکھیں اثر تمام ہوگا۔ عملیات میں استادوں نے ان میں سے ہر ایک نقش کی زکات کا ایک طریقہ لکھا ہے۔ اور ان کی جو کچھ خاصیت ہو جائے تعجب نہیں کیونکہ نقش اجل و نقش حوامین عجیب عجیب خزانے مخفی ہیں۔ واضح ہو کہ نقش آتشی کا موکل عزرائیل ہے۔ نقش بادی کا جبرائیل ہے۔ نقش آبی کا میکائیل ہے۔ نقش خاکی کا اسرافیل ہے۔ اور یہی موکلات مربع میں بھی ہیں۔ اور زکات مربع کی ترکیب یہ ہے کہ آتشی نقوش کو چونتیس عدد لکھ کر آگ میں ڈالیں اور بادی کو ہوا میں لٹکائیں خاکی کو زمین میں دفن کریں اور آبی کو پانی میں ڈالیں یا اس کے کنارے دفن کریں۔ مخمس کی ترکیب یہ ہے کہ زہرہ کی ساعت میں پینسٹھ نقش لکھ کر بخورات روشن کریں اور ان کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں پینسٹھ دنوں تک اس عمل کو کیا جائے ان کی زکات میں پرہیز جلالی و جمالی دونوں ہی کرنی ہوگی۔

شرائط عملیات

शरीत अमलियात

اعمال ونقوش استعمال کرنے کیلئے مختلف اقسام کے اعمال ونقوش کیلئے خواہ لکھا ہو یا نہ لکھا ہوان شرائط پر ضرور عمل کرنا ہوگا۔ اگران پر عمل نہ کیا گیا تو ہوسکتا ہے کہ عمل یا نقش اپنا اثر نہ دکھائے اور کام نہ ہواس لئے اعمال میں اگر کوئی ہلا کی دشمن یا تباہ خانہ دشمن چاہتا ہوتو زبان بندی، بربادی، دشمن، بغض، دفع آسیب وغیرہ جو چیزیں بدی سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کے حاکم زحل مریخ ہیں۔ کیونکہ زحل خاک گور ہے۔ نفاق پیدا کرتا ہے مریخ کا کام دقمع و جنگ وجدال خونریزی اور شکم سے خون لانے کا ہے۔ اور تمام آفات ارضی وسماوی کو اس سے تعلق ہے۔ اگران سب باتوں کیلئے پہلے دورہ آفتاب دیکھنا چاہئے کہ کس برج میں ہے۔ یعنی آفتاب بروج منقلب میں ہوتا ہے اور آفتاب و چاند ان دونوں اپنے عدد سے آٹھویں بارھویں چھٹے میں ہوتے ہیں۔ مریخ ساتویں میں اپنے دشمن کے مقابل ہوتا ہے اور اس کا ساتواں خانہ نکبت و بال کا ہے۔ کوکب زحل یا مریخ کو اپنے طالع سے شرف ہوتا ہے۔ یا یہ اپنے طالع سے اپنے خانے میں قوی ہوتے ہیں۔ اور دن شنبہ وسہ شنبہ ہوتا ہے۔ ساعت زحل آفتاب کی لگن چڑھوتی ہے۔ تمام سامان بخورات کا مہیا ہو اور عامل کی پوشاک و جانماز بالکل یک رنگ سیاہ ہو کوئی تلخ چیز منہ میں رکھ لی جائے مثلاً سیاہ مرچ، خشک تمباکو، برگ نیب، وغیرہ بخورات میں گوگل تاریخ ہائے عربی کے مطابق طالع دشمن کے مخالف تاریخ ہو غزائیں نیاز موکل و زحل کیلئے موافق دائرہ ہوں۔ عامل اپنے روبرو ضرور رکھے جلالی مہینے میں بھی عامل وعدو کے مخالف ہوں۔ رجال الغیب کی طرف منہ نہ کیا جائے قمر درعقرب نہ ہو۔ یا قمر طالع سے چھٹے آٹھویں بارھویں میں ہو۔ اس قدر شرائط ادا کر کے پہلے زحل کی تسخیر کی جائے پھر عمل شروع کیا جائے استخارہ ضرور کیا جائے اس سے پہلے ہی عمل کے ہونے یا نہ ہونے کا پتہ لگ جائیگا۔

نقوش روحانی حرفی منسوب از عامل واستاد

ण अरख़गएश: डए:अणई :अडफ़ई

ळणशएएभ अढ अअळईळ ए ऊशश्अद

یہاں سے جس روحانی سلسلے کو شروع کیا جا رہا ہے اس کا تعلق ایسے عاملان سے ہے جنہوں نے بے پناہ محنت کر کے ان نقوش کو بنایا ہے اور اس سے کئی ایسے کام بھی لئے ہیں۔ جو اس دنیا میں ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اگر کوئی ان نقوش سے کام لینا چاہے تو اس کو بالکل اجازت ہے لیکن جو طریقہ کر لکھے ہونگے ان پر عمل ضرور کرنا ہوگا۔ تا کہ صحیح اثر واضح ہو نقوش کو اس وقت کے عاملان نے نہایت ہی محنت سے ترتیب دیا تھا اور اس سے کئی کام لیتے تھے۔ ان نقوش کو لکھنے میں یہاں صرف ایک ہدایت کو ضرور سمجھا جائے کہ نوچندی جمعرات ضرور ہو اور زعفران کا استعمال کیا جائے خوشبو ضرور جلائی جائے نقش کو پھر جس مقصد کیلئے لکھا جائے کام ضرور ہوگا۔ نقش کے نیچے نام مع والدہ ضرور لکھا جائے اور اگر کسی نقش کے ساتھ اس کو بنانے کی ترکیب علیحدہ سے لکھی ہو تو پھر اس پر ہر حال میں عمل کرنا ہوگا۔ کیونکہ یہ وہی نسخہ ہوگا جس کو اس دور میں ان عاملوں نے بنا کر استعمال کیا اور دوسروں سے کروایا ہوگا۔ چونکہ ان نقوش میں ایک ایسا روحانی ونورانی اثر موجود ہے جو اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتے آزمائش شرط ہے۔ جو کوئی بھی انہیں استعمال کرے اور خود دیکھ لے کہ نقش کیا ہیں اور ان کے کیا اثرات کامل ہیں۔ ان نقوش کو لکھنے میں پہلے جو ادب وآداب لکھے ہیں۔ وہ ضرور اختیار کیئے وگرنہ ناکامیابی ہونے کی صورت میں عامل یا اس نقش کو استعمال کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس لئے نہایت کامل پرہیز کرنی ہوگی۔ پھر دیکھے کہ کیا اثرات رونما ہوتے ہیں۔ بے شک ان نقوش کے اثرات میں کوئی شک نہیں ہے۔

نقوش بسم شریف اور مثبت و منفی نتائج

ण अरख़गएश: ৮ईशळईअळळअ: अऊड
ळअश৮अ৺ ए ळअणफ़ई ण৺अईझ

آگے درج بسم شریف کے چھ نقوش درج ہیں۔ جو نہایت ہی سریع التاثیر ہیں۔ ان کو اس وقت کے عاملان استعمال کیا کرتے تھے اور ان سے سو فیصد کام لیا کرتے تھے۔ جس کے اثر سے ضرور بر ضرور کام ہوتا ہے۔ اور ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ان کو استعمال کیا ہو اور کام نہ ہوا ہو اگر اس کی تیاری میں کوئی نقص اپنے ہاتھوں سے پیدا ہو تو اس میں قصور عامل یا بنانے والے کا ہے۔ اب آگے ایک ایسا نقش بسم اللہ شریف سے منسوب ہے۔ جو دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہوگا۔ اس بات کا چیلنج اور اس کتاب کے اصل ہونے کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔ اس نقش کو دینی و دنیاوی ہر مقصد کیلئے لکھ کر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اور اس سے ہر نیک کام کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی شک کرے تو وہ سب سے پہلے اس نقش کی اس طرح آزمائش کرے کہ سب سے پہلے آدھ کلو بکرے کی کلیجی لے کر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرے اور اس نقش کو عروج ماہ میں جو کوئی بھی مقصد ہو اس کے مطابق نقش کے اندر جیسے کہ لکھا گیا ہے۔ لکھے اور اس کو گلے، بازو، یا اپنے پاس رکھنے سے پہلے اس گوشت کو چیلوں کے آگے ڈال دے اور خود اس نقش کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کر لے۔ نقش کو لکھنے میں زعفران کا ستعمال کیا جائیگا۔ ویسے اس نقش کو گھر کی حفاظت، دکان کی حفاظت، اپنے جان و مال کی حفاظت، ترقی رزق، زن و شوہر کا باہمی اتفاق، اور اس کے علاوہ جتنے بھی نیک مقاصد ہیں۔ وہ لکھ کر گلے میں بھی پہنایا جائے اور ضرورت پڑنے پر پلایا جائے اس طریقے کو اس طرح استعمال کیا جائے کہ جب حب کیلئے کرنا ہو تو محبوب کا نام اور مقصد لکھ کر اپنے گلے میں اور ایک کو میٹھی شے میں پلایا جائے۔



۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

۲۶۵	۲۶۰	۲۶۱
۲۵۸	۲۶۲	۲۶۶
۲۶۳	۲۶۴	۲۵۹


خانہ تباہی دشمنان

اگر دو افراد میں تفرقہ، جدائی، مغلوبی دشمنان، طلاق، زبان بندی، عقل بندی، شہوت بندی، ہنستے بستے افراد کو ناگہانی مصائب و پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے، ایک گھر یا کئی گھروں میں فساد ڈلوانے کیلئے، اس نقش کو دن ہفتہ یا منگل قمر وزحل میں نظر تربیع یا مقابلہ ہو جب زحل کے ۲۷، ۳۰ یا ثور کے ۱۱ یا جوزا کے ۵، ۱۹ یا سنبلہ کے ۴ درجہ پر مستقیم ہو اور قمر سے نظر تربیع ہو تب اس نقش کو سرسوں کے تیل میں نیلی یا کالی سیاہی ملا کر تھوڑا سا سرکہ ڈال کر ایک عدد سیہہ کے تکلے سے لکھے اور جو پتلے دونوں اطراف بنے ہیں۔ ان کے دل کے اوپر نام مطلوب مع والدہ اور نام مع والدہ مع سائل دونوں لکھے جب نقش مکمل ہو جائے تو ایک عدد دیسی مرغ کا دل اور ایک دیسی مرغی کا دل یہ اس صورت میں جب دو میں نفاق فساد اور طلاق کروانی ہو اگر فریقین میں سے دونوں ہی مرد یا دونوں ہی عورتیں ہوں۔ تو پھر اس مقصد سے دو دل صرف نر یا صرف مادہ کے لے کر اس نقش کو تیار کرنا ہوگا۔ نقوش کو بند کرنے سے پہلے بلادر نوشادر شنگرف گندھک اور گوگل کی دھونی اتنی دی جائے کہ ان کاغذوں میں رچ بس جائے پھر تعویذ کی طرح بند کر کے پلاسٹک میں لپیٹ کر دل کے ساتھ رکھ کر تین سوئیاں اس طریقے سے گرم کر کے لگائی جائیں جس پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف ہر سوئی پر پڑھی ہو ان تین سوئیوں کو اس طریقے سے لگایا جائے کہ تعویذ سے گزر کر دل میں گھس جائے اس طرح عمل کرنے کے بعد ان نقوش کو قبرستان میں صاف جگہ پر دفن کیا جائے جو مقاصد اوپر درج کئے ہیں۔ ان میں سو فیصدی کامیابی حاصل ہوگی۔ اور ناکامی شرطیہ کسی بھی صورت میں نہیں ہوگی۔ کسی عورت کو بانجھ کرنے کیلئے ایک پتلے پر اس عورت کا نام مع والدہ اور اس کے شوہر کا نام مع والدہ لکھ کر اوپر بیان طریقے کے مطابق عمل کیا جائے عورت بانجھ ہو جائے گی۔ اور دنیاوی چاہے کتنے بھی علاج کر والے اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہیگی۔ اگر کسی گھر میں فتنہ وفساد برپا کرنا ہو تو جو

بڑے گھر کے سربراہ ہوں صرف ان کے نام دونوں پتلوں کے مع والدہ لکھ کر بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل کر کے ان کے گھر میں ہی دفن کر دیا جائے چند دنوں کے اندر ہنستا بستا گھر اجڑ جائیگا۔ دو پیار کرنے والوں کے دل میں نفاق اور دشمنی پیدا کرنے اور ان کے درمیان خونی عداوت ڈلوانے کیلئے اس نقش کے اندر بنائے گئے پتلوں کے دلوں پر نام دونوں افراد کا مع والدہ اور عمل اسی طریقے سے کر کے ان میں سے کسی ایک کے گھر میں دفن کر دیا جائے نتیجہ خود بخود سامنے آجائیگا۔ مغلوبی دشمن کیلئے ایک پتلے پر دشمن کا نام مع والدہ اور ایک پر اس کی ماں کا نام مع والدہ لکھ کر بتائے گئے طریقے کے مطابق عمل کر کے اس عمل کو آگ کے پاس اس طریقے سے دفن کیا جائے کہ صرف آگ کی حرارت پہنچتی رہے۔ طلاق کروانے کیلئے ایک پتلے پر نام دلہن مع والدہ اور ایک پر نام دولہا مع والدہ لکھ کر پہلے والے طریقے کے مطابق عمل کر کے اس عمل کو آگ جلنے والی جگہ پر احتیاط سے رکھا جائے تاکہ آگ نہ جلائے صرف حرارت پہنچے چند دنوں میں ایسے اسباب پیدا ہونگے جس سے طلاق ہو جائے۔

اسی عمل کا توڑ

اگر کوئی ویسے ہی اس عمل کو کر بیٹھے یا کوئی پہلے سے اس عمل کی تسخیر میں مبتلا ہو چکا ہو تو سب سے پہلے بنائے گئے بسم اللہ شریف والے نقش کو مٹی کی کنالی پر خود کالی سیاہی سے بنایا جائے اور اس میں گلاب کا عرق ڈل کر مریض کو پلانے کے بعد اسی وقت سادہ پانی ڈال کر مریض کے ہاتھ پاؤں اور سر پر ڈالا جائے پانی کی بے ادبی نہ کی جائے سات دن اس عمل کو کیا جائے آٹھویں روز اس نقش کو دوبارہ زعفران سے لکھ کر نام مریض مع والدہ لکھ کر مریض کے گلے میں پہنایا جائے اسی عمل کا توڑ ہو جائیگا۔ اور آئیندہ کیلئے اس کی تسخیر سے نکل جائے گا۔ لیکن اس کے ساتھ مسلسل ہر وقت زبان پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بکثرت ورد کرتے رہنا چاہیئے۔


بسم اللہ
عزرائیل
فلاں بن فلاں
الرحمن الرحیم
عداوت
فلاں
فلاں بن فلاں
فلاں

۱۰۱ مقاصد کیلئے

१०१ मक़ासीद कलिये

آگے درج بسم اللہ شریف کا نقش درج ہے۔ جسے دنیا کے کسی بھی معاملے میں لکھ کر آزمایا جا سکتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی رجعت میں گرفتار ہو بہت پریشان رہتا ہو کسی کو اپنے الجھن یا پریشانیوں میں مبتلا ہونے کے اسباب معلوم نہ ہوں کوئی خواہ کسی بھی مقصد کیلئے پریشان ہو اور اس کا مقصد حل نہ ہوتا ہو کوئی ملک سے باہر جانے میں کامیاب ہونا چاہتا ہو اور وہاں خوش حال رہنا چاہتا ہو اگر کوئی پردیس میں پریشان حالی کا شکار ہو جائے اور اس کا کاروبار مسلسل نقصانات کی نظر ہوتا ہو کسی کو حاسد یا دشمنوں کے ہاتھوں نقصانات پہنچتے ہوں اور اس کا کوئی مستقل حل نہ نکلتا ہو اپنے گھر و کاروبار کو اللہ کی پناہ میں کروانے اور اللہ کی رحمت برسوانے کیلئے اس نقش کو نو چندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے سفید کاغذ پر زعفران پر اتنا ہی بڑا لکھے جتنا کتاب میں بنا ہوا ہے اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اسے گھر یا دکان کی چوکھٹ کے اوپر لٹکا دے اللہ کے حکم سے گھر و دکان اللہ کی حفاظت میں ہوگا اور بدعناصر کا خود بخود خاتمہ ہوگا۔ یہ کامل نقش ہر حال میں اپنے سو فیصدی اثرات دکھا کر کامیابی دلوائے گا۔ دوسرے مقاصد میں اس نقش کو اپنے مزاج کے مطابق لکھے جیسا کے پچھلے صفحات میں آسان الفاظ میں بتایا ہے۔ اور اسے اپنے گلے یا بازو پر اس طریقے سے باندھے کہ اگر کوئی خاتون ہو تو اسے الٹے بازو پر باندھے اور اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر باندھے اور اس کا ہدیہ پانچ روپے کسی اللہ کے نام پر مانگنے والے کو دے۔ اس نقش کا ہدیہ بھی ادا ہو جائیگا۔ اور اس کا اثر بھی چل پڑیگا۔


بسم				ب	ب				اللہ
		س	س	س	س	س	س		
			م	م	م	م			
				ا					
			ل	ل	ل				
		ھ	ھ	ھ	ھ	ھ			
				ا					
			ل	ل	ل				
				ر	ر				
	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	
			م	م	م	م			
			ن	ن	ن	ن	ن		
				ا					
			ل	ل	ل				
			ر	ر	ر	ر			
	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	ح	
ی	ی	ی	ی	ی	ی	ی	ی	ی	ی
الرحمٰن			م	م	م	م			الرحیم

نقش عجیب اثرات

नक़्स्ह अजीब इस्रात

آگے درج نقش بسم اللہ شریف کے ایسے عجیب اثرات ہیں جس کی تشریح کسی بھی حال میں ممکن نہیں ہے۔اس بات کا دعویٰ ہے کہ اگر کسی کا کوئی بھی کام نہ ہوتا ہو تو وہ حسب توفیق کسی میٹھی سفید شے مثل کھیر یا فرنی کے پکائے اور تھوڑا سا زردہ پکائے اور انہیں اپنے سامنے رکھ کر اس نقش کو نو چندی اتوار والے دن لکھے اور لوبان و صندل کو جلا کر اس کی دھونی اس نقش کو دے بعد نقش ختم ہونے کے ان اشیاء کو بچوں میں تقسیم کر دے اور اس نقش کو سبز کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک چمڑے میں محفوظ کر واکر اسے اپنے گلے میں باندھے لیکن اس سے پہلے اپنے مختصر سے مقصد کو ضرور لکھے۔ اور خود دیکھ لے کہ جس مقصد کیلئے اس نقش کو لکھا تھا۔ وہ کیسے با آسانی ممکن ہو گیا۔ برائے تیغ بندی کامل کیلئے اس نقش کو دریا کے کنارے چاند کی چودہ تاریخ والے دن بوقت رات گیارہ بجے لکھے اور اس کے نیچے یا ارد گرد اپنا مقصد لکھ کر اسے ببر شیر کے چمڑے کو پاک و صاف کر کے اس میں رکھوا کر اپنے گلے میں باندھے اپنے گلے میں باندھنے سے پہلے اس کی آزمائش کسی جانور کے گلے میں باندھ کر کرے۔ اگر اس جانور پر کسی ہتھیار کا اثر نہ ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ نقش بالکل ٹھیک طریقے سے تیار ہو گیا ہے۔ اگر جانور کو کوئی نقصان پہنچ جائے تو پھر سے نقش کو تیار کیا جائے۔ لیکن جب نقش بالکل تیاری کے مراحل سے گزر جائے تو اسی جگہ نقش کو کھول کر اس پر ننگے سر کھڑے کو بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی مرتبہ ضرور پڑھے پھر جیسے لکھا ہے ایسے ہی کرے اثرات بالکل سامنے واضح ہونگے۔ گھر و دکان میں برکت اور حصول ترقی رزق و روزی کیلئے چاند کی چودہ تاریخ کو ایک ایک نقش علیحدہ علیحدہ لکھے۔ یعنی ایک ماہ میں ایک نقش ہی تیار ہو گا۔ اس طریقے سے صرف سبز ریشمی کپڑے کو اوپر چڑھا کر اسے

اپنے روپے رکھنے والی جگہ پر رکھے اور ایک کے پیچھے سبز رنگ کا کپڑا لگا کر شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اسے اپنی دکان یا مکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے بتانے کی ضرورت نہیں جو کچھ اس کی برکت سے رونما ہوگا۔ وہ سامنے آجائیگا۔ اس نقش کا عامل بننے اور اس کے ذریعے کامیاب خود ہونے اور کسی دوسرے کو کروانے کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء اس نقش مبارک کو پانچ مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر جمع کرتا جائے ایک ہفتہ رکھ کر اسے دریا یا تالاب میں مچھلیوں کو ڈالتا جائے اور اس کے بعد خود جس جگہ نقوش کو بنایا تھا۔ بسم اللہ شریف کو روزانہ ہی سات سو چھیاسی مرتبہ ورد کیا کرے اور اللہ کے حضور اپنے اس عمل کی کامیابی کی دعا کرے۔ اگر عامل بن گیا تو دنیا میں کسی اور نقش کی ضرورت ہی نہیں رہیگی۔ دینی و دنیاوی کاموں کی فراخی و ترقی کشائش رزق و روزی کیلئے صرف ایک نقش ہی کافی ہے۔ جس کسی کو بھی لکھ کر دے گا اسی وقت اس کے اثرات چلنا شروع ہونگے۔ اگر کوئی اس نقش کو تیار کر کے نماز پڑھنے والی جگہ اور مصلے کے نیچے سجدہ کرنے والی جگہ پر رکھ کر نماز اور بعد نماز کے بسم اللہ شریف کا ورد کرے تو اللہ سے جو چاہے گا وہی پائیگا۔ جس کسی کیلئے جو کوئی بھی دعا کریگا اللہ رب العزت ضرور پوری فرمائیں گے۔ بچوں کی بدتمیزی دور کرنے اور ہر طرح کی بیماری کے خاتمے کیلئے کسی بھی وقت اور ساعت میں اس نقش کو دو عدد سفید کاغذ پر زعفران سے لکھا جائے ایک کو بچے کے گلے میں باندھا جائے اور ایک کو سات دنوں تک پلایا جائے اللہ کے فضل سے بچہ و بڑا جس کسی کیلئے اس کو تیار کیا جائیگا وہ مقصد پورا ہوگا۔ صرف یہی نہیں کہ بچوں کیلئے صرف بدتمیزی ہی دور ہو بلکہ دنیاوی ہر مقصد کیلئے اس نقش کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھ کر کسی کو بھی باندھنے کیلئے دیا جا سکتا ہے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حل المقاصد

हाल उल मक़ासीद

زبردست قسم کا نقش بسم اللہ شریف کا آگے درج ہے۔ جس کے بے بہا خواص ہیں یہاں ضرورت کے مطابق کرنے والے خواص سے مطلع کیا جاتا ہے۔ کسی کے دل کی بات کو زبان پر لانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اس کے نیچے اپنا مقصد اور جس سے راز اگلوانا ہے۔ اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اس مرد یا عورت کے سوتے میں سینے پر رکھ دیا جائے اور خود اس کی باتوں پر متوجہ ہوا جائے اللہ کے حکم سے جو کچھ اس کے سینے میں ہوگا۔ وہ اگل دیگا اور جو کچھ اس سے پوچھنا ہوگا وہ بتائے گا۔ اگر کسی غائب کے آنے کیلئے نقش کو استعمال کرنا ہو تو اسے لکھ کر ہوا میں لٹکایا جائے جہاں کہیں بھی ہوگا۔ اس کا دل ہوا میں اڑے گا اور اسے صرف واپس آکر ہی چین ملے گا۔ شوہر عورت سے یا عورت شوہر سے یا معشوقہ دور کرنے کیلئے اس نقش کو مشک و زعفران۔ سے لکھ کر عطر مل کر کسی ایسی جگہ دبائے جہاں آگ جلتی ہو نقش جلنا نہیں چاہئے صرف حرارت پہنچے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دشمن و حاسد افراد کو اپنے حق میں کرنے اور ان سے صلح وصفائی کے ساتھ رہنے کیلئے اس نقش کو لکھ کر کسی میٹھی شے میں گھول کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے اگر سو سال کی بھی دشمنی ہوگی۔ تو اس کے کامل اثرات سے اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور دشمن اپنی دشمنی ترک کرنے پر مجبور ہو جائیگا۔ اگر دشمن کہیں دور رہتا ہو اور اسے پلانا ممکن نہ ہو تو اس نقش کو آگ کی حرارت پہنچائے اور اس کا نام مع والدہ اور مقصد ضرور لکھے۔ اگر کسی پر سحر و جادو کر دیا گیا ہو تو اس نقش کو سات دنوں تک کسی مٹی کی کنالی یا پیالے کے اندر لکھ کر پلایا جائے اور اس کے سر پر اس پانی کی مالش کی جائے سحر و جادو کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ پھر اس نقش کو اس کے


گلے میں باندھ دیا جائے۔اگر کوئی ایسی بیماری پیدا ہوجائے جس کا علاج ممکن نہ ہو یا علاج اپنا اثر نہ دکھاتا ہو تو اس نقش کو چار عدد ایک ہی وقت میں عصر اور مغرب کے درمیان والے وقت میں بنائے ایک کو مریض کے بالکل سامنے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر لٹکا دے ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو دن کے کئی حصوں میں وقفے وقفے سے پلائے ایک کو مریض کے تکئے کے نیچے رکھ دیا جائے ایک کو مریض کا نام مع والدہ لکھ کر اسکے گلے یا بازو پر باندھے دیکھنے والی آنکھیں دیکھیں گی کہ مریض کسی طرح چند دنوں کے اندر صحت یاب ہوا ہے۔حاملہ کے حمل سے لے کر پیدائش ہونے تک اس نقش کو پہلے ہی ماہ حمل میں زعفران سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر دیا جائے اور اس کے نیچے نام حاملہ و ماں لکھ کر دیا جائے تا کہ وہ اسے اپنے گلے یا الٹے بازو پر باندھے جب پیدائش ہو جائے تو اس نقش کو اتار کر بچے کے گلے میں باندھا جائے اور جب بچے کے بال اتارے جائیں تو اس نقش کو اتار کر چلتے پانی میں بہا کر پھر نیا نقش لکھ کر دیا جائے جس میں نام بچہ مع والدہ دونوں لکھ کر اس کے گلے میں باندھا جائے۔درد شقیقہ اور جس کے سر میں بہت شدید درد رہتا ہو۔اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے مٹی کے پیالے میں رکھ کر اس میں گلاب کا عرق ڈال کر اس کو پلایا جائیاور پلانے سے پہلے اس میں سے تھوڑا سا سر پر رکھ کر اس کی مالش کی جائے تا کہ گلاب کا عرق مساموں کے اندر جائے اللہ کے حکم سے زندگی میں کبھی درد نہیں ہوگی۔اگر اس عمل میں ایک دن میں کوئی فرق نہ پڑے تو اس نقش کو لکھ کر زیتون یا سرسوں کے تیل میں سیدھا رکھا جائے اور اس تیل کی مالش کی جائے لیکن اسے رکھنا مٹی کے پیالے میں ہی ہوگا۔بفضل خدا شفاء ہوگی۔چھوٹے و بڑوں کی بدتمیزی روکنے کیلئے ان کے گلے میں باندھا جائے۔


بسم
الله
الرحمن
الرحیم
۷۸۶
۷۸۶

نقش کامل بسم اللہ

नक़स्ह कामील बेस्मील्ला

آگے درج نقش اتنا زبردست ہے کہ اس کے خواص کا احاطہ کرنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ استقرار حمل کیلئے اگر اسقاط کا خون جاری ہو تو ایک عدد سرخ دھاگے کو سات مرتبہ اس کے قد کے برابر ناپ لیا جائے اور اس کے درمیان میں انیش مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر گرہ دیں۔ اب ارد گرد کل اکیس گرھیں انیس انیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر لگائی جائیں۔ پھر اس نقش کو زعفران سے بروز جمعرات کے دن تیار کیا جائے اور اسے چمڑے میں کندہ کروا کر اس دھاگے میں باندھا جائے۔ اور اسے حاملہ کے گلے میں باندھا جائے اللہ کے حکم سے اسقاط نہیں ہوگا۔ اور پیدائش ضرور ہوگی۔ خواہ پیدائش کی بندش میں کوئی بھی عمل یا جادو ہی کیوں نہ کیا گیا ہو۔ قیدی کو قید سے رہا کروانے کیلئے روزانہ رات کو بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف قیدی کا مکمل تصور باندھ کر پڑھی جائے اور آٹھویں روز اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس قیدی کے سیدھے بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے غیب سے اس کی رہائی کے وسیلے بنیں گے اور ضرور رہا ہوگا۔ اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اولاد نرینہ کے حصول کیلئے اس نقش کو دو مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر بنایا جائے ایک کو حاملہ کے گلے اور دوسرے کو سات دنوں تک پیا جائے پھر پینے والا نقش بنایا جائے اور سات دنوں تک پیا جائے اسی طرح اکیس دنوں تک نقش کو پیا جائے اور گلے میں باندھنے والا صرف بندھا رہے بفضل خدا اولاد نرینہ ضرور ہوگی۔ عورت کا دودھ اگر کم ہو جائے یا دودھ اترے نہ یا دودھ کو کسی کی نظر لگ جائے جس سے بچے کا پیٹ نہ بھرتا ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھا جائے دودھ کھل کر آئیگا۔


جبرائیل
عزرائیل
بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
فلاں
فلاں
فلاں
فلاں
بسم
اللہ
الرحمن
الرحیم

نقش سورۃ یسین شریف

नक़्स्ह स्ज़राह यसीन स्हारीफ़

سورۃ یسین شریف کے کل اعداد ابجد (۲۱۵۶۵۲) ہیں۔ اور اسماء موکلات کے عدد اس کے علاوہ ہیں اور اس سے باہر ہیں یہ سورۃ قرآن مجید کی جان ہے اور چونکہ مکمل سورۃ کا حرفی نقش یہاں لکھا نہیں جا سکتا اس لئے عددی نقش کو لکھا جاتا ہے۔ جس کے فضائل وخواص یہاں مختصر بیان کئے ہیں۔ چاند کی پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء سورۃ یسین شریف کو سات مرتبہ پڑھ کر اس نقش کو لکھا جائے اور اس دوران کسی سے کوئی بھی بات نہ کی جائے جب نقش تمام ہو جائے تو اس پر دم کر کے اس کے پیچھے جو بھی مقصد لکھے گا اسی وقت پورا ہوگا۔ انشاء اللہ جس دن اس نقش کو لکھنا ہوگا اس دن روزہ ضرور رکھنا ہوگا۔ حفاظت شر شیطان و جنات وخبیث کی کاروائیوں کو روکنے کیلئے اس نقش عظیم کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس کے نیچے نام سائل مع والدہ اور ایک مرتبہ سورۃ یسین مبین در مبین پڑھ کر دم کی جائے اور صندل کے بخور کی دھونی دی جائے اور گلے یا گھر میں لگایا جائے اللہ کے حکم سے شر شیطان اور خبیث اروح کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی شیطان صفت عامل یا حاسد نے کسی مرد یا عورت کی شہوت کو باندھ دیا ہو جس سے وہ وظیفہ زوجیت کرنے سے محروم ہو گیا ہو تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورۃ یسین شریف کو پڑھ کر دم کیا جائے اور مریض کے گلے میں پہنایا جائے اور روزانہ تھوڑے سے شہد پر ایک مرتبہ سورہ یسین اسی وقت پڑھ کر مریض کو کھلائی جائے شہوت کھل جائیگی اور آیندہ کیلئے محفوظ ہوگا۔ بند پیشاب کو کھولنے کیلئے نقش کو مٹی کے پیالے پر کالی سیاہی سے لکھا جائے اور اس میں گلاب کا عرق ڈال کر مریض کو پلایا جائے اور ایک نقش باندھا جائے۔

جبرائیل عزرائیل

سلام	علی	آل	یسین

۲۴۵ ۱۰۱

۴۳۱۱۸	۴۳۱۴۳	۴۳۱۳۷	۴۳۱۳۱	۴۳۱۲۴
۴۳۱۴۴	۴۳۱۲۵	۴۳۱۱۹	۴۳۱۳۹	۴۳۱۳۸
۴۳۱۴۰	۴۳۱۳۳	۴۳۱۳۳	۴۳۱۲۶	۴۳۱۲۰
۴۳۱۲۷	۴۳۱۲۱	۴۳۱۴۱	۴۳۱۴۵	۴۳۱۲۹
۴۳۱۳۶	۴۳۱۳۰	۴۳۱۲۳	۴۳۱۲۲	۴۳۱۴۲

۳۸۲ ۳۱۹

سلام	علی	آل	یسین


میکائیل اسرافیل

سلام				قول
	من		من	
		من		
	من		من	
رب				الرحیم

نقش وطلسم چہار قل شریف


اس نقش کے کامل فوائد و اثرات دیکھنے کیلئے جیسے نقش بنایا گیا ہے بالکل ایسے ہی بنایا جائے وگرنہ ہوسکتا ہے کہ اثر نہ ہو۔ کیونکہ یہ نقش چہار قل شریف کا ایسا نقش وطلسم ہے۔ جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو وسحر ایک پل بھی نہیں ٹھہرتا سینکڑوں مرتبہ اس نقش کامل کی آزمائش کی گئی ہے۔ اور جب بھی استعمال کیا ہے۔ اس کے اثرات ہی دیکھے ہیں۔ کبھی ایسا ہرگز نہیں ہوا کہ اس نقش کو کسی کو لکھ کر دیا ہو اور اس کا اثر نہ ہوا ہو اور نہ ہی کبھی ایسا دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ جادو میں مبتلا مریض کو اس کی بدولت شفاء نہ ملی ہو۔ ہمیشہ جادو سے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر بنا کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھا جائے اور اگر جادو بہت زور میں ہو تو پہنانے کے ساتھ ایک کو سادے پانی میں گھول کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے اس نقش وطلسم کی بدولت شفائے کاملہ ضرور ملے گی۔ اس کے علاوہ اگر کسی کا بغیر کسی وجہ کے خون نکلتا ہو جیسے نکسیر ایام حیض کے علاوہ خون کا بہتے رہنا وغیرہ میں اس نقش کو اپنے پہنے ہوئے کسی کپڑے پر کالی یا نیلی سیاہی سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھا جائے اسی وقت خون کی بندش ہوگی۔ عامل بننے کیلئے روزانہ سات نقش لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنا کر مچھلیوں کو ڈالی جائیں اور کسی سے اس کا ذکر نہ کیا جائے اگر اس نقش کی ضرورت دوران زکات بھی پڑ جائے تو لکھ کر دیا جاسکتا ہے لیکن اس سے زکات کے متعلق کبھی نہ بتایا جائے اگر کوئی مبتلائے سحر و آفات و بلیات ہو تو اس نقش کو دیسی مرغ کے دل کے خون سے لکھا جائے اور اس کے نیچے نام مع والدہ مریض کا اس کے خون سے لکھا جائے اور اس کے گلے میں پہنایا جائے بحکم خدا سو سال پرانا جادو بھی توبہ کریگا۔ آگے جن فلیتہ جات کا ذکر کیا ہے جنہیں جنات، آفات، آسیب اور دیگر نورانی مخفی مخلوق خواہ وہ نقصان پہنچاتی ہو یا کسی کے اندر حاضر ہو کر ہم کلام ہوتی ہو۔ ان کو جلا کر اگر صرف یہی ایک نقش بتائے گئے طریقے سے مریض کے گلے میں باندھ دیا

جائے اور اسے پینے کیلئے دیا جائے تو بحکم خدا زندگی میں کبھی بھی پلید یا اچھی روح ستانے یا پریشان کرنے کی غرض سے نہیں آئیگی ۔ یہ نہایت ہی کامل اور زبردست نقش ہے۔ بعض اوقات جادو کی بنیاد یا بچپن سے ہی کئی خواتین ایسی ہوتی ہیں جن کے سر پر کسی بزرگ نما ہوائی شے کا سایہ ہوتا ہے جس سے وہ عورت زندگی میں زیادہ سے زیادہ نقصان میں مبتلا رہتی ہے۔ اور اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی ان خواتین کیلئے یہ نقش کسی کرامت سے کم نہیں اسے نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر بنایا جائے اور حاملہ کے گلے میں باندھا جائے جو بھی سایہ ہوگا۔ وہ جان چھوڑ دیگا اور اولاد ضرور ہوگی۔ اس نقش کے ذریعے دنیاوی ہر مقصد میں کامیاب ہونا اور کسی مشکل سے اسی وقت نجات حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو اسی وقت کالی یا نیلی سیاہی سے لکھا جائے ایک کو اندر دو روپے والا ٹھیپہ رکھ کر بند کر کے کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر اپنا مقصد اپنا نام مع والدہ لکھ کر سر کی طرف رکھ دے یا کسی شے سے باندھ دے پھر واپسی پر آتے ساتھ ایک نقش اور اسی طریقے سے لکھ جائے اسی گیسی غبارے کے ساتھ باندھ کر اڑایا جائے اور خود اس عمل کی آزمائش کر لی جائے کہ بوقت مشکل یا مصیبت کس طرح یہ کام آیا ہے۔ اس عمل کی بارہا مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے۔ اور جب بھی آزمایا ہے بالکل ٹھیک پایا ہے۔ اگر کوئی کسی دشمن کو سزا دینا چاہتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی کے اندر سرکہ ڈال کر لکھے اور دشمن کا نام مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ اور درمیان میں مختصر سا مقصد لکھ کر اسے دو مٹی کے ٹھیکروں کے درمیان رکھ کر کسی آہنی تار سے لپیٹ کر کسی تنور میں پھینک دے دشمن اپنے وجود میں آگ محسوس کریگا۔ جب تک تندور بھڑکا رہیگا تب تک اس پر کسی بھی عمل کا اثر نہیں ہوگا۔ اور جیسے ہی تندور بند کر دیا جائیگا تب اسی سکون مل جائیگا۔ اس عمل کو نہایت ہی جائز جگہ استعمال کریں۔ وگرنہ عذاب عمل کرنے والے کے سر ہوگا۔ نہایت ہی جلالی نقش و عمل ہے۔ اس لئے حصار پہلے کر لی جائے۔


قل اعوذ برب
الناس ملك الناس
اله الناس من شر
الوسواس الخناس
الذی یوسوس فی
صدور الناس من
الجنة والناس
قل اعوذ برب
الفلق من شر ما
خلق ومن شر
غاسق اذا وقب
ومن شر النفثت
فی العقد ومن
شر حاسد اذا
حسد
قل هو الله احد
الله الصمد لم
یلد ولم یولد ولم
یکن له کفوا
احد
قل یایها الکفرون
لا اعبد ما
تعبدون ولا انتم
عبدون ما اعبد
ولا انا عابد ما
عبدتم ولا انتم
عبدون ما اعبد
لکم دینکم
ولی دین

نقش کلمہ شریف

یہ ایسا باکمال نقش مبارک ہے۔ جس کی بدولت انسان دنیا میں کوئی بھی ایسا کام اس کے ذریعے سے کرواسکتا ہے۔ جو دنیا میں ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہو۔ اس نقش کو اگر کوئی ویسے ہی نوچندی جمعرات والے دن بروز صبح سورج طلوع کے وقت زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو یا گلے میں باندھ لے تو اس پر دنیا کا کوئی بھی ساحر جادوٹونہ نہیں کر سکے گا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والے کو دنیا کا کوئی بھی انسان کسی اوزار یا ہتھیار وغیرہ سے قطعاً نہیں مار سکے گا۔ بلکہ وہ جب بھی مرے گا اللہ کی طرف سے آئی ہوئی موت سے مرے گا۔ حاملہ خواتین اس نقش کو بالکل اسی طریقے سے تیار کر کے اپنے گلے میں باندھیں اس سے بچہ وماں دونوں ہر قسم کی آفات، ام الصبیان، جموگہ اور اس سے دیگر جتنے بھی پیدائش کے دوران حادثات اکثر واقع ہوتے ہیں۔ ان سے محفوظ ہوا جا سکے گا۔ دنیاوی ہر کام میں فتح حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو چاندی کی انگشتری کے نیچے رکھوا کر اسے اپنی سیدھی انگلی میں باندھے اس عمل کی بدولت بے بہا فتوحات وترقیاں ہونگی۔ اور غیب سے رزق کی فراخی کے وسائل بنتے چلے جائیں گے۔ خاص طور سے تیغ بندی کرنے کیلئے اس نقش کو چار رجب والی تاریخ کو چلتے پانی کے اندر ناف کے مقام تک اندر جا کر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کا نام مع والدہ ضرور لکھے۔ جس کیلئے اس نقش کو تیار کیا گیا ہے۔ وہ اسے چاندی کے بنے ہوئے نقش میں محفوظ کروا کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اسے کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ جب بھی نفع یا نقصان ہوگا۔ خاص اللہ کی طرف سے ہی ہوگا۔ اصل میں جب ان قوائد پر عمل کر کے اس نقش کو لکھتا ہے۔ تو اس کا ایک مطلب سیدھا یہی نکلتا ہے۔ کہ اس شخص کی پشت پر سیدنا جبرائیلؑ السلام کا ہاتھ ہو جاتا ہے۔ جو دشمنوں سے بچاتے ہیں۔


جبرائيل
جبرائيل
لا اله الا الله
اله الا الله محمد
الا الله محمد رسول
الله محمد رسول الله

سلسلہ جنات




सील्सील f जीनात

اس حصے میں جنات کے حاضرات کے سو فیصد نسخے ہیں۔ جس سے اس دنیا میں کئی عامل مستفیض ہوتے رہیں ہیں۔ اوران سے دنیاوی کاموں میں مدد حاصل کر کے کئی اقسام کے کام لیا کرتے تھے۔ ان نسخہ جات کو بالکل اصل حالت میں بیان کر دیا ہے۔ جس پر عمل کر کے کوئی بھی عامل جنات بن سکتا ہے۔ اوران سے دنیاوی کاموں میں مدد حاصل کر سکتا ہے۔ چونکہ قوم جنات ایک زبردست قوم ہے۔ جو کوئی بھی کام کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی بھی جنات کی تسخیر کا طالب ہو تو وہ چالیس دنوں تک مکمل خلوت اختیار کرے اور پرہیز جلالی و جمالی ضرور کرے اور سب سے پہلے اس عمل میں قدم رکھنے والا فرد حروف ابجد میں سے اپنا نام مع والدہ کے نکالے اور انہیں بارہ پر تقسیم کرے پھر جو برج اخذ ہو اس کے مطابق آگے متعلقہ عزیمت کو پڑھے لوبان و گوگل کو کوئلوں پر دھکائے اور اس دوران کیا کرنا ہوگا۔ وہ یہاں اچھی طرح سے سمجھ لینا چاہئے۔ پڑھنی والی عزیمت کو سوا لاکھ کی تعداد کے مطابق چالیس دنوں کے اندر ضرور پڑھنا ہوگا۔ اور جب سب کچھ مکمل قوائد و شرائط کے مطابق کیا جائیگا۔ تو تین دنوں کے بعد تمام عالم سرخ دکھائی دیگا۔ درو دیوار، جامہ تن بدن اپنا پرایا سب اشیاء بالکل لا سرخ کی ہو جائینگی۔ اس معاملے میں ذرا بھی خوف نہیں کرنا چاہئے ورگرنہ الٹا نقصان ہوگا۔ ایسے عجائبات دیکھ کر صرف اپنی پڑھائی پڑھنے میں مشغول رہنا چاہئے۔ آٹھویں

دن دو افراد پڑھنے والے کے پاس آئیں گے اور کہیں گے کہ اے فرزند آدم تیرا اس دعوت و چلہ سے کیا مقصد ہے۔ اگر کوئی بھی مقصد یا کوئی کام ہے تو اٹھ اور ہمیں بتا تا کہ ہم تیرا وہ مقصد پورا کریں۔ ان باتوں پر کبھی بھی کان نہیں دھرنے چاہئیں بلکہ اسی عزیمت کو اور زیادہ بلند آواز کے ساتھ پڑھنا چاہئے اگر ان کی باتوں پر عمل کر لیا تو یہ ہوسکتا ہے کہ عامل کو جان سے بھی مار دیں۔ تیرھویں دن ایک مرغ سرخ رنگ کا آئیگا جو اڑ کر عامل کے سر پر بیٹھ جائیگا۔ اس حرکت سے بھی گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ وہ کچھ دیر بیٹھ کر اڑ کر چلا جائیگا۔ اس حالت میں عامل کو صرف پڑھائی پڑھنے میں مشغول رہنا چاہئے ستارھویں دن عصر کے وقت ایک شخص برقع پوش بشکل درویش عامل کے پاس آئیگا۔ اور السلام علیکم کہے گا۔ چونکہ ان سب عزیمات و بروج کا تعلق سراسر نوری کلام سے ہے۔ اس لئے صرف اشارے سے اس کے سلام کا جواب دے دیا جائے منہ سے کچھ نہ کہا جائے بلکہ منہ میں پڑھائی پڑھی جائے۔ وہ کچھ دیر کھڑا رہنے کے بعد خود ہی چلا جائیگا۔ ستائیسویں دن اس عزیمت سے متعلق تمام جن وانس پریاں بھوت اور ان کے قبیلے سے تعلق رکھنے والی تمام اشیاء اس عامل کے پاس بروقت حاضر ہونگی۔ اور طرح طرح کی فرمائشیں کہیں گے لیکن ان کی کسی بھی بات کا قطعاً جواب نہ دیا جائے بلکہ پڑھائی میں مشغول رہا جائے۔ وہ کچھ نہیں کر سکتے ہونگے۔ جب اٹھائیسواں دن آئے تو اس مربع کی شکل زمین پر بنائے اور اس میں بیٹھ کر اپنی متعلقہ عزیمت کو پڑھے رات کو سبز چراغ دان پر چراغ روشن کرے اور اس میں روغن زیت یا چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائے اب سات راتوں تک اسی طرح کرے آہستہ آہستہ اس شکل کے اردگرد چار مرد آئینگے اور صاحب عمل سے کہیں گے کہ اے فرزند آدم اٹھ اور اس شکل سے باہر آ اور اپنا مقصد بیان

کر اگر دولت چاہتا ہے تو دولت ابھی ملے گی۔ اگر کسی پر فریفتہ ہے۔ تو تیرا محبوب ابھی تیرے سامنے حاضر کریں گے۔ اگر تیرا کوئی دشمن ہے تو بتا اس کو ابھی ہلاک کریں گے۔ اگر علم حاصل کرنا چاہتا ہے تو بتا اسی طرح دینی و دنیاوی خواہشات کو عامل پر افشا کریں گے۔ لیکن ان کی باتوں میں ہرگز نہیں آنا چاہئے۔ چلہ کے آخری روز شور و شغب عظیم پیدا ہوگا۔ اور دن سے ہی طرح طرح کی مشعلیں اور جلتے ہوئے چراغ گھوڑے پر سوار بصورت مختلفہ نظر آئیں گے۔ رات تک یہی تماشہ دیکھنے میں آتا رہیگا۔ کہ ناگاہ ان کے درمیان ایک سلطان با مہابت شیر پر سوار مع الخدام پر از طبق زرد جواہر برائے نثار مع تیس ہزار پریوں کے صاحب دعوت کے روبرو حاضر ہو کر سلام کریگا۔ صاحب دعوت کو چاہئے کہ تعظیماً یہاں ادب سے کھڑا ہو جائے اور دونوں ہاتھ سینہ پر رکھے اور اشارے سے جواب دے اور زبان سے قطعاً کوئی کلام نہ کرے۔ بادشاہ عرض کریگا کہ اے عامل و عالم ربانی اور اے زبدہ ذریات انسانی والے فرزند آدم خلیفہ حقانی تیرا مطلب کیا ہے۔ صاحب دعوت بیان کرے کہ اے ملک ارواح خدائے خالق اشباح تجھ سے راضی ہو میری فلاں مراد ہے۔ کہ اپنے لشکر کو میری حاجت کیلئے ممد و معاون کرتا کہ جس وقت میں ان کو بلاؤں تو یہ میرے پاس ضرور حاضر ہوں۔ اور معاونت کریں۔ اور نظر اتحاد اور مودت کو مجھ سے نہ پھیریں۔ المقصود وہ اپنے لشکر کو دکھائے گا۔ اور اس کے حکم کا مطیع کرادے گا۔ یہاں سب کچھ مختصر سا لکھا ہے۔ اگر کوئی بھی اس پر عمل کریگا۔ تو بہت آسانی خود بخود اس صورت میں پیدا ہوگی۔ جب تک کوئی اپنے دل کو اپنے قابو میں رکھنے والا ہوگا۔ بخورات جو جلانے ہونگے۔ جو زیادہ اثر پیدا کریں گے۔ سب سے پہلے دوپہر کے وقت نہروں کے کنارے پر جو سبز رنگ کی کائی جمی ہوتی ہے۔ اسے وہاں سے اتار کر

سائے میں خشک کیا جائے، پیپل کے کافی سارے پتے اگر سوکھے ہوئے مل جائیں تو بہت بہتر ہے، چوراہے سے اکیس عدد چھوٹے چھوٹے روڑے، جنہیں چراغ کے گرد گول دائرے میں رکھنا ہے، ویران جگہ سے خاک تنکے اور جو بھی آگ میں جلنے والی شے ہاتھ لگے، کپڑے، خاک، جو جل جائے، تنکے وغیرہ اب سب اشیاء کو آپس میں جمع کر کے کوئلے پر تھوڑا تھوڑا جلایا جائے یہ رجوع جنات کا ایک مخلوط بخور تیار ہے۔ تھوڑی سی یہ اشیاء کوئلوں پر رکھ کر اوپر تھوڑی سی حرمل و گوگل کو بھی ڈالا جائے بس اتنا کچھ جمع کیا جائے جو دوران عمل ختم نہ ہو۔ سب افراد کی سہولت کیلئے جدول حروف ابجد لکھ دی ہے۔ تاکہ عدد نکالنے کے دوران کسی بھی قسم کا کوئی غلطی کا احتمال نہ رہے۔ ایک مرتبہ پھر یہاں دھیان سے سمجھ لیں کہ اعمال جنات کے سلسلے میں سب سے پہلے سائل اپنا نام مع والدہ اس جدول کے ذریعے سے حاصل کرے اور اسے (بارہ) پر تقسیم کرے جو کچھ باقی بچے وہ آگے درج ہے۔ کہ کس عدد کے بچنے پر کونسا برج ہے۔ اسی کے مطابق عمل کی متعلقہ عزیمت کو پڑھا جائے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰



††† برج حمل †††

हामल (۱)

(بسم اللہ الرحمن الرحیم یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوالا تنفذون الا بسلطان اللھم احفظ صاحب الکتاب من کل آفة دعاھة ولا مة ومن شر کل شیطان و شیطانة و جنی و جنیه و غول و ساحر و ساحرة و کاھن و کاھنة اعوذ بکلمات اللہ التامت کلھا من اسماء التامة......ومن شر السامة والھامة قال موسیٰ ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم یا غفور یا رحیم یا رئوف یا ودود یا عطوف یا شکور یا صبور یا حی یا قیوم یا رحیم یا اللہ حضروا جا پردان احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیہ السلام)

برج ثور

रईईर (۲)

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من اسماء العامة ومن شر الھافة والامة و من شر کل عین لامة و سامة ومن شر کل حاسد اذا حسد اعیذ ھذا صاحب الکتاب ھذا اھیا شراھیا و بالحق نزل وبالحق انزلنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم یا سبحانک الرحیم الاکرام سبحانک العلی العظیم یا لا الہ الا انت یا ذالجلال الاکرام)

جوزا

(۳) जैइजा

(بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق ملیخا و ملخو و ملخا و سلنجرا دابار یار انار دابا عواس وذا عادا عین و سیایبطون طوس و طرنبوش اطبتوش ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستتہ ایام ثم استویٰ علی العرش یغشی اللیل والنہار یطلبہ حثیثا والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العالمین اعیذ صاحب ھذا الکتاب بحق صاحب توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور دائود و فرقان محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم یا ارحم الراحمین احضروا علیان بن نعر احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیہ السلام)

طالع سرطان

(۴) सारतान

(بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم اعیذ صاحب الدعوات بحق اھیا شراھیا صیطیطا برح و صکوہ الحی و م ح م د فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم بحق وننزل من القرآن ما ھو شاء و رحمة للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا احضروا خطروش احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیہ السلام)

طالع اسد

اسد (۵)

(بسم الله الرحمن الرحیم یا معشر الجن والانس ان استعطم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان اللهم احفظ صاحب هذا الکتاب من کل آفة و عاهة و من کل عین لامة ومن شر الشیطان وجن وجنة و غول و غول و غولة و ساحر و ساحرة و کاهن و کاهنة اعوذ بکلماته ولو کره المجرمون انه من سلیمان وانه بسم الله الرحمن الرحیم فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا. وبحق الدعاء تمیخا تمسیحا و ممسا احضروا جادو دان احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیه السلام۔

طالع سنبلہ

سنبلہ (۶)

(بسم الله الرحمن الرحیم قل ادعوا الله او د الرحمن ایا ما تدعوا فله الاسماء الحسنیٰ ولا تجهر بصلاتک ولا تخافت بها واتبغ بین ذالک سبیلا بحق اهیا شراهیا اذونی اضائوث یا حی یا قیوم الذی لا اله الا هو انت الذی لا اله الا انت قامت السموات والارض الرحمن الرحیم علی العرش استویٰ یا حنان یا منان یا ذوالجلال والاکرام احضروا ملهم احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیه السلام۔

طالع میزان
मीज़ान (۷)

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم احفظ ساحب الکتاب من افاتہ انہ سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الا تعلوا علی واتونی مسلمین افحسبتم انما خلقنکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون طیوس سیوس انا جعلنا علی قلوبھم اکنۃ ان یفقھوہ وفی اذانھم وقرا وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا برحمتک یا ارحم الراحمین یا اللہ یا محمد قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یھدی الی الرشد فامنا بہ ولن نشرک بربنا احدا و انہ تعالیٰ جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا وانہ کان یقول سفیھنا علی اللہ شططا وانہ کان یقول الانس والجن ولی اللہ کذبا ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم احضروا عدوان احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیہ السلام)

طالع عقرب
अक़रब (۸)

(بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یھدی الی الرشد فامنا بہ لن نشرک بربنا احدٰا و جعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینا ھم فھم لا یبصرون بحق اھیا شراھیا ذونی اضاوث وبالحق نزل یا ارحم الراحمین احضروا فطروش احضروا احضروا احضروا

وبحق سليمان بن دائو د عليه السلام۔

طالع قوس

कुंभ (۹)

(بسم الله الرحمن الرحيم ان ربكم الله الذى خلق السموات والارض فى ستة ايام ثم استوىٰ على العرش يغشى الليل النهار يطلبه حثيثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامره الا له الخلق والامر تبارک الله رب العالمين اعيذ صاحب الكتاب بكلمات الله التامات كلها من كل عين لامة ومن شر الشيطان يا الله يا رحمن يا رحيم يا حى يا قيوم يا بديع السموات والارض يا ذالجلال والاكرام بحق اضاوث الرشدى يا ارحم الراحمين احضروا انجاسر احضروا احضروا احضروا وبحق سليمان بن دائو د عليه السلام)

طالع جدی

जदी (۱۰)


(بسم الله الرحمن الرحيم اعوذ بعزت الله وقدرة الله من شر ما خلق ين الارض والسماء اعيذ صاحب الكتاب من شر الشيطان لا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم يا معشر الجن والانس ان اسطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان يا حنان يا منان برحمتک يا ارحم الراحمين احضروا انجائيس احضروا احضروا احضروا وبحق سليمان بن دائو د عليه السلام)

طالع دلو

 (۱۱)

(بسم الله الرحمن الرحیم لا اله الا الله الملک الحق المبین لا اله الا الله العلی العظیم ما شاء الله کان وما لم یشا لم یکن قد جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا اللهم احفظ صاحب هذا الدعا بحق محمد مصطفی ﷺ و علی و الفاطمه والحسن و الحسین احضروا شاه پطرس احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن دائود علیه السلام)

طالع حوت

 (۱۲)

(بسم الله الرحمن الرحیم اللهم انک تعلم سری و علانیتی فاقبل عذری و معذرتی واقض حاجاتی و ننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا برحمتک یا ارحم الراحمین فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم یا تمخیثا یا تمخیثا یا تمخیثا یا الله یا موشیت یا غفور یا عالم یا حاکم یا قاسم یا حلیم یا عظیم یا رحیم اهیا شراهیا اضائوث الرشدی من شر کل ذی شر ما یکون یا الیل والنهار رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین)

اللہ اس عمل میں ہر صاف دل رکھنے والے افراد کو ضرور کامیاب فرمائے (آمین)

پچھلے والے عمل کو اگر کرلیا جائے تو آگے جن گرفتہ، آسیب گرفتہ، چڑیل، ڈائن، ڈائنی، جادو، سحر، آفات و بلیات اور اس سے دیگر مخلوق جس کسی پر بھی مسلط ہوگی۔ اس کا خاتمہ کرنے میں نہایت آسانی ہوجائیگی۔ یعنی جب ایسے مریض سامنے آئیں گے۔ تو چونکہ عامل کی تسخیر نورانی جنات کا ایک لشکر ہوگا۔ وہ فوراً ایسے امراض میں مبتلا افراد کو فوراً ٹھیک کرنے میں مدد کریں گے اور اگر کوئی جسم میں داخل ہوکر ہم کلامی کرتا ہوگا۔ تو بھی اس کا خاتمہ یہ خود ہی کریں گے۔ اس لئے کوئی نہ کوئی شئے اپنے پاس بھی ضرور ہونی چاہئے جس سے ایسے امراض کا با آسانی علاج کیا جاسکے جو جادوٹونے یا مختلف روحانی امراض میں مبتلا ہوں۔ اس کی بدولت بڑے سے بڑے امراض پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح اس کے اگلے حصے میں ہندی دیوی و دیوتا کو تسخیر کرنے کے نسخہ جات لکھے ہیں۔ جو سو فیصدی ہندی کلام سے منسوب ہیں۔ اور انہی دیوی و دیوتاؤں کو بلانے کیلئے ہیں۔ لیکن یہ جنات سے کم طاقتور ہوتے ہیں۔ اس لئے جیسے آگے ان کو بلانے کا طریقہ کار لکھا ہوا ایسے ہی کیا جائے اگر ان میں سے کسی ایک کو تسخیر کرلیا جائے تو بھی یہ کافی حد تک ایسے امراض سے نجات دلوانے میں کام آتے ہیں۔ اور جس طریقہ کار کے بداعمال، نقوش یا جو کچھ بھی کیا جاتا ہے۔ یہ اس دفن شدہ مواد کو بھی اکھاڑ کر سامنے لے آتے ہیں۔ اس لئے پہلے ان کا چلہ کرلیا جائے تا کہ روحانی امراض کی تشخیص اور اس کے صحیح طریقہ کار کے مطابق روحانی امراض پر قابو پایا جا سکے۔ یہ ایسی مخلوق ہے جو یہ تک بھی بتا سکتی ہے۔ کہ اس پر جادو کرنے والا کون ہے۔ اس کا نام کیا ہے؟ اور یہ کہاں کا رہنے والا ہے؟ اور سب باتوں کو ثبوتوں کے ساتھ یہ مخلوق مریض یا اس کے لواحقین کو بتا سکتی ہے۔ لیکن اس میں محنت ہوتی ہے جسے زندگی میں ایک مرتبہ کیا جاتا ہے۔ اور پھر ساری زندگی ان سے مختلف اقسام کے کام لئے جاسکتے ہیں۔

ہندی نقوش، جادو، اعمال، اور ہر قسم کے دنیاوی اعمال

हीन्दी नक़ईईस्ह जदईई ाउर हार क़ीसम की दउन्यज़ी ाामल

یہاں سے جس سلسلے کو شروع کیا جا رہا ہے۔ اس کا تعلق ہندی نقوش، عملیات، جادو، ٹونہ، دیوی، دیوتاؤں کے کام، اور ان سے کام لینے کے طریقہ کار درج ہیں۔ جس پر مسلمان عمل کر سکتا ہے۔ اس صورت میں جب کہ کوئی غیر مسلمان کو اذیت دے رہا ہو اور مسلمان ان کے طریقہ کار سے واقف نہ ہوتے ان کو کوئی بھی جواب نہ دے سکتا ہو۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ قرآن پاک اور دین اسلام سے بڑھ کر دنیا کا کوئی بھی مذہب نہیں ہے۔ لیکن دنیا داری میں ایسے کئی کام ہیں۔ جو بظاہر تو اچھے معلوم نہیں ہوتے لیکن ان کو کرنا ضروری ہوتا ہے۔ جیسے کوئی کسی مسلمان کو خواہ مخواہ اذیت دے رہا ہو اور وہ بیچارہ مسلسل اس کے طریقہ کار سے نقصان اور گھاٹے میں ہی مبتلا ہوتا جا رہا ہو۔ اس لئے یہاں عملیات کے حوالے سے ہندی کلام کے نسخہ جات اور اس سے متعلق ان کے دیوی دیوتاؤں سے کام لینے کے طریقہ کار درج کئے ہیں۔ جس سے کئی عامل اچھے اور برے دونوں طرح کے کام لے رہے تھے اور لے رہے ہیں۔ اگر وہ اوپر سے اس کو نورانی و روحانی کلام بتائیں تو یہ اس کو مان جانے والوں کی غلط فہمی ہے۔ جب کہ یہ ایک ایسی بحث ہے۔ جو یہاں کتاب کا بالکل حصہ نہیں ہے۔ مختصر طور پر یہاں یہ سمجھ لیا جائے کہ روحانی و نورانی موکلات کو اپنے ساتھ سدھانے اور ان سے کام لینے کیلئے بہت ہی محنت کرنا ہوتی ہے۔ اور پھر ساری زندگی ان کے کہنے پر ہی عمل کیا جاتا ہے۔ جو شاذ و نادر ہی کرتا ہو۔ ان اعمال کو پیر کامل کے عہدے پر فائز حضرات بخوبی جانتے تھے اور اس پر ساری زندگی عمل کرتے تھے۔ چونکہ زیر نظر کتاب عامل بنانے والی ہے۔ نا کہ کامل کاملیت کسی

نقش مزمل کے مختصر خواص


جس کے پاس یہ نقش عظیم ہوگا اس پر کبھی بھی جادو ٹونہ سحر آسیب یا جن مسلط نہیں ہوگا۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس کا ماسویٰ اللہ کوئی بھی انسان کوئی نقصان نہیں کر سکے گا بلکہ اس کا نقصان کرنے والا فرد خود نقصان اٹھائیگا۔ اس نقش کو پاس رکھنے والا کبھی کسی کا مقروض نہیں ہوگا۔ اگر خواتین اس نقش کو اپنے پاس رکھیں گی ان کا حمل کبھی ضائع نہیں ہوگا۔ کند ذھن اس نقش کو پاس رکھنے سے تیز حافظے کے مالک ہونگے اس کو پاس رکھنے والے پر کوئی اوزار یا ہتھیار اثر نہیں کریگا۔ اس کو اپنے سفر میں استعمال کرنے والا کبھی بھی سفر کی تھکان یا کسی حادثے کا شکار نہیں ہوگا۔ اور نہ ہی راستے میں کسی مصیبت میں مبتلا ہوگا اور نہ ہی یہ اپنی جائز منزل پر بھٹکے گا اس نقش کو پاس رکھنے والے پر اللہ کی خاص رحمت ہوگی اس نقش کو اگر خرچ کرنے والے روپے پر لکھ کر اپنی جیب اور روپے والے رکھنے والی جگہ پر رکھا جائے تو وہ جگہ روپوں سے خالی نہیں ہوگی۔ اور نہ ہی کوئی چور یا دیگر مخفی مخلوق ان روپوں کو چرا سکے گی۔ اس نقش کو اپنے گلے میں پہننے والا اور اپنے گھر کی چوکھٹ پر لگانے والے پر کوئی بھی بدعمل یا جادو ٹونے اگر کروائیگا تو واپس اسی کی طرف پلٹ جائیگا اور گھر اور گلے میں اس نقش کو پہننے والا ہر جسمانی و روحانی بیماری سے محفوظ ہوگا۔ اگر سفر میں ہوگا تو کسی بھی قسم کا کوئی حادثہ پیش نہیں آئیگا اور نہ ہی کوئی مال و متاع چرا سکے گا۔ اگر کسی کے ناجائز دشمن پیدا ہو چکے ہوں تو ان کی آپس میں پھوٹ اور اپنے طرف سے توجہ ہٹانے کیلیئے اس نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے موم جامے سے اچھی طرح سے بند کر کے لکڑی کے خول میں رکھ کر چلتے پانی کے کنارے دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن کبھی صاحب عمل کو کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

بدمزاج اور آوارہ شوہر

اگر کسی شریف بیوی کا میاں نہایت ہی بدمزاج ہو اور اپنے جذبات کی بناء پر اپنی بیوی کو نئی نئی تکالیف میں روزانہ مبتلا کرتا ہو یا کسی بیوی کا شوہر آوارہ ہو اور اپنی بیوی سے کرہنے والا شرعی عمل غیر عورت سے کرتا ہو اور اس کا مکمل ثبوت فراہم ہو جائے تو اپنے گھر کو اور اپنے شوہر کی اصلاح کرنے اور گھر میں سکون کی فضاء قائم کرنے کیلئے زیادہ مقدار میں چینی پر سورۃ المزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ ایک ہی جلسے میں پڑھ کر دم کیا جائے اور اسے ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا کر استعمال کروائی جائے اور اس نقش کو بغیر کسی کو بتائے اپنے سونے والی جگہ کے نیچے دفن کر دے یعنی بستر کے نیچے رکھے زمین میں دفن نہ کرے۔

ناجائز غصہ

اگر کسی خاتون کا میاں بے فضول غصے میں رہتا ہو اور ناجائز طور پر اپنے غصے کا بہانہ کرکے طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہو اور اس وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو رہا ہو تو اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کیلئے بازار سے ایک گلاب کے پھولوں کا ہار لایا جائے یا کسی سے منگوائے اس ہار پر ایک ہی وقت میں اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر سورۃ المزمل شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے لیکن پہلے اس ہار کو اپنے گلے میں پہنیں پھر اس پر سورۃ المزمل شریف پڑھ کر اسے اپنے گلے میں پھر پہنیں اور اس کو اپنے سونے والی جگہ پر رکھ دیں اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اپنے شوہر کا نام ایسی قلم سے لکھیں جس میں سیاہی نہ ہو بلکہ کاغذ کے اندر کندہ ہو جائے اللہ کے فضل سے اس عمل کی بدولت شوہر کا ناجائز غصہ اور دیگر خامیاں درست ہونگی۔





يـايهـا الـمـزمـل قـم اليـل الا قليلا



نـصـفـه او انـقـص مـنـه قـليلا





اوزد عـليـه ورتـل الـقـرآن ترتيلا

گھر و کاروبار میں خیر و برکت

آگے درج نقش کو جو کوئی بھی خالص زعفران ومشک وگلاب کو آپس میں ملا کر اسے سفید رنگ کے کاغذ پر لکھے، اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اسے کاروباری جگہ پر چوکھٹ کے اوپر لگائے تو اس کی برکت سے وہاں سے نحوستوں اور گردشوں کا خاتمہ ہوگا جو کوئی بد اعمال اور جادو ٹونے کرواتا ہو ہوگا یا دکان بد اثرات کے زیر سایہ آچکی ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اور غائبانہ طریقے سے رزق وسیع ہوگا۔ گاہک زیادہ سے زیادہ آئیں گے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ روپوں میں برکت ہوگی۔ اگر اسی نقش کو اسی طریقے سے لکھ کر گھر میں چوکھٹ کے اوپر اگایا جائے تو بھی بداثرات بدنظر اور مختلف نحوستوں کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اور کسی بھی قسم کا کوئی وار یا بداثرات گھر میں داخل نہیں ہونگیں گھر اللہ کے حکم سے اللہ کی خاص حفظ وامان میں رہیگا گھریلو جھگڑے فساد چھوٹی چھوٹی اور بلا وجہ باتوں پر لڑنا اور اس سے دیگر رزق بندی کا خاتمہ ہوگا۔ یہ نہایت ہی سریع التاثیر نقش ہے جس کی تشریح یہاں ممکن نہیں ہے۔ اگر کوئی فرد اپنی گردشوں کے خاتمے کیلئے اس نقش کو بنا کر اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو وہ فرد کئی قسم کی نحوستوں سے محفوظ ہوگا۔ جس سے دنیاوی معاملات میں اسے کسی بھی رکاوٹ کا کوئی سامنا نہیں ہوگا اور جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اس میں ضرور کامیاب ہوگا۔ ہر قسم کے ڈر وخوف کو اپنے آپ سے دور کرنے کیلئے اور بدنظریوں کے مکمل خاتمے کیلئے اس نقش کو باعث برکت کیلئے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق اپنے گلے یا بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے بداثرات زائل ہونگے۔ اس کے علاوہ اس نقش کو کسی بھی جائز مقصد کا تصور باندھ کر استعمال کیا جا سکتا ہے کسی جگہ سے خلل آسیب کا خاتمہ کرنے کیلئے لٹکایا جائے اور کونوں میں اس کا چھڑکاؤ کیا جائے۔

محمد

جبرائیل المزمل عزرائیل

مهد	مزمل	مدثر	مصطفی	مرتضی
مزمل	مدثر	مصطفی	مرتضی	مجتبی
مدثر	مصطفی	مرتضی	مجتبی	مختار
مصطفی	مرتضی	مجتبی	مختار	منصور
مرتضی	مجتبی	مختار	منصور	مومن
مجتبی	مختار	منصور	مومن	مطیع
مختار	منصور	مومن	مطیع	مذکر
منصور	مومن	مطیع	مذکر	مدنی
مومن	مطیع	مذکر	مدنی	مضری
مطیع	مذکر	مدنی	مضری	مطهر
مذکر	مدنی	مضری	مطهر	منتقی
مدنی	مضری	مطهر	منتقی	متوسط
مضری	مطهر	منتقی	متوسط	متصدق
مطهر	منتقی	متوسط	متصدق	مهدی
منتقی	متوسط	متصدق	مهدی	مبین
متوسط	متصدق	مهدی	مبین	محلل
متصدق	مهدی	مبین	محلل	محرم
مهدی	مبین	محلل	محرم	مصدق
مبین	محلل	محرم	مصدق	مکی
محلل	محرم	مصدق	منیب	مبلغ

اسرافیل المزمل میکائیل

بچہ دودھ نہ پیئے

اگر کوئی چھوٹا بچہ دودھ نہ پیے تو اس نقش کو 2 لکھے۔ ایک نقش بچہ کے گلے میں ڈال دے اور ایک نقش کو پانی میں دھو کر اس کا پانی بچے کے منہ میں روئی کے ذریعے ڈالے اور پانی کے چھینٹے اس کے منہ پر مارے بچہ دودھ کی خواہش کرے گا۔

س	ل	ا	م
۹۳	۳۹	۴	۲۹
۲۸	۴۹	۳۲	۳
۳۱	۴	۲۷	۳۰

غیر فطری طور پر بہتا ہوا خون بند ہو

اگر کسی خاتون کو سفلی و کالے علم کے ذریعے نشانہ بنا کر غیر فطری طور پر جس سے ڈاکٹر و حکیم حضرات بھی واقف نہ ہوں اور خون بہتا ہی جائے یا کوئی مرد اس کا شکار ہو گیا ہو تو اس نقش کو 7 دنوں تک روزانہ مکمل علاج کے لئے پان کا سوکھا پتہ لے کر اس پر زعفران سے لکھ کر ایسے ہی کھا جائے اسی وقت بہتا ہوا خون بند ہو گا۔

سلام	قول	من رب	الرحیم
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

درد شقیقہ

یہ مرض سورج نکلنے کے ساتھ شروع ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے کے ساتھ ختم ہوتا ہے اس مرض سے مکمل چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ان آیات کو دھو کر پیئے اور شربت صندل میں گھولے اور ایک عدد اپنے گلے میں پہن لے اور بوقت درد اس مقام پر پھیرے اور پینے والی آیات 5 دن تک پیئے۔

سلام	قول	من ربا	الرحیم
قول	من رب	الرحیم	سلام
من رب	الرحیم	سلام	قول
الرحیم	سلام	قول	من رب الرحیم

بچہ ہر مصیبت، بلا، مسان، وام الصبیان سے محفوظ رہے

اس نقش کو مع ان آیات، نقش کے پیدائش سے پہلے ہی تیار کر۔لے یا کروالے اور بعد پیدائش بچے کے کانوں میں اذان دینے کے بعد اس نقش کو اس کے گلے میں پہنادے اور 5 سال تک اسی نقش کو استعمال کرے۔ 5 سال کے بعد آگے مرضی ہے وہ چاہے نقش پہنے یا نہ پہنے۔

۱۳۱	۱۳۷	۲۹۴	۲۸۹
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

برائے اولاد

اگر کسی کو اولاد کی خواہش ہو اور اولاد نہ ہو تو اس عمل کو کرے۔ انشاءاللہ ضرور اولاد ہو گی۔ سب سے پہلے اگر کوئی فرد لاہور میں مقیم ہو تو وہ کچھ مکھانے وبتاشے دونوں سوا کلو لاکر حضرت داتا گنج بخشؒ کے دربار پر جاکر بانٹے اور دعا کرے اور وہاں سے چینی یا نمک جو بھی ہو وہ حسب توفیق لاکر اس پر 7 مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کرے اور اسے دن میں دونوں میاں بیوی کھاتے رہیں اور اس نقش کو ایک شیشے کے جگ میں ڈال دے اور روزانہ 21 دنوں تک دودھ اس جگ میں بھر کر نیا نقش تحریر کر کے پئیں۔

۱۵۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۶۵	۲۱۲	۲۹۹
۱۱۲	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

برائے اولاد نرینہ


لڑکا ہی پیدا ہو۔ اس عمل کو اس وقت کرے جب حمل دوسرے یا تیسرے ماہ میں ہو۔ اس وقت ایک نیلے رنگ کا سوت لے کر اس کو عورت اپنے سر سے لے کر پیر کے انگوٹھے تک 9 مرتبہ اتارے اور اتنا اکٹھا کرے' جتنا گرہ باندھ کر بھی آسانی سے گلے میں باندھے اور اتار سکے۔ اب دھاگے کے دونوں سرے ملا کر درمیان میں گول دائرہ بنالے۔ پھر 21 مرتبہ سورہ فاتحہ ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پہلی مبین تک پڑھ کر گرہ لگادے۔ اسی طریق پر اگلی مرتبہ دوسری گرہ پر 22 مرتبہ پڑھ کر اگلی مبین تک پڑھ کر گرہ لگائے۔ سات گرہوں تک سورہ فاتحہ ایک ایک مرتبہ بڑھاتا جائے اور اسی طرح مبین بھی پھر آخر میں گرہ لگا کر اسے اپنے گلے میں باندھ لے اور روزانہ ان آیات کو صبح نماز فجر کے بعد پانی میں تھوڑی سی چینی ملا کر پی لیا کرے بہت امید ہے کہ اللہ اپنی رحمت ضرور کریں گے۔

یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ

دکان کا مال زیادہ سے زیادہ فروخت ہو


اس نقش کو چار عدد سورج کے نکلنے کے ایک گھنٹے بعد سفید کاغذ پر لکھے۔ ایک عدد نقش کو روپے والی جگہ یعنی دراز میں۔ دوسرے نقش کو دکان کے اندر ایسی جگہ لگائے جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ تیسرا نقش اپنے بٹوے میں رکھے اور چوتھا نقش ایک بوتل میں پانی بھر کر اس میں ڈال دے اور صبح دکان کھولتے ہی چاروں کونوں میں اس ترکیب سے چھڑکے کہ پانی نیچے نہ گرے۔ اس کے لئے ایک عدد ڈاکٹری سرنج لا کر اس میں تھوڑا سا بھر کے کونے پر پچکاری لگادیا کرے۔ اس عمل کو 21 دن تک کرے۔ اس

کے بعد چھینٹے نہ لگائے اور بقایا نقوش کو ویسے ہی رہنے دے۔ انشاء اللہ تمام بندشوں کا خاتمہ ہوگا اور دکان کا مال جلد از جلد فروخت ہو جایا کرے گا۔



دفع شیطان

اگر کسی انسان پر شیطان حکومت کرتا ہو یعنی مکمل طور پر شیطان صفت ہو اور گھرداری کے لئے ضروری فرد بھی ہو تو اس کی اصلاح کرنے کی خاطر تاکہ وہ اپنی شیطانیوں سے دوسروں کو مجروح نہ کرے تو اس نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر اس پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف اور آیت سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کی 72 مرتبہ تکرار سے پڑھ کر نقش پر دم کردے اور اسی نقش کو 40 دنوں تک شربت مصری میں ملا کر پلائے۔ انشاء اللہ اپنی شیطان صفت حرکتوں کو ترک کر کے نیک انسان بن جائے گا۔




ہول دل

اگر کوئی اس مرض میں پھنس گیا ہو تو 21 دنوں تک اس روحانی عمل کو جاری رکھے اور مشک و زعفران سے لکھ کر اس پر حسب دل خواہ شہد ڈال کر لپیٹ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کھالے اور ایک عدد نقش کو لکھ کر دل کے مقام پر ٹیپ یا ڈوری کے ساتھ اس طرح باندھے کہ نقش دل کے اوپر رہے اور ایک عدد نقش کو لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ پانی پیا کرے۔

م	ا	ل	س
ل	ا	س	م
س	ا	م	ل
م	ا	ل	س

برائے رشتہ

اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے رومال کے اندر رکھ کر پانچ
دن تک روزانہ اس پر عطر لگا کر رکھے تو جلد از جلد اس کا اچھی سے اچھی جگہ روحانی
طور پر رشتہ طے پا جائے گا اور ان گرہوں پر روزانہ ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ
کر دم کرتا رہے۔



درد حیض

اگر کسی بچی یا بڑی خاتون کو بوقت حیض درد ہوتا ہو تو اس نقش کو مصری کے
شربت کی بوتل کے اندر ڈال دے اور روزانہ اس میں سے تھوڑا تھوڑا پی لے اور ایک
نقش کو لکھ کر اس پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر کے اپنے الٹے بازو کے
ساتھ باندھ لے تو اس شکایت سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا ہو جائے گا اور اگر عارضی طور

پر کرنا ہو تو صرف نقش کو باندھ لے تو فوراً درد ختم ہو جائے گا۔ پینے والا عمل 21 دن تک کرے۔

۱۵۷ سلام	۴۲ قوی	۲۰۷ من رب	۲۰۴ الرحیم
۲۰۸ قوی	۲۰۳ من رب	۱۹۸ الرحیم	۲۰۹ سلام
۲۰۲ من رب	۲۶۵ الرحیم	۲۱۴ سلام	۲۹۹ قوی
۱۱۴ الرحیم	۲۰۰ سلام	۲۰۱ قوی	۲۰۶ من رب الرحیم

ناسور بدن سے ریشہ نکلنا

یہ ایک ایسا موذی مرض ہے جس سے بدن کے کسی بھی حصے سے ریشہ نکلتا ہے۔ اور بہت درد ہوتا ہے اس کے کامل علاج کے لئے سب سے پہلے اس نقش کو پانی میں گھول کر رکھ دے اور نقش کو زعفران سے لکھے۔ جب نقش کے حروف مٹ جائیں تو تھوڑی سی شکر لا کر اس پر بوتل والا پانی ڈال کر شکر کو نرم کر کے پھر نقش کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر گوندھی ہوئی شکر کے اندر رکھ کر اس کو گولی کی طرح نگل لے اور اوپر سے دو تین گھونٹ نقش والا پانی پی لے۔ اس مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات ہو گی اور ایک مرتبہ روزانہ کسی بھی وقت سورہ یٰسین شریف پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے زخم پر پھیر لیا کرے۔

۱۳۱ سلام	۱۳۷ قوی	۲۹۲ من رب	۲۸۹ الرحیم
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

متفرقات تعویذات

نقش برائے ہر کارہ

اس نقش کو خواہ کسی بھی مقصد کے لئے تحریر کرے اور استعمال کرے۔ انشاء اللہ فائدہ ہی ہو گا۔ اگر بیمار ہو تو اس کا پانی پیئے۔ حب کے لئے محبوب کو بلائے۔ خواہ کوئی مقصد بھی ہو انشاء اللہ بہت جلد حل ہو گا۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

۴۱۳۹۵	۴۱۴۰۹	۴۱۴۰۵	۴۱۴۰۲
۴۱۴۰۶	۴۱۴۰۱	۴۱۳۹۶	۴۱۴۰۸
۴۱۴۰۰	۴۱۴۰۳	۴۱۴۱۱	۴۱۳۹۷
۴۱۴۱۰	۴۱۳۹۸	۴۱۳۹۹	۴۱۴۰۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

ایضاً

بِسمِ ۱	اَللّٰہ ۳	اَلرَّحمٰن ۱۱	اَلرَّحِیم ۸
اَلرَّحِیم ۱۲	اَلرَّحمٰن ۷	اَللّٰہ ۲	بِسمِ ۱۳
اَللّٰہ ۶	بِسمِ ۹	اَلرَّحِیم ۱۶	اَلرَّحمٰن ۳
اَلرَّحمٰن ۱۵	اَلرَّحِیم ۴	بِسمِ ۵	اَللّٰہ ۱۰


ایضاً

۱۶	۱۲۴۸۹۱	۱۸۲۰
۳۶	۱۲۲۴۹۳۰	۱۱۲
۱۱۳	اَجِب یا جبرائیلُ	۴۲۰

اِیَّاکَ نَعبُدُ وَ اِیَّاکَ نَستَعِینُ


شرمگاہ میں ورم کے لئے

اگر شرمگاہ میں ورم ہو اور بہت شدید درد رہتا ہو لیکن شرم کے مارے کسی سے بیان نہ کرے تو اس نقش کو عورت اپنے پرانے کپڑے کا ایک ٹکڑا لیکر اس پر بال پین کی سیاہی سے نقش درج کرے اور اپنی ناف کے مقام پر باندھ لے۔ اس عارضے سے ہمیشہ کے لئے نجات ہو گی۔



رحم و اندام نہانی میں سوجن کے لئے

اندام نہانی کی سوجن دور کرنے کے لئے۔ اس نقش کو سنہرے کاغذ پر لکھے۔ اور کسی نرم چیز کے اندر رکھ کر عورت اپنی اندام نہانی میں رکھ لے۔ اس عمل سے فوری طور پر اندام نہانی کی سوجن دور ہو گی۔ اگر رعشہ یا کوئی اور رطوبت بھی بہتی ہو گی۔ تو بالکل بند ہو گی۔ نام نہ لکھے۔



عورت کا رحم اپنے مقام سے ہٹنا

اگر کوئی خاتون اس عارضہ میں مبتلا ہو اور کسی وجہ سے بھی آرام نہ ملتا ہو تو اس نقش کو وہ خاتون اپنے کپڑے پر درج کر کے اپنی کمر پر باندھے۔ اس کا رحم اپنی جگہ پر قائم رہیگا۔

ی	ف	ا	ش
ی	ف	ا	ک
ی	ف	ا	ہ


رحم، فرج، یا اندام نہانی میں زخم و پھنسی کے لئے

اگر کوئی خاتون ان عوارض میں بیک وقت مبتلا ہو۔ تو اس نقش کو اپنے کپڑے پر درج کر کے اپنی اندام نہانی میں رکھ لے۔ بعد از نجات اس نقش کو نکال کر جلا دے اور اسکی راکھ کسی کوڑہ کرکٹ کے ڈھیر میں پھینک دے۔

اشیرک	اسیرک	کمریشا	کمریسا
⊙ سروما	طیرسوما		ابرسوما ⊙
اموسط	اموسب	اموسر	امورس


حیض میں خرابی

عورتوں کے تمام امراض مخصوصہ کے لئے۔ اس نقش کو ہر کھانے و پینے والی شے میں وہ عورت استعمال کرے۔ جو روز بروز امراض مخصوصہ کا شکار رہتی ہو۔



عورتوں کے تمام امراض کے لئے

عورتوں سے متعلقہ جتنی بھی امراض ہیں ہر طرح کے عوارض میں مبتلا عمل کتاب سے دیکھ کر قوائد و ضوابط کے مطابق کرے۔ اس نقش کو صرف پیئے۔ نقش کو مشک و زعفران سے لکھکر استعمال کرے۔ انشاء اللہ تمام مصیبتوں سے مکمل چھٹکارہ ہو گا۔




الرجک ہونا

کسی کو الرجک کا عارضہ ہو۔ تو اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں لکھے۔ ایک اپنی بازو پر باندھے اور ایک کو روزانہ صبح نہار منہ پی لیا کرے۔

حٓ	اُ	فظُ	حٓ	رِف	یٰ	ظُو
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ						
اُ	لُ	رٰ	حُ	ہٰ	اُ	نُ


دفع کھجلی و جسم درد

اگر کسی مرد و عورت یا بچے کو ہر وقت جسم پر کھجلی ہوتی رہے یا سر میں کھجلی کرتے کرتے سر میں پھوڑے و پھنسی بننا شروع ہو جائیں تو اس نقش کو زیتون کے تیل میں رکھدے۔ اور جہاں کھجلی ہو وہاں اس تیل کی مالش کرے۔ اگر کھجلی کے علاوہ جسم میں ہر وقت درد رہتا ہو تو اسی تیل کو جسم پر مالش کرے۔ لیکن اسکا ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرائے۔ کیونکہ حروف مقطعات و کلمہ شریف لکھا ہوا ہے۔



دفع ریشہ و بلغم

اگر مرد و عورت کو ریشہ و بلغم کی شکایت ہو اور کسی بھی طرح سے مرض مین آفاقہ نہ ہو تا ہو۔ تو اس نقش کو تین عدد سعد ساعت میں لکھے ایک نقش کو اپنے کھانے والے نمک میں رکھ دے ایک اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک عدد کو روزانہ ۲۱ دنوں تک پیئے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اس مرض سے مکمل افاقہ ہو گا۔



جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو

اس نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے اور بوقت ضرورت چینی کی پلیٹ میں رکھ کر اوپر زیتون کا تیل ڈال دے۔ اس تیل کو جسم کے متاثرہ حصہ پر مالش کرے۔ انشاء اللہ مکمل علاج ہو گا۔



مرد میں زنانہ پن


اگر کوئی مرد اللہ کی طرف سے مرد ہو۔ لیکن اس کی حرکات و سکنات عورتوں جیسی یا بالشابہ رکھتی ہوں اور کافی سمجھانے کے بعد بھی وہ اپنی حرکات سے منع نہ ہو۔ تو اس کو بتائے بغیر پہلا نقش علیحدہ نمک لا کر نمک میں رکھ دے اور اس کے کھانے میں یہی نمک استعمال کرے اور دوسرا نقش اس کو پینے والی شے میں پلائے۔ یہ اپنی ان حرکات کو چھوڑتے ہوئے شریفانہ زندگی گزارے گا۔

اَلْقَاهِرُ	اَلْقَدِیْرُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْعَزِیْزُ
اَلْمُقِیْتُ	اَلْحَسِیْبُ	اَلْمُذِلُّ	اَلْقَهَّارُ
اَلْجَابِرُ	اَلْعَزِیْزُ	اَلسُّلْطَانُ	اَلْكَبِیْرُ

اَلْقَاهِرُ	تَقْهَرْتُ	بِالْقَهْرِ	وَالْقَهْرُ	فِیْ مُقْهِرٍ
قَهَرِیْ	اَلْقَهَّارُ	فِی الْقَهَّارِ	وَالْقَهَّارُ	اَلْقَاهِرُ


پیٹ درد اور اس کے تمام جملہ امراض کے لئے

اگر پیٹ میں ہر وقت کسی بھی وجہ سے درد رہتا ہو کبھی درد ہو اور کبھی پیٹ میں گیس کی وجہ سے درد ہو۔ تو اس نقش کو روزانہ نہار منہ پیا کرے۔ اگر زیادہ درد رہتا ہو تو اسی نقش کو پیٹ پر باندھ لے۔ تمام جملہ امراض سے نجات ہوگی۔




گریہ اطفال

اگر بچہ زیادہ روتا ہو اور ہر مرتبہ بد نظری کا شکار ہو جاتا ہو اور خواب میں بھی ڈرتا ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ ان تمام تکالیف سے بچا رہیگا۔




ہول قلب

اگر کوئی اس مرض میں مبتلا ہو۔ تو اس نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروالے اور ہروقت پانی میں ڈال کرر کھے اور گاہے بگاہے اس کا پانی پیتا رہے اور ایک عدد نقش کو سنہرے یا سبز کپڑے پر لکھکر دل کے مقام پر باندھ لے۔ انشاء اللہ اس مرض سے مکمل نجات ہو گی۔




احساس کمتری

اگر کوئی بھی احساس کمتری کا شکار ہو اور زندگی کے ہر میدان میں ہار تا رہے۔ ایک نقش کو لکھ کر سعد ساعت میں اپنی بازو یا گلے میں باندھے اور ایک عدد نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر شہد ڈال کر چاٹتا رہے۔ کم از کم اس عمل کو ۲۱ روز کرے۔ انشاءاللہ پھر کبھی بھی احساس کمتری میں مبتلا نہیں ہو گا۔



ہنر جلدی سیکھ لے

اگر کوئی بچہ یا بڑا ہر وقت بیکار رہتا ہو اور کوئی بھی کام کرنے کو دل نہ کرتا ہو۔ یا کام کرتا ہو۔ لیکن وہ کام اس کی سمجھ میں نہ آتا ہو جس وجہ سے نہ تو کام کر سکے اور نہ ہی اس کام کو سمجھ سکے۔ تو اس صورت میں اس نقش کو ایک عدد لکھ کر اپنے گھر میں ہوا میں لٹکا دے۔ جب تک کام نہ ملے اس کو ہوا میں لٹکا رہنے دے۔ اگر کام مل جائے تو لٹکایا ہوا نقش اپنے سیدھی بازو پر باندھ لے۔ اس سے اچھا کام و روزگار مہیا ہو گا اور جس ہنر کو سیکھنا چاہتا ہو گا وہ دوسروں سے بہت جلد سیکھ جائے گا۔




چہرے کی خوبصورتی و کشش کے لئے

اگر کسی خواتین کے منہ پر دانے نکل آئے ہوں۔ یا چہرہ ویسے ہی بغیر کشش کے ہو۔ اسکو زیادہ خوبصورت و پر کشش بنانے کیلئے۔ اس نقش کو کچے دودھ میں ڈال کر وقفے وقفے سے چہرے پر مل لیا کرے۔ لیکن اس عمل کے متعلق کسی سے بھی ذکر نہ کرے۔ عمل کرنے کے دوران ہی ایک نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ چہرہ بارونق و پر کشش ہو گا۔

جبرائیل	یا نور نورت والنور فی النور یا نور	[illegible]
اسرافیل	و بحق حضرت سید الانام محمد مصطفیٰ	[illegible]
عزرائیل	و بحق حضرت یوسف علیہ السلام	[illegible]

کھیل میں یقینی جیت ہو

اگر کوئی بھی کھیل کھیلتا ہو تو اس میں مکمل مہارت اور ہر میدان مارنے کی غرض سے اس نقش کو گیارہ دنوں تک روزانہ گیارہ مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر چلتے پانی میں بہا دیا کرے۔ اور بارھویں دن نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ ہر میدان میں یقینی کامیابی ہو گی۔



مال چوروں سے محفوظ رہے

اگر کسی مالدار کو اپنا مال گم ہونے یا چوری ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر مال میں رکھے۔ اور ایک رکھے ہوئے مال کے اوپر لٹکا دے۔ لیکن کسی کو نظر نہ آئے۔ کوئی بھی اس مال کو چرا نہیں سکے گا۔ جس کا مال ہو وہ نقش کے نیچے اپنا مقصد لکھ کر پھر عمل کرے۔

ص	ن	ی	ہ	ل
ی	ہ	ن	ل	ص
ن	ل	ہ	ص	ی
ہ	ص	ل	ی	ن
ل	ی	ص	ن	ہ

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی بے گناہ و ناجائز طور پر قید ہو گیا ہو اور واپس باہر آنے کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہو۔ تو نقش درج کرنے سے پہلے نیاز دلوائے۔ پھر نقش کو لکھے۔ اسے قیدی اپنی بازو کے ساتھ باندھے اور ایک پھلدار درخت پر لٹکا دے۔ تین دنوں کے اندر قید سے رہا ہو گا۔

لا الہ الا اللہ	الٓمّٓ	لا الہ الا اللہ
یا فتاحُ	ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ	یا قیومُ
یا حیُّ	سُبْحٰنَ رَبِّ لَا یَسْھُو	یا فتاحُ
لا الہ الا اللہ	سُبْحٰنَ رَبِّ لَا مَلْھُو	لا الہ الا اللہ

برائے امساک

جائز امساک کے لئے۔ ایک نقش کو اپنی کمر میں باندھے اور ایک نقش کو موم کے اندر گولی بنا اپنی زبان کے نیچے رکھے۔ جب تک گولی منہ میں رہیگی۔ انزال نہ ہو گا۔

د	لی	ط	ص	د
د	ھو	صلہ	ر	حج
لو	اھم	ر	ر	ھ
ھھ	ھھ	اطہ	ط	دہ

درد ناف

اگر مرد و عورت کو ناف ٹل جانے کی شکائت ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھے۔ اور اپنی کمر میں باندھ لے اور ایک عدد نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گھول کر پی لے۔ پھر کبھی بھی ناف نہیں ٹلے گی۔

یا اللہ یا الرحمن	یا اللہ یا الرحمن	یا اللہ یا الرحمن
یا اللہ یا الرحمن	فلاں بن فلاں	یا اللہ یا الرحمن
یا اللہ یا الرحمن	یا اللہ یا الرحمن	یا اللہ یا الرحمن

پٹھوں کی خرابی کے لئے

اگر کسی کو پٹھوں کا مرض ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر بازو یا گلے میں باندھ لے۔ اور ایک عدد شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ یا پانی میں گھول کر پی لیا کرے۔ انشاء اللہ اس مرض سے جان چھوٹ جائیگی۔


۲۷۳	۱۷۳	۱۳۳	[illegible]
[illegible]	۴۸۷۳	۴۸۷۳	[illegible]
یا قیوم	۷۸۶	۷۸۶	یا حی

آدھے سر کا درد کے لئے

جس کو آدھے سر کا مرض ہو تو صرف اس نقش کا پانی پیئے۔ لیکن درد زیادہ ہونے کی وجہ سے لکھ کر بوقت ضرورت باندھ لیا کرے۔

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	فلان بن فلان	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

ایضاً۔ اسی مقصد کیلئے اس نقش کو گلے یا بازو پر باندھے۔



درد شقیقہ

درد شقیقہ کے عارضے سے چھٹکارہ پانے کے لئے اس نقش کو دھو کر پیئے اور بوقت ضرورت درد کے مقام پر باندھ لے۔ پھر اتار لیا کرے۔

٧٣٦١	٥٠٦١	٧٤٦١	٤٤٦١
٨٤٦١	٣٤٦١	٨٣٦١	٩٤٦١
٩٤٦١	٥٤٦١	٢٥٦١	٩٣٦١


سفلی علم سے مرد بستہ کیا ہو

اگر کسی نے اپنے سفلی علم و جادو ٹونہ کے ذریعہ کسی مرد کو بستہ کر دیا ہو اور وہ اپنی عورت سے جماع کرنے کے قابل نہ رہا ہو۔ تو یہ نقش ۴ عدد تحریر کرے۔ ایک اپنے گلے میں باندھے۔ دو بازوؤں کے ساتھ باندھے۔ باقی ایک کو صبح نہار منہ پیا کرے۔ اور اس میں زیادہ تاثیر پیدا کرنے کے لئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔ تین دنوں کے اندر جماع کرنے کے قابل ہو گا۔

ئ ئ ئ ئ ۂ ۂ ۂ ۂ ۂ ئ ئ ئ ئ ئ		
یا معاذ	یا حی	یا قیوم یا شمس
یا قائم	یا قمر	یا ذا الجلال
یا قیوم یا شمس	یا قیوم	والاکرام
ع ع ع ع ع ص ص ص ص ص ص و بحق خا خا		

واپسی گریختہ

اگر کوئی گھر سے بھاگ جائے یا کسی کو بھی بتائے بغیر کہیں چلا گیا ہو اور باعث پریشانی واپسی کی کوئی سبیل بھی نظر نہ آ رہی ہو۔ تو اس نقش کو چار کو چار طرح مثلاً آتشی' بادی' آبی' خاکی استعمال کرے۔ انشاء اللہ تین دنوں کے اندر گمشدہ واپس آئیگا۔




مال چوروں سے محفوظ رہے

اگر کسی کو اپنے مال و متاع کے چوری ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہو تو اس کی کامل حفاظت کے لئے۔ اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں تحریر کرے۔ ایک نقش کو اپنے مال میں رکھے اور دوسرے کو اسی جگہ اوپر لٹکا دے۔ لیکن کسی کو نظر نہ آئے۔ مال کی ہر طرح سے حفاظت ہو گی۔

یَا حَافِظُ	۳۰۹	۲۵۷	یَا حَفِیظُ
۲۵۸	۳۴۲	۱۹۰	۳۰۵
۳۰۶	۱۶۸	۹۹۱	۳۲۳
یَا نَاصِرُ	۲۵۶	۳۴۰	یَا نَصِیرُ

تپ و لرزہ

اگر تپ و لرزے کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو روزانہ اس نقش کو جب بھی فرصت ملے۔ تانبے یا چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر رکھ لے۔ اور اس پر گاہے بگاہے شہد ڈال کر چاٹتا رہے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اس مرض سے مکمل طور پر جان چھوٹ جائیگی۔



آنکھوں میں نور کی زیادتی

اگر آنکھیں دکھتی ہوں۔ یا ان میں درد رہتا ہو یا پڑبال' موتیا' ہو ان تمام امراض سے چھٹکارہ پانے کے لئے۔ اس نقش کو تازہ پانی میں گھول کر رکھ لے۔ اور آنکھوں میں چھینٹے مارتے وقت کوئی بڑا سا برتن نیچے رکھ لے تا کہ پانی نیچے نہ گرے اور گناہ نہ ہو۔ انشاء اللہ ان تمام امراض سے شفاء ہو گی۔

كهيعص	يا البصير	حمعسق
يا البصير	حم	يا البصير
حمعسق	يا البصير	كهيعص

فلان بن فلان

بچہ ضد کرے یا بہت روئے

اگر بچہ ہربات میں ناجائز ضد کرتا ہو اور ہر وقت ناجائز روتا ہو تو اس نقش کو ۲ عدد سعد ساعت میں لکھے۔ ایک بچے کے گلے میں پہنادے اور دوسرا اس کو ہر کھانے پینے والی شے میں پلادیا کرے۔ انشاء اللہ بچہ نہ تو ناجائز ضد کریگا اور نہ ہی بلاوجہ روئے گا۔

١	ط	ھی	ط	١
ط	٢	ط	ھی	ط
ھی	ط	٣	ط	ھی
ط	ھی	ط	٤	ط
١	ط	ھی	ط	٥

بچہ دودھ پیئے

اگر بچہ اپنی ماں کا دودھ نہ پیتا ہو تو اس نقش کو پانی میں گھول کر دودھ میں ملا کر بچے کو پلائے۔ اور ایک عدد نقش کو بچے کے گلے میں ڈال دے۔ بچہ خود بخود ماں کے دودھ کی تمنا کریگا۔ اور ماں کا دودھ ہی پیئے گا اور ہر مرض سے شفاء پائیگا۔

<table dir="rtl">
<tr><td colspan="4">یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم قائم</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td><td>یا حی</td></tr>
<tr><td colspan="4">یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا قیوم قائم</td></tr>
</table>

زیادتی رزق

کشائش و فراوانی کے لئے اس نقش کو لکھ کر ایک اپنے روپے والی جگہ پر رکھے اور ایک مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ زیادتی رزق کے غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

۱۹۳۸۵	۱۹۴۲۰	۱۹۲۰۰	۱۹۳۹۲
۱۹۰۴۰۱	۱۹۳۹۵	۱۹۳۹	۱۹۲۴۲
۱۹۳۹۴	۱۹۳۹۸	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۱
۱۹۴۲	۱۹۳۹۱	۱۹۲۹۳	۱۹۳۹۹

زہر کا اثر دور ہو

اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے اور آہستہ آہستہ یہ زہر جسم میں پھیلنا اور اثر دکھانا شروع کرے۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھکر جہاں کاٹا ہو وہاں باندھ دے اور وقفہ وقفہ سے یہی نقش پیتا رہے۔ انشاء اللہ زہر اثر نہیں کرے گا۔

بسم اللہ	شحہ	قرینۃ	ملحۃ
یحیر تقطا	یامن	نلوی	الفجر
فاشن	ولیحبث	محمد	بحق
سلامہ	علی حی	نوح العلمین	فلاں بن فلاں

امتحان میں کامیابی

اگر کوئی بار بار امتحان میں ناکامی کا شکار رہتا ہو یا امتحان میں اچھی پوزیشن حاصل کرنا چاہتا ہو۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے بازو یا گلے میں باندھے۔ اور عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد تین سو مرتبہ الملک القدوس پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے اور اسی کو اپنی کامیابی تک ورد کرتا رہے۔ انشاء اللہ غیب سے مدد کا وسیلہ پیدا ہو گا۔

الملک ۱	ذوالجلال ۷	القدوس ۳
یا رب جبرائیل ۴	فلاں بن فلاں امتحان میں کامیاب ہو	یا رب میکائیل ۵
یا رب عزرائیل ۲	یا مالک الملک ۹	یا رب اسرافیل ۶

الرجی

اگر کسی وجہ سے الرجی کے عارضے میں مبتلا ہو تو اسکے کامل علاج کے طور پر ان چار موکلات کے نام چار مختلف رنگ دار کاغذ پر تحریر کرے اور خوشبو سے معطر کر کے اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ اس عارضے سے مکمل نجات ہو گی۔ اور ایک عدد نقش اپنے تکیے کے نیچے رکھ لے۔ لیکن یہ تکیہ کوئی اور استعمال نہ کرے۔

یا جبرائیل	یا میکائیل
یا مہلائیل	یا ممنائیل

فلاں بن فلاں

تبادلہ کی منسوخی

اگر ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسرے جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہوگیا ہو اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو ہر روز تا حصول مقصد تک بعد نماز عشاء ۱۹ مرتبہ سورت تبت یدا ابی لھب وتب۔ پڑھ کر دعا مانگے اور اس نقش کو اچھی ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے۔ انشاء اللہ جیسا چاہے گا ویسا ہو گا۔

۳۴۱۹	۳۴۳۳	۳۴۳۰	۳۴۲۶
۱۴۳۱	۳۴۷۵	۳۳۳۰	۳۴۳۳
۳۴۲۴	۳۴۲۸	۳۴۳۵	۳۴۲۱
۳۴۳۴	۳۴۲۳	۳۴۳۳	۳۴۲۹

برائے چیچک

جس بچے یا بڑے کو بخار وقفہ وقفہ سے چڑھتا ہو اور چیچک کی وباء کا زور ہو اور یہ ڈر ہو کہ کہیں چیچک نہ ہو جائے۔ تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے اور روزانہ گیارہ دنوں تک ایک عدد پانی میں ڈال کر نہار منہ اس کا پانی پیا کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
یا اللہ شافی یا اللہ کافی یا اللہ معافی

جنسی کشش پیدا کرنے کے لئے

بعض اوقات ایسی صورت پیدا ہو جاتی ہے کہ عورت یا مرد کے اندر جنسی جزبہ یا تو بہت کم ہو جاتا ہے۔ یا کسی نے سفلی علم کے وار سے جنسی کشش کی طرف رغبت باندھ دی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں بالکل توازن پیدا کرنے کے لئے اس نقش کو لکھ کر عورت اپنے سر کی چوٹی میں باندھے اور مرد اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ جنسی کشش متوازن ہوگی۔ اور اسی نقش کو زعفران سے لکھ کر روزانہ نہار منہ پیئے۔

اُلفینُ	اُلفیتُا
اُلقیتُ	اُلفینُ

تشخیص امراض

اگر کوئی ایسا مرض ہو جس کا نہ تو مرض سمجھ میں آرہا ہو اور نہ ہی کوئی دوا علاج کے طور پر کارگر ہو تو اس عمل کو فجر کی اذان کے فوراً بعد سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے مراقبہ کی شکل میں مریض کا تصور کرے۔ فوری طور پر مرض کی کیفیت ذھن پر منکشف ہو جائے گی۔ اس کے بعد نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دے۔ انشاء اللہ ہر طرح کے مرض پر قابو رہیگا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِفۡتَحۡ اِفۡتَحۡ اِفۡتَحۡ اِفۡتَحۡ

۱۲۳۳	۱۲۲۷	۱۲۴۰	۱۲۲۶
۱۲۳۹	۱۲۳۷	۱۲۳۲	۱۲۳۸
۱۲۲۸	۱۲۴۲	۱۲۳۵	۱۲۳۱
۱۲۳۶	۱۲۳۰	۱۲۲۹	۱۲۴۱

ایام کی زیادتی

اگر کس عورت کو ایام کی زیادتی ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر ایک عدد گلے میں ڈال لے اور ایک عدد روزانہ نہار منہ پی لیا کرے۔ انشاء اللہ ایام باقاعدگی سے آئینگے۔

یَاعَجَائِبَ	اَلْخَفَا	وَیَاوَرَاءَ	اَلْخَلْقِ

فلاں بنت فلاں

بدبختی کی وجہ پریشانی

اگر کوئی اپنی ہی کوتاہیوں کی وجہ سے کربناک اذیت میں پھنس گیا ہو اور دن بدن ترقی کی بجائے الٹا پست و نیچے درجے میں پہنچ گیا ہو اور توبہ و استغفار کا طالب ہو اور دوبارہ اپنی اصل جگہ پر پہنچنا چاہتا ہو۔ تو اس نقش کو بروز جمعرات مشک و زعفران سے لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھ ہے۔ اور یہ ہر فرض نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں بلندی کی طرف ہی جائیگا۔ پڑھنے کے لئے

اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ

۱۹۹۵۳۸	۱۹۹۵۳۶	۱۹۹۵۴۱	۱۹۹۵۲۶
۱۹۹۵۴۰	۱۹۹۵۲۸	۱۹۹۵۱۴	۱۹۹۵۳۹
۱۹۹۵۳۶	۱۹۹۵۳۲	۱۹۹۵۳۲	۱۹۹۵۳۳

فلاں بن فلاں

جدول

نام سورۃ	ابجد	فطرت	عنصر	موکل	سمت
فاتحہ	۹۴۶۱	جلالی	آتشی	سَرھَماکیلُ	مشرق
آل عمران	۱۸۴۹۵۶	جلالی	آتشی	راسُرافیلُ	مشرق
نساء	۱۱۳۸۵۹۳	جمالی	بادی	حَولائیلُ	مغرب
مائدہ	۸۴۸۵۴۶	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق
انعام	۹۳۵۳۱۹	جلالی	آتشی	راسُرافیلُ	مشرق
اعراف	۲۵۳۵۹۲	جلالی	آتشی	راسُرافیلُ	مشرق
انفال	۴۱۲۳۷۵	جلالی	آتشی	راسُرافیلُ	مشرق
توبہ	۵۲۸۶۱۵	مشترک	بادی	عِزرائیلُ	مغرب
یونس	۵۵۰۱۰۸	جمالی	بادی	سَراکیتائیلُ	مغرب
ہود	۵۱۴۸۵۱	جلالی	آتشی	دُوربائیلُ	مشرق
یوسف	۵۰۳۹۸۰	جمالی	بادی	سَراکیتائیلُ	مغرب
رعد	۲۴۴۶۹۲	جمالی	خاکی	اَمُواکیلُ	شمال
ابراہیم	۲۴۵۸۱۸	جلالی	آتشی	راسُرافیلُ	مشرق
حجر	۱۷۶۷۰۹	جمالی	بادی	تَنکفیلُ	مغرب
نحل	۵۲۰۱۸۸	جمالی	بادی	حَولائیلُ	مغرب
بنی اسرائیل	۳۸۶۱۳	جلالی	بادی	رجبرائیلُ	مغرب
کہف	۵۰۵۵۱۷	مشترک	آبی	حَروزائیلُ	جنوب
مریم	۲۸۹۶۴۴	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق

طٰہٰ	۳۹۹۲۸۳	جلالی	آتشی	اُسْمَائِیلُ	مشرق
انبیاء	۳۸۲۲۱۹	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
حج	۳۸۲۳۴۴	جمالی	بادی	تَنْکَفِیلُ	مغرب
مومنون	۳۵۱۷۱۴	جلالی	آتشی	رُوِیَائِیلُ	مشرق
نور	۴۰۲۴۵۷	جمالی	بادی	حُولَائِیلُ	مغرب
فرقان	۱۰۹۵۷۵	جلالی	آتشی	سَرْهُمَاکِیلُ	مشرق
شعراء	۴۰۳۷۳۷	جلالی	آتشی	عِزْرَائِیلُ	مشرق
نمل	۳۴۰۹۶۲	جمالی	بادی	حُولَائِیلُ	مغرب
قصص	۳۰۵۱۲۰	مشترک	آبی	عُطْرَائِیلُ	جنوب
عنکبوت	۲۷۵۲۹۷	جمالی	خاکی	لُومَائِیلُ	شمال
روم	۲۷۰۳۷۷	جمالی	خاکی	اَمُوَاکِیلُ	شمال
لقمان	۱۵۹۰۰۰	جمالی	خاکی	طَاطَائِیلُ	شمال
سجدہ	۱۱۳۳۴۲	مشترک	آبی	هُمُوَاکِیلُ	جنوب
احزاب	۳۵۵۲۵۸	جلالی	آتشی	اِسْرَافِیلُ	مشرق
سباء	۲۵۳۴۱۹	مشترک	آبی	هُمُوَاکِیلُ	جنوب
فاطر	۲۴۲۷۷۳	جلالی	آتشی	سُرْهُمَاکِیلُ	مشرق
یٰسین	۲۵۹۳	جمالی	بادی	سُرَاکِیتَائِیلُ	مغرب
والصفت	۲۶۴۷۵۴	جلالی	بادی	رُفْتَمَائِیلُ	مغرب
ص	۲۲۹۳۳۷	مشترک	بادی	اَهْجَمَائِیلُ	مغرب
زمرہ	۶۰۶۵۸۵	مشترک	آبی	شُرْفَائِیلُ	جنوب
مومن	۲۶۵۸۳۷	جلالی	آتشی	رُوِیَائِیلُ	مشرق

حم سجدہ	۲۴۵۸۳۷	جمالی مشترک	بادی	تُنکَفِیلُ	مغرب
شوریٰ	۲۰۱۳۳۹	جلالی	آتشی	ہُمرائیلُ	مشرق
زخرف	۲۶۰۶۹۷	مشترک	آبی	شُرفائیلُ	جنوب
دخان	۹۷۷۹۳	جمالی	خاکی	دُردائیلُ	شمال
جاثیہ	۱۵۰۱۵۳	مشترک	آبی	کُلکائیلُ	جنوب
احقاف	۷۳۷۷۴	جلالی	آتشی	اِسرافیلُ	مشرق
محمد	۱۸۰۶۵۵	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق
فتح	۱۸۸۸۲۸	جلالی	آتشی	سُرھُماکِیلُ	مشرق
حجرات	۱۰۲۸۹۲	جمالی	بادی	تُنکَفِیلُ	مغرب
ق	۱۰۹۷۳۶	مشترک	آبی	عُطرائیلُ	جنوب
زاریات	۱۹۸۴۴	مشترک	آبی	شُرفائیلُ	جنوب
طور	۹۴۱۸۳	جلالی	آتشی	اُسمائیلُ	مشرق
نجم	۱۱۲۲۷۴	جمالی	بادی	حُولائیلُ	مغرب
قمر	۱۲۲۴۵۰	مشترک	آبی	عُطرائیلُ	جنوب
الرحمن	۱۲۱۳۱۴	جلالی	آتشی	اِسرافیلُ	مشرق
واقعہ	۱۰۲۹۶۵	جلالی	بادی	رُفتمائیلُ	مغرب
حدید	۱۹۸۹۲۴	جمالی	بادی	تُنکَفِیلُ	مغرب
مجادلہ	۳۴۲۳۷	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق
حشر	۱۳۳۴۶۱	جمالی	بادی	تُنکَفِیلُ	مغرب
ممتحنہ	۱۰۱۳۵۰	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق
صف	۵۹۰۶۰	مشترک	بادی	اُھُمجمائیلُ	مغرب

جمعہ	۶۱۵۲۵	مشترک	آبی	کلکائیل	جنوب
منافقون	۵۳۲۵۶	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
تغابن	۷۷۴۱	مشترک	بادی	عزرائیل	مغرب
طلاق	۸۱۸۰۱۲	جلالی	آتشی	اسمائیل	مشرق
تحریم	۴۹۲۳۲	مشترک	بادی	عزرائیل	مغرب
ملک	۹۹۵۹۴	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
ن نون	۹۳۷۰۸	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب
حاقہ	۸۱۷۱۹	جمالی	بادی	تنکفیل	مغرب
معارج	۷۳۵۲۵	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
نوح	۷۲۱۴	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب
جن	۶۰۶۳۳	مشترک	آبی	کلکائیل	جنوب
مزمل	۶۸۴۶۶	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
مدثر	۹۲۳۵۵	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
قیمہ	۵۴۶۰۷	مشترک	آبی	عطرائیل	جنوب
دھر	۷۷۵۸۸	جمالی	خاکی	دردائیل	شمال
مرسلات	۷۰۶۳۴	جلالی	آتشی	روبائیل	مشرق
نباء	۵۲۶۵۶	جمالی	بادی	حولائیل	مغرب
والنازعات	۶۷۲۵۳	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
عبس	۵۱۳۱۸	جمالی	خاکی	لومائیل	شمال
تکویر	۳۸۲۹۹	مشترک	بادی	عزرائیل	مغرب
انفطار	۳۶۷۴۵	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق

تطفیف	۴۸۷۰۷	مشترک	بادی	عزرائیل	مغرب
اشقاق	۲۸۸۴۶	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
بروج	۳۲۱۵۵	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
طارق	۱۷۷۶۵	جلالی	آتشی	اسمائیل	مشرق
اعلیٰ	۱۷۷۰۴	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
جاشیہ	۳۶۴۵۷	جمالی	خاکی	لوخائیل	شمال
فجر	۸۹۰۹۲	جلالی	آتشی	سرہماکیل	مشرق
بلد	۲۴۲۹۴	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
والشمس	۱۹۴۹۹	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
واللیل	۲۹۶۶۶	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
والضحی	۱۳۴۲۲	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
الم نشرح	۱۲۴۶۱	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
والتین	۱۰۲۴۷	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
فلق	۲۲۵۴۱	جمالی	خاکی	لومائیل	شمال
القدر	۸۳۱۱	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
بینہ	۳۱۲۲۳	جلالی	بادی	جبرائیل	مغرب
زلزال	۱۹۹۶۶	مشترک	آبی	شرفائیل	جنوب
والعادیات	۱۳۳۵۴	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب
القارعہ	۱۳۴۶۴	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
الکوثر	۱۰۳۶۷۰	جلالی	آتشی	اسرافیل	مشرق
والعصر	۴۷۴۰	جلالی	بادی	رفتمائیل	مغرب

ہمزہ	۸۳۴۱	جلالی	آتشی	دُورَبائیلُ	مشرق
فیل	۵۸۵۹	جلالی	آتشی	سُرھَماکیلُ	مشرق
قریش	۶۳۰۴	مشترک	آبی	عَطرائیلُ	جنوب
ماعون	۹۲۵۴	جلالی	آتشی	رُوبائیلُ	مشرق
کوثر	۲۷۵۴	مشترک	آبی	حُرُوذائیلُ	جنوب
کافرون	۲۸۳۴	مشترک	آبی	حُرُوذائیلُ	جنوب
نصر	۶۱۲۴	جمالی	بادی	حولائیلُ	مغرب
تبت یدا	۵۸۲۶	مشترک	بادی	عِزرائیلُ	مغرب
اخلاص	۱۰۰۴	جلالی	آتشی	اِسرافیلُ	مشرق
فلق	۸۶۷۷	جلالی	آتشی	سُرھَماکیلُ	مشرق
ناس	۵۴۹۶	جمالی	بادی	حولائیلُ	مغرب

زیادتی پیار و محبت

اگر طالب چاہے کہ اس کا محبوب اس کے ساتھ بہت زیادہ پیار و محبت کرے اور محبوب مطلوب کی طرف التفات نہ کرتا ہو اور نہ ہی کوئی بات سنے تو طالب کسی طریقہ سے اپنی چھنگلی انگلی کا تھوڑا سا ناخن تراش لے اور اپنی قمیض کا تھوڑا سا کپڑا پھاڑ لے۔ اب ان دونوں اشیاء کو نقش مشک و زعفران گلاب سے لکھ کر رکھ کر کسی مٹی کے پیالے یا طشتری میں جلالے۔ اب کسی بھی طریقہ سے یہ راکھ کسی کھانے والی چیز میں کھلادے۔ اور تھوڑی سی خاک میں پانی ڈال کر پانی بھی پلادے اس عمل سے محبوب ایسا مطیع و مسخر ہوگا کہ مطلوب کے بغیر کہیں بھی نہیں رہ سکیگا۔ بعد میں کسی سے بھی اس عمل کا ذکر نہ کرے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں اس نقش کو (۷) عدد لکھ کر سات دنوں تک آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو کھلادے۔ پھر اس عمل کو کرے بہت زود اثر و سریع التاثیر عمل ہے۔

١٩و ١١	سمہح١٥	لآحاماہ	٤ح٥
٩٥ک١	٩ج حا	٤٤ د	وص ص
بوجو	حب	رح ب ١	س ١ ٩
در	روخ	١١عات	رع ٦

فلاں بن فلاں علی المحب فلاں بن فلاں

میاں بیوی میں اتفاق


اگر میاں بیوی روزانہ لڑتے جھگڑتے ہوں اور نوبت طلاق پر پہنچ جائے اور اس وجہ سے تمام گھر والے پریشان رہتے ہوں تو اس نقش کو ان دونوں میں کوئی بھی انار کے درخت پر لٹکا دے اور ایک عدد چھوٹا سا مٹی کا کوزہ لا کر ایک نقش لکھ کر اس میں رکھ کر اوپر شکر ڈال دے اور پانی کے نزدیک مثل دریا یا نہر میں دفنا دے۔ ان دونوں میں ایسا اتفاق بنے گا کہ سب لوگ حیران ہوں گے۔

۱۱۱	۹۹ ۴۱	ررن	۷	۴
۱۱	۴۹۱۱	۴۲۱۱	۹۹	۴۹
۴۱۸۹	۴۶۱	۴۹۱۱	۲۱۱	۴
۷۹۱۰	۴۱۱۹	۹۱۹ ۱۰	۱۹	۴
۴۸	۱۱ ۴	۱ ۸	۵۱۱۹	۲

فلاں بن فلاں علی المحبت فلاں بن فلاں

منہ زور محبوب

منہ زور مطلوب کو راہ راست پر لانے کے لئے اور اپنی ہر جائز بات منوانے کے لئے مطلوب اپنے سر کے تین عدد بال کاٹے اور تھوڑا سا ناخن اپنے الٹے ہاتھ کا تراش لے۔ اس نقش میں رکھ کر جلا کر کسی طریقہ سے محبوب کو کھلا دے اور پھر بعد میں موقع ملنے پر اس نقش کا پانی محبوب کے گھر میں چھڑک دے۔ اس عمل سے محبوب کبھی بھی مطلوب سے ناراض نہیں ہو گا۔ اور ہر بات مانے گا دن کو دن اور رات کو رات کہے گا۔



تسخیر مطلوب

محبوب کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے اس نقش کا پانی دھو کر محبوب کو پلائے اور اسی نقش کو انڈے پر لکھ کر پھل دار درخت پر لٹکائے اگر انڈے پر نقش کو درج نہیں کر سکتا تو لکھ کر انڈے پر باندھ کر لٹکا دے۔

ل ل ل	ل ل ل	ل ل ل
ooo	ooo	ooo
[illegible]	[illegible]	[illegible]

حاضری مطلوب

اگر محبوب کہیں بھی دور چلا گیا ہو اور اس کی حاضری مطلوب ہو۔ اس کو واپس اپنے ہاں حاضر کرنے کے لئے اور زیادتی محبت کے لئے اس عمل کو بروز جمعرات سورج نکلنے کے ایک گھنٹے بعد اگر عورت ہو تو مادہ مرغ' اور اگر مرد کی محبوب عورت ہو تو نر مرغی کے خون سے یہ عمل لکھ کر محبوب کی گزرگاہ یا اس گھر میں دفنا دے۔ جہاں محبوب رہتا ہے۔ ایک مرتبہ اس عمل کا منہ بولتا اثر آپ خود دیکھ لیں گے۔

مہ ۹	مہ ۱۱	عہ ۱	۱
۳	۲	۸	۲۱
عہ ۳	مہ ۱۶	مہ ۹	عہ ۶
علح	دولہ	۲ع	سلح


محبوب کا دل پھیرنا

اگر محبوب مطلوب کو پسند نہ کرتا ہو اور کسی کی خواہش دل میں رکھے اور اس سے ناجائز تعلقات استوار رکھے۔ تو اس نقش کو 7 عدد تیار کرے۔ محبوب اور اس کی مطلوبہ محبوبہ کا نام لکھ کر زوال کے وقت ہی روزانہ بارہ بج کر پانچ منٹ پر اس نقش کو پھاڑ دے۔ جب اس نقش کو پھاڑ دے۔ تو آگ میں جلادے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھتا جائے۔ جب سات دن عمل کرے۔ تو اس جمع شدہ راکھ کو محبوب کے کپڑے میں لپیٹ کر محبوب کے گھر پھینک دے یا دفنا دے۔ محبوب خود بخود اس محبوب سے منہ موڑ لیگا اور اس کا ساتھ چھوڑ دیگا۔ جس سے ناجائز تعلقات بنائے ہوں گے۔

اِلّا حبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حبّ اِلّا
اِلّا حبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا
اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا	اِلّا حُبّ اِلّا

محبوب کو جلد از جلد بلانے کے لئے

اگر محبوب کہیں دور دراز ناراض ہو کر چلا گیا ہو تو اس کو منانے اور جلد از جلد حاضر کرنے کے لئے اس نقش کو ۲۱ عدد تحریر کرے اور آگ جلا کر بتی بنا کر وقفہ وقفہ سے آگ میں جلاتا جائے اور دوران عمل یا غفور یا ودود کا ورد کرے۔ محبوب اگر سات سمندر پار بھی ہو گا۔ تو بہت جلد حاضر ہو گا۔




میاں بیوی کے اتفاق کے لئے

اگر میاں بیوی کا آپس میں ستارہ و مزاج نہ ملتا ہو اور ان کا آپس میں رہنا مشکل و دشوار بن گیا ہو تو اس عمل کو لکھ کر ایک تانبے کا ٹکڑا لائے اور اس لکھے ہوئے عمل کو تانبے کے ٹکڑے میں اچھی طرح بند کرے اور گھوڑے کی چھ سوراخ والی نعل لا کر لوہے کی تار سے باندھ کر آگ کے اندر رکھ دے۔ جب بالکل لال سرخ ہو جائے تب آگ پر سے اتار لیا کرے۔ جب فرق محسوس کرے۔ تو نعل کو کم سرخ کرے یہ عمل ہمیشہ کے لئے کام دیتا ہے اور ایک مرتبہ بھی کرنا پڑتا ہے۔ عمل کو مشک و زعفران سے لکھ کر پھر بند کرے۔

وبوجو ۳۱۲	فلان بن فلان	۱۷۶۱ ووبو
یاملطیا ۱۰۲	علی المحب	ھاھلطیا ۲
شمھیثا ۱۰۲	فلان بن فلان	شمھیثا

برائے حب

اگر کسی بیوی کا خاوند اپنی بیوی سے رجوع نہ کرتا ہو اور ہر وقت بازاری یا آوارہ عورتوں کے پاس اپنا وقت گزارتا ہو تو اس طلسم کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر آگ کی گرمی پہنچائے اگر عنصر خاکی ہو تو زمین میں دفن کرے۔ اگر بادی ہو۔ تو اس ٹھیکری کو کسی موم جامہ میں لپیٹ کر ہوا میں لٹکا دے۔ اگر عنصر آبی ہو تو نمدار جگہ میں دفن کرے۔ انشاء اللہ اس بیوی کا خاوند بحکم خدا تمام برے کام چھوڑ کر توبہ کریگا اور زیادہ رجحان اپنی بیوی کی طرف رکھے گا۔



جو عورت مرد سے بے رغبتی رکھتی ہو

اگر کوئی کنواری لڑکی شادی کی خواہش نہ رکھتی ہو اور اس کی عمر دن بدن بڑھتی جارہی ہو اور وہ شادی کے لفظ سے بھی نفرت کرے۔ تو مسجد کے اندر سے خاک جمع کرے اور اس لڑکی کے کپڑے پر اس نقش کو درج کر کے گلاب کے عرق میں مٹی اور اس کپڑے کو ڈال دے اور کسی طریقہ سے اس حل شدہ پانی کو اس کے بستر پر چھڑک کر اس کے اوپر بچھونا بچھادے اور جب مٹی نیچے بیٹھ جائے تو یہ عرق کسی کھانے پینے والی شے میں پلا کر عمل ختم کردے۔ لڑکی خود شادی کی خواہش کریگی۔

وَاَذِّنْ	فِی النَّاسِ	بِالْحَجِّ	یَاْتُوْکَ
رِجَالًا	وَّعَلٰی کُلِّ	ضَامِرٍ	یَّاْتِیْنَ
مِنْ کُلِّ	فَجٍّ	عَمِیْقٍ	فلاں بن فلاں

محبوب پیار کا اقرار نہ کرے

اگر محبوب پیار کا اقرار نہ کرتا ہو تو اس نقش کو ایک عدد اپنی بازو پر باندھے اور ایک عدد انار کے درخت پر اور ایک عدد گلاب کے پودے پر لٹکادے۔ پیار زیادہ ہونا ایک علیحدہ بات ہے۔ اگر درمیان میں کوئی رکاوٹ بھی ہوگی۔ تو انشاء اللہ خود بخود دور ہوتی چلی جائیگی۔

۱۴۷	۱۶۱	۱۵ ع	۱۵۹
۱۵۳	۱۴۸ فلاں	۱۶۰ فلاں بن	۱۵۲
۱۶۶	۱۶۳ علی الحب	۱۴۹ فلاں بن فلاں	۱۶۲
۱۵۰	۱۵۱	۱۵۷	۱۵۹

اپنی من پسند و محبوب سے شادی کرنے کے لئے

اگر کسی جگہ اپنی من پسند شادی کرنی ہو یا محبوب سے زیادہ پیار کی وجہ سے شادی کرنا ہو اور محبوب بھی شادی کی خواہش رکھتا ہو۔ لیکن درمیان میں حائل شدہ رکاوٹوں کی وجہ سے یہ کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچتا ہو تو نقش قل شریف کو اپنے سرہانے رکھے ایک عدد نقش کو اپنی بازو کے ساتھ باندھ لے اور نیت کر کے روزانہ محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق قل شریف پڑھ کر محبوب کو یا جہاں شادی کرنی ہو تصور رکھ کر دم کر دیا کرے۔ درمیان میں تمام حائل شدہ رکاوٹیں خود بخود دور ہو نگی۔

قُلْ	ھُوَ	اَللّٰہُ	اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ
ھُوَ	اَللّٰہُ	اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ
اَللّٰہُ	اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ
اَحَدٌ	اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ
اَللّٰہُ	الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ
الصَّمَدُ	لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ	لَہٗ
لَمْ	یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ	لَہٗ	کُفُوًا
یَلِدْ	وَلَمْ	یُوْلَدْ	وَلَمْ	یَکُنْ	لَہٗ	کُفُوًا	اَحَدٌ


میاں بیوی کی نفرت ختم کرنے کے لئے

اگر میاں بیوی آپس میں پیار و محبت سے رہنے کو تیار نہ ہوں تو ان کی دشمنی و جدائی دور کرنے کے لئے اور اس کو پیار و محبت میں بدلنے کے لئے ایک نقش کو اپنی بازو پر باندھے اور ایک عدد انار کے درخت پر لٹکا دے۔ آپس میں سلوک و محبت قائم ہو گا۔

الوَلِیُّ	یَارَحِیمُ	اَرْحَمُ
یَااَللّٰہُ	فلان بن فلان علی الحب فلان بن فلان	یَابَصِیرُ
یَسِیرُ	یَاحَمِیدُ	یَاالوَلِیُّ

میاں بیوی جھگڑا نہ کریں

اگر میاں بیوی دونوں ہی زبان درازی کرتے ہوں تو اس نقش کو دھو کر اس کا پانی ان دونوں کی چارپائی کے پاس پھینک دے۔




خاوند کا ناجائز زنا روکنے کے لئے

اگر کسی شریف عورت کا خاوند اپنی بیوی کو چھوڑ کر غیر جگہ ضرورت پوری کرتا ہو۔ نہ ہی گھر کا خرچہ دے اور نہ ہی اپنی بیوی کو اچھا سمجھے یا کسی دوسری عورت نے اس کے خاوند کو کالے علم و جادو ٹونہ سے اپنے قابو میں کرلیا کرے تو اس کے اس فعل کو ختم کرنے کے لئے۔ ایک سفید رنگ کا مرغ لائے اور ایک نیا قفل خریدے۔ مرغ کو ذبح کرکے اس کے خون سے اس عمل کو تحریر کرلے اور اسی مرغ کی نفس سے نکلتی ہوئی شریان کو کاٹ لے پھر اپنے مرد کی شلوار نفس والی جگہ سے کاٹے۔ لیکن تعویذ کو کپڑے کے ساتھ نہ باندھے۔ اب نقش کو قفل کے اندر یا باہر اچھی طرح باندھ کر کسی شہید یا بزرگ کی قبر کے پاس دفن کردے اور مرد کی شلوار کے ٹکڑے پر اس شریان کو اچھی طرح باندھ کر نہر یا دریا کے کنارے دفن کردے اور اسی کتاب سے حب کے متعلق جو تعویذ باندھنے والا ہو۔ وہ عورت اپنی الٹی بازو پر باندھ لے۔ تین دن کے اندر وہ مرد اپنی عورت کے علاوہ دنیا کی کسی بھی عورت سے مجامعت کرنے کے قابل نہیں رہیگا۔ بہت مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے اور اب تک جاری ہے۔

یا ایھا الذین	امنوا بالعقود	احلت لکم
بھیمۃ الانعام	الا ما یتلی علیکم	غیر محلی
الصید وانتم حرم	ان اللہ یحکم	ما یرید
فلاں بن فلاں	بالعقود الزنا	فلاں بنت فلاں

حب دوبارہ پیدا ہو

اگر کسی سے پہلے محبت ہو اور وہ محبت عدوات میں بدل جائے تو اس سے دوبارہ پیار و محبت پیدا کرنے کے لئے محبوب کا پہنا ہوا کپڑا حاصل کرے۔ اگر کپڑا نہ ملے تو ریشمی رنگ کا سرخ کپڑا حاصل کرے۔ اس کپڑے پر اس نقش کو درج کرکے پھلدار درخت پر لٹکادے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں عداوت چھوڑ کر دوبارہ پھر حب پر آمادہ ہوگا۔



فلاں بن فلاں علی المحب فلاں بن فلاں

محبوب ہمیشہ مطلوب کا رہے

اگر مطلوب محبوب پر ہمیشہ کا قابو پانا چاہتا ہو تو اس نقش کو سعد اوقات میں چار عدد تحریر کرے۔ ایک پانی یعنی نمدار جگہ پر دفن کرے۔ ایک آگ کے قریب دفن کرے اور ایک محبوب کے گھر دفنادے۔ ایک پھلدار درخت پر لٹکادے۔ محبوب ہمیشہ مطلوب کے قبضے میں رہیگا۔

			ھُد			
	۲۰۱	۴۱	ق	۸	ک	
۲۲	۱۹۹	۷	ع	ر	۲۱	۴۲
	۵	ی	۹	۲۳	۹	
			ھ			

علی المحب فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں

محبوب ہر وقت بیقرار رہے

محبوب کو ہر وقت بے چین و بیقرار رکھنے کے لئے اس نقش کو عورت ہو تو محبوب کا نام لکھ کر اپنی الٹی بازو پر باندھے اور اگر مرد ہو تو عورت کا نام لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھے اور ایک نقش گلاب کی پھول کے اندر رکھ کر اس میں سات عدد سوئیاں چبھو کر نیم کے درخت پر رکھ کر کیل لگا کر ٹھونک دے۔ مطلوب ہمیشہ محبوب پر غالب رہیگا۔

ععع ری ھھ	ک ی ق خ دو وحسن	مھھا علقۃ نوری
ابن ۲ نوح	نعش رب اسجن بمن وھوی	سعداللہ میکائیل
علی محمد	نازہ وقادر حاکائیل سعاحسنہ	جیدد جیدد

محبوب دھوکہ دے

اگر مرد و عورت آپس میں عاشق و معشوق ہوں اور ان دونوں میں سے کوئی بدل جائے یا دھوکہ دہی سے کام لے اور مکمل طور پر دھوکہ باز بن کر مطلوب کی زندگی خراب کر دی ہو تو اس کو نصیحت کروانے کے لئے اس نقش کو لکھ کر کانٹے دار درخت مثل ببول پر لٹکا دے اس کو نصیحت حاصل ہو گی۔ آئندہ کبھی دھوکہ دہی سے کام نہیں لیگا۔

ف ا	ال	موع	فلان بن فلان
ط امط	ح سحر	او	کو نصیحت حاصل
مالرملو	ح دت	ح ت و	ہو۔ وبحق
ا ح م	ولہ	د ۹	اطمطائیل

محبوب کو اپنے اوپر فریفتہ کرنے کے لئے

محبوب کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے ایک نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ایک عدد کو محبوب کو پلائے اگر محبوب کو نقش پلا نہیں سکتا ہو گا۔ تو اس نقش پر نیلا دھاگہ لپیٹ کر گلاب کے پودے پر لٹکا دے۔ محبوب ہر طرح سے مطیع و فرمانبردار رہیگا۔

اللہ	اللہ	اللہ
١٠٠٥	١٠١٠	١٠٠٣
١٠٠٤	١٠٠٦	١٠٠٨
١٠٠٩	١٠٠٢	١٠٠٧
اللہ	اللہ	اللہ

شوہر کی محبوب بیوی بننے کے لئے

اس نقش کو سعد ساعت میں چاندی کے ٹکڑے پر کندہ کروا کر عورت بغیر چمڑے کے اسی چاندی کو موڑ کر نقش کی شکل میں ڈوری ڈال کر اپنی سیدھی بازو پر باندھے رکھے۔ اس کا خاوند ہی اپنی بیوی کا عاشق و دیوانہ بنا رہیگا اور اس میں زیادہ سے زیادہ تاثیر پیدا کرنے کے لئے ایک عدد نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلاب کے پودے پر لٹکا دے۔

٢٠٠٩	٦٠١٣	٦٠١٦	٢٠٠٢
٦٠١٥	٦٠٠٣	٦٠٠٨	٦٠١٤
٦٠٠٤	٦٠١٨	٦٠١١	٦٠٠٧
وحط السلام	١١١١	٥١٦ ک	٨٦٩٩

محبوب پر قبضہ کرنے کے لئے

اگر محبوب پر قبضہ کرنا ہو تو اس نقش کو برائے تسخیر سعد ساعت میں لکھ کر اپنی سیدھی بازو پر باندھے۔ محبوب کبھی بھی جدا نہ ہو گا۔ محبوب پر ہمیشہ قبضہ جما رہیگا۔

	الله	الله	الله	
حی	١٠٠٣	١٠١٠	١٠٠٥	قیوم
حی	١٠٠٨	١٠٠٦	١٠٠٤	قیوم
	الله	الله	الله	

میاں بیوی کی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی پیدا ہو چکی ہو اور بہتری کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی ہو تو اگر مرد ہے تو عورت اپنے الٹے بازو پر اس نقش کو باندھے اور اپنے خاوند کے نام کے اعداد کے مطابق نقش کے اندر درج اسماء کو ورد کرے اور اگر عورت ٹھیک نہ ہو تو مرد نقش کو اپنی سیدھی بازو پر باندھے اور عورت کے نام کے مطابق اسماء کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے اجڑا ہوا گھر دوبارہ بحال ہو گا۔

یا بدوح تبدو حب من البدوح مى البدوح					
١	قد شغفہا	٨	حبا انا	٦	لنرہا
٥	وانہ	٣	لحب	٧	الخیر
٩	لشدید	٤	وبحق	٢	شیونا شیوہ کبریہ
بدوحک تبدو حب من البدوح فی البہ وح					

فلان بن فلان علی الحب فلاں بنت فلاں

عورت و مرد کی بد تمیزی روکنے کے لئے

اگر خاوند اپنی عورت سے یا عورت اپنے خاوند سے بد تمیزی کرتے ہوں۔ گھر کا سکون و ماحول برباد کر دیا ہو اور مرد گھر خرچہ نہ دیتا ہو تو وہ عورت اپنے منہ میں پانی بھر کر اس نقش کو ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر کلی کیا کرے۔ تین دن تک کلی کیا ہوا پانی اس نقش والی جگہ میں جمع کرتی رہے یا کرتا رہے پھر جو زیادہ بد تمیزی کرتا ہو وہ پانی اس کو پلادے۔ اس عمل کا نعم البدل بھی مشکل سے ملتا ہے مطلوب یا کسی کا بھی نام نہ لکھے صرف تسخیر کا تصور رکھ کر عمل کرے۔



برائے حب

یہ تمام نقوش حب کے لئے مجرب المجرب ہیں۔ ان میں سے پہلا آتشی، دوسرا بادی، تیسرا آبی، چوتھا خاکی طبع کے لئے ہے۔ اگر محبوب کا تعلق عنصر آتشی سے ہو تو تمام قواعد و قانون کے مطابق ہر طبع سے استعمال کرے۔ بہت اثر التاثیر نقوش ہیں۔

☆ او	مه ۱۲۱عه ۸	☆ مه ۹
۲۳ع۲۱	فلاں بن فلاں	۶م۶۱عه
۳۴۱ی	مه ۳ع۳۲۴۱	۱۱۷عه ۹

یحبونھم کحب	والذین کحب	اللّٰہ والذین
اللّٰہ والذین	فلاں بن فلاں	یحبونھم کحب
۱۱۷ ۱۱ ۹	۳۱۲۶۶ع	و۱۱۱۱ ط

۱۳اوی عه	عمه ۱۲۱	۱۱۵ی مه
مُ تِ عُ نُ	فلاں بن فلاں	عَ ظِ یُ مُ
۶۰۱۴	۶۰۰۸	۶۰۱۸

۵۲۲۹	۳۸۳۵	۴۱۲۸
۳۹۲۶	فلاں بن فلاں	۵۰۳۲
۵۳۴۲	۲۴۵۵	۴۰۳۴

محبوب رجوع کرے

اگر محبوب کو ہر وقت اپنی طرف متوجہ رکھنا ہو اور وہ کسی سے بھی اپنے مطلوب کے علاوہ نہ ملے۔ نہ کوئی قرار کرے۔ تو اس نقش کو سعد ساعت میں لکھ کر عورت اپنی الٹی بازو پر باندھے۔ ہر وقت رجوع کریگا۔

۲۹۰۳	۲۹۰۶	۲۹۰۹	۲۸۹۵
۲۹۰۸	۲۸۹۶	۲۹۰۲	۲۹۰۷
۲۹۰۵	۲۹۰۰	۲۸۹۸	۲۹۰۱

حب

حب زیادتی کے لئے اس نقش کو لکھ کر وزنی پتھر کے نیچے دبادے۔ محبوب بیقرار و بیتاب ہو گا۔ لیکن بعد میں اس پتھر کے وزن کے برابر شیرنی بانٹنی ہو گی۔

۹۵۹	۹۶۲	۹۶۵	۹۵۱
۹۶۴	۹۵۲	۹۵۸	۹۶۳
۹۵۳	۹۶۷	۹۶۰	۹۵۷
۹۶۱	۹۵۶	۹۵۴	۹۶۶

کاروبار کو بحال کرنا

اگر کوئی فرد نئے سرے سے کاروبار کو شروع کرنا چاہتا ہو کاروبار میں خیرو برکت حاصل کرنا چاہتا ہو دکان میں کسی سایہ آسیب جنات جادو ٹونے اور دیگر مخفی مخلوقات کے بد اثرات ہوں دکان میں اثر جنات ہو ان سب کے خاتمے کیلئے پہلے نقش کو زعفران سے جمعرات والے دن لکھ کر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اور دوسرے نقش کو مٹی کے گھڑے میں کالی سیاہی سے لکھ کر ڈال کر اس کے چھینٹے چاروں کونوں میں لگائے بفضل خدا دکان داری میں رکاوٹ ڈالنے اور بد اعمال کروانے یا اس کے بد اثرات کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کو کاروباری ہر بندش کے خاتمے کیلئے کیا جا سکتا ہے۔

دکان پر لٹکانے والا نقش

لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ
لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ
لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ
لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ

چھینٹے لگانے والا نقش

۱	۶۴۵۳۵	۶۴۵۲۹	۸
۶۴۵۳۱	۷	۲	۶۴۵۳۳
۶	۶۴۵۲۵	۶۴۵۳۹	۳
۶۴۵۳۷	۴	۵	۶۴۵۲۷

آفات و بلیات سے گھر و مکان محفوظ

بعض ایسے امراض دیکھے ہیں جن کے گھروں میں سایہ نما مختلف ہوائی چیزیں یا تو عامل بھیجتا ہے۔ یا پہلے سے ہی اس گھر میں ایسے اثرات موجود ہوتے ہیں۔ جس گھر یا دکان میں ایسے بد اثرات پائے جائیں وہ گھر کبھی بھی پھل پھول نہیں سکتا اس گھر میں رہنے والے افراد نہایت ہی تنگ قسم کی زندگی گذارتے ہیں مصیبتوں


سے گھر بھرا پڑا ہوتا ہے۔ سمجھ نہیں آتی کہ علاج کہاں سے شروع کیا جائے کیونکہ کوئی بھی علاج اپنا اثر بھی نہیں دکھاتا اس لئے ارواح خبیثہ، جنات، سایہ، یا جو کوئی بھی مخفی مخلوق ہو اس کو گھر یا دکان سے باہر نکالنے اور اس گھر کو آباد کرنے کیلئے اس نقش کو یک رنگ سفید مرغ کے خون سے بنایا جائے اور اسے اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لٹکایا جائے اور انہی چار اسماء کو ایک تسبیح پڑھ کر سادے پانی پر دم کر کے اس کے چھینٹے گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں لگائے جائیں گھر کے افراد اور گھر دونوں محفوظ ہونگے۔ دم شدہ پانی کو مٹی کے گھڑے میں ڈال کر دم کیا جائے اور اس سے نکال کر چھینٹے لگائے جائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا الجبار	یا القھار	یا المتکبر	یا العلی
یا العلی	یا الجبار	یا المتکبر	یا القھار
یا القھار	یا العلی	یا المتکبر	یا الجبار
یا الجبار	یا القھار	یا المتکبر	یا العلی

گھر کی اشیاء چوری نہ ہوں

بعض اوقات اچانک گھر کی اشیاء چوری ہونا شروع ہو جاتی ہیں جس کا سراغ تک نہیں ملتا کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے اس کے علاج کیلئے چار عدد ٹوپی والے کیل لا کر ایک کیل پر ایک ہزار ایک مرتبہ قل اعوذ برب الفلق پڑھ کر دم کرے دوسرے پھر ایک ہزار دو مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دم کرے تیسرے پر ایک ہزار تین مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھ کر دم کرے چوتھے پر ایک ہزار چار مرتبہ قل یا ایھا الکفرون پڑھ کر دم کرے ان چاروں کیلوں کو اپنے گھر یا دکان کے چاروں کونوں کے نیچے دفن کر دے اور اس نقش کو سیاہ رنگ کے مرغ کے خون سے لکھ کر اس کو چوکھٹ کے اوپر ایک کیل لگا کر اس کے ساتھ کالا دھاگے کی مدد سے لٹکا دے تاکہ ہوا سے ہلتا رہے یا لٹکا رہے چسپاں نہ کیا جائے اور نہ ہی شیشے میں آویزاں کیا جائے بلکہ اسے کسی گتے کے اوپر لگا کر تب لٹکائے اس عمل کی بدولت کوئی بھی مخفی چیز گھر کی کوئی بھی شے چرا نہیں سکے گی اور جو اشیاء گھر میں رکھی ہونگی وہیں پڑی رہیں گی۔



پیشاب بند ہو جائے

بعض اوقات بداعمال کے زور پر اس قسم کا جادو یا بدعمل کیا جاتا ہے۔ جس سے پیشاب بند ہو جاتا ہے اور کسی بھی دوائی سے افاقہ نہ ہوتے ہوئے پیشاب نہیں آتا چونکہ پیشاب نہ آنا ایک نہایت ہی مہلک مرض ہے۔ اس لئے اس مرض سے صحت یاب ہونے کیلئے سات عدد کالی مرچوں کے علیحدہ علیحدہ دانوں پر یعنی ایک دانے پر ایک سو مرتبہ سورۃ قل یا ایھا الکفرون پڑھ کر دم کی جائے اور ساتوں دانوں پر دم کرنے کے بعد ایک ایک کرکے دانوں کو چبا کر یا پانی کے ساتھ نگل لیا جائے اللہ کے حکم سے اسی وقت پیشاب کھل جائیگا۔ اگر اس عمل کے ساتھ اس نقش کو بھی اس طریقے سے استعمال کیا جائے کہ نقش کو کالی و نیلی سیاہی ملا کر اس سیاہی سے اس نقش کو لکھا جائے اور اسے کچی لسی میں ڈال کر اس لسی کو پیا جائے اسی وقت پیشاب کھل کر آئیگا۔ اس عمل کو ضرور کیا جائے کیونکہ اگر پیشاب بند رہے تو مریض ہلاک بھی ہوسکتا ہے۔ اگر اس عمل کی بدولت پیشاب کھل جائے تو اسی نقش کو ایک مرتبہ لکھ کر مریض کے گلے میں پہنایا جائے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

لا حول	ولا	قوة	الا
ولا	قوة	الا	بالله
قوة	الا	بالله	العلی
الا	بالله	العلی	العظیم

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

خاتمہ روحانی وجسمانی امراض

بذریعہ جادو یا بد اعمال سے اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے مرد یا عورت جسمانی اندرونی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتے اس عمل کا زیادہ اثر عورت ومرد دونوں کی شرم گاہ پر ہوتا ہے جس سے تکلیف بڑھتی رہتی ہے اور سکون نہیں ملتا اس عمل کا توڑ اور کامل علاج کیلئے خالص صنوبر کی چھال لا کر اس پر کسی باریک نوکیلی شے سے مکمل سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو بغیر اعراب کے لکھا جائے اور جس حصے پر ان دو سورتوں کو لکھا جائے اس پر شہد لگا کر بوقت صبح اس کو چاٹا جائے اگر کوئی اس عمل کو نہ کر سکے تو اس نقش کو روزانہ اکیس دنوں تک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھا جائے اور اسے گلاب کے عرق یا شہد ڈال کر چاٹ لیا جائے اور اسی نقش کو اپنے بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے جسمانی و روحانی دونوں امراض کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اور مریض کو ضرور شفاء ہوگی۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

ولو	شاء	لجعله	ساکنا
شاء	لجعله	ساکنا	ان
لجعله	ساکنا	ان	یشاء
ساکنا	ان	یشاء	یسکن
ان	یشاء	یسکن	الریح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مردانہ قوت واپس

اگر کسی نے جادو کے ذریعے کسی مرد کو نامرد بنا دیا ہو جس سے اس کی مردانہ قوت ختم ہو چکی ہو اور کسی بھی علاج معالجے سے آرام نہ آتا ہو تو ان آیات کو مٹی کے کورے سکورے یا مٹی کے پیالے کے اندر نیلی سیاہی سے لکھے اور اس میں سادہ پانی اور گلاب کا عرق ملا کر دن اور رات میں کئی مرتبہ استعمال کرے اور انہی آیات کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے بحکم خدا سلب شدہ مردانہ قوت دوبارہ بحال

ہوگی۔اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو قوت مردمی میں ست ہوں اس عمل کی بدولت دوبارہ کھوئی ہوئی طاقت مل جائیگی لیکن ایسا اگر جادو کے ذریعے کیا ہوگا تب ہی طاقت واپس آئیگی۔ایسا نہ ہو کہ مردانہ قوت ویسے ہی زیادتی مباشرت کے زائل ہو چکی ہو اس علاج سے فائدہ حاصل کیا جائے۔ایسے افراد اس علاج کے ساتھ ساتھ ڈاکٹری یا حکیمی علاج بھی کروائیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم.وان لكم فى الانعام لعبرة نسقيكم مما فى بطونه من بين فرث و دم لبنا خالصا سائغا للشربين وان يكاد الذين كفروا ليزلقونک بابصارهم لما سمعوا الذكر ويقولون انه لمجنون وما هو الا ذكر للعلمين افغير دين الله يبغون وله اسلم من فى السموات والارض طوعا وكرها واليه يرجعون سبحان الذى سخرلنا هذا وما كنا له مقرنين.

ناجائز شہوت بڑھنا

بذریعہ جادو یا بداعمال کے ذریعے اس قسم کا عمل تیار کیا جاتا ہے جس سے مرد وعورت کا دل ہر وقت صحبت کرنے کو کرتا رہتا ہے۔یعنی شہوت اتنی بڑھ جاتی ہے۔جو قابو میں نہیں رہ سکتی اس کیلئے کسی اپنے یا غیر کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ صرف شہوت کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہوئے مرد وعورت ایسے افراد سے بھی صحبت کرنا چاہتے ہیں یا کر بیٹھتے ہیں جو ان کے معیار کے نہیں ہوتے یا ان کے اپنے ہی کوئی عزیز یا رشتہ دار ہوتے ہیں۔اس لئے اس نقش کو کورے ٹھیکرے پر کوئلے کو باریک کر کے اس سے لکھا جائے اور کو اس کو دریا کے پانی میں ڈال کر اس سے غسل کیا جائے اور اسی نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھ کر چمڑے میں بند کروا کر ایک کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو کسی میٹھی شے میں گھول کر پیا جائے ناجائز شہوت کا خاتمہ ہوگا۔اس بات کا مکمل خیال رکھا جائے کہ اس عمل کو کسی ایسی جگہ کیا جائے جو نہایت ہی پاک وصاف ہو اور نقش کے بہتے ہوئے پانی کی ذرا بھی بے ادبی نہ ہو اور اس بچے کو اگر پودوں میں ڈال دیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔اس عمل کو کسی بے ادبی کے بغیر کیا جائے۔

الـ قـ قـ قـ قـ قـ قـ قـ ا بـ ض

الثابت	الباسط	الکفیل	الشاهد
الشاهد	الثابت	الثابت	الثابت
الثابت	الشاهد	الثابت	الباسط
الباسط	الکفیل	الشاهد	الکفیل

کاروبار سے دل اچاٹ

جادو کے زور پر حسد و بغض رکھنے والے افراد ایسا جادو یا بندش کروا دیتے ہیں جس سے دکان کے مالک کا دل اڑتا رہتا ہے اور اس کا دل یہی کرتا ہے کہ وہ دکان کو بیچ دے اور خود یہاں سے بھاگ جائے جب کہ ایسا کرنے میں سب کو اس فرد کا کھلا نقصان نظر آ رہا ہوتا ہے اور خود اس فرد کو بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ ایسا کریگا تو اس کا بہت نقصان ہوگا۔ ایسا وہی افراد کرواتے ہیں جو یہ چاہتے ہوں کہ وہ اس جگہ کو چھوڑ دے اور وہ خود اس جگہ کو خرید کر یا کرائے پر لے کر اس کاروبار کو کریں اس لئے اس عمل کے مکمل خاتمے کاروبار کے چلنے اور اس فرد کی اُس کیفیت کو بدلنے کیلئے چلتا ہوا پانی کسی شے میں اتنا لایا جائے جو کافی دنوں تک استعمال ہو سکے پھر ایک مٹی کے پاک و صاف پیالے میں اس پانی کو ڈالے اور اس پر سات دنوں تک چاروں قل شریف کو رات ایک بجے سو سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کیا کرے جب آٹھواں دن آئے تو اس پیالے کو تیز آگ کے اوپر رکھ دے کم از کم آدھ گھنٹہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ پانی سوکھ نہ جائے اتنا پانی ضرور ڈالے جس سے پانی گرم ہونے کے ساتھ ساتھ سوکھ نہ جائے پھر اپنے ہاتھ اور پاؤں کے ناخنوں کو کاٹ کر اس پیالے والے پانی میں ڈال دے اور اس پیالے کے منہ پر مٹی کا ڈھکن رکھ کر ارد گرد موم لپیٹ دے اور اسے کوری مٹی کی ھانڈی میں رکھ کر سورۃ فاتحہ پڑھتا ہوا دریا یا نہر پر جائے اور اسے اس پانی میں بہا دے جس راستے سے جائے اس راستے سے واپس مت آئے اور گھر آتے ہوئے کسی بھی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پھول ضرور چڑھائے اور دعائے خیر کرے پھر اس نقش کو دو عدد خود اپنے ہاتھوں سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے اور دوسرے کو دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے اس کیفیت کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اور دکان پر بیٹھنے کو دل کریگا۔ اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ

کرے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جس سے اس عمل کے توڑ کا ذکر کیا جائے حقیقت میں وہی اس کا دشمن ہو اس لئے ایسے اعمال کرنے والے افراد ایسی باتوں کو دوسروں سے چھپایا کریں اس میں انہی کا فائدہ ہے۔ اور ہر جمعرات کو کسی بھی مزار پر حسب توفیق پھول ضرور چڑھائے جائیں نماز و روزے کی سختی سے پابندی کی جائے اور اگر ہو سکے تو (یا الفتاح) کا کھلا ورد کیا جائے اس سے رزق بھی کھل جائے گا اور دست غیب بھی حاصل ہوگا۔

جبرائیل

ق ل ا ع و ذ ب ر ب ا ل ن ا س م ل ک ا ل ن ا س
ا ل ہ ا ل ن ا س م ن ش ر ا ل و س و ا س ا ل خ ن ا
س ا ل ذ ی ی و س و س ف ی ص د و ر ا ل ن ا
س م ن ا ل ج ن ت ہ و ا ل ن ا س

خاتمہ بندش


اس عمل کی بدولت بڑی سے بڑی بندش اور جادو ٹونے کا خاتمہ کیا جاتا ہے عمل کرنے میں نہایت آسان ہے لیکن اس کے اثرات بہت قوی الاثر ہیں اگر کوئی فرد اپنی کاروباری زندگی میں کسی بندش یا رجعت کو محسوس کرے تو ایک عدد گلاب کی شاخ موٹی اس طریقے سے لائے کہ نوچندی جمعرات کے آنے سے پہلے اس کو ڈھونڈ لے پھر نوچندی جمعرات والے دن صبح جائے اور اپنے ساتھ سفید کپڑا رکھے اور تمام افراد کی نظروں سے بچ کر اس شاخ کو توڑ کر لائے اس پر سورۃ ناس و فلق کو کسی باریک شے لکھ لے اور اسے مٹی کے کچے گھڑے میں ڈال کر اس کے چھینٹے گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں لگائے اگر اثرات زیادہ ہوں تو وہاں کسی حافظ قرآن سے کونوں میں ایک ایک مرتبہ اذانیں دلوائے عمل نہایت ہی زود اثر ہے اس عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اس کے بعد کاروباری افراد اپنی زندگی میں سکون اور فراخی رزق کو محسوس کرتے ہوئے کامیاب ہونگے۔ اگر ہو سکے تو اسی نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے میں باندھا جائے اور ایک کو کاروباری مقام یا گھر میں چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے نہایت ہی سریع التاثیر نقش ہے اس بات میں کوئی بھی شک نہیں ہے۔ اگر کرنے والا خود کوتاہی کرکے اس عمل میں کامیابی حاصل کرنا ہو چاہتا ہوگا۔ تو ہو سکتا ہے کہ اس قسم کا زبردست نقش و عمل دونوں ہی اپنا اثر نہ دکھائیں اس لئے نہایت کامل پرہیزگاری کے ساتھ اس عمل کو کیا جائے اور خود اپنی کھلی سے مشاہدہ کر لیا جائے کہ کتنا زبردست قسم کا عمل مبارک ہے۔

سلسلہ روحانیت اور نقوش کے زبردست خواص


واپسی مفرور

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا کوئی روپیہ پیسہ چرا کر بھاگا ہو تو اس نقش کو کبوتر کے خون سے لکھے اور اسے سرخ ریشمی دھاگے سے باندھ کر پھلدار درخت پر لٹکائے۔ اور خود اپنے کام کا تصور باندھ کر (یا مفتح فتح بالخیر) کا ورد کرے۔ بحکم خدا واپس آئے گا۔ حب کے معاملے میں اس نقش کو بروز جمعرات اپنے خون سے لکھے اور اس کے نیچے محبوب کا نام مع والدہ اور درمیان میں (علی الحب) پھر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے آگ کی حرارت پہنچائے محبوب جہاں کہیں بھی ہوگا۔ مطلوب کے پاس چند دنوں کے اندر حاضر ہوگا۔ اگر نہیں آئیگا۔ تو کہیں بھی سکھ و چین اسے حاصل نہیں ہوگا۔

یا مفتح فتح بالخیر　　فلاں　　۴۶۰



۴۶۷	۴۷۰	۴۷۴	خالی
۴۷۳	۴۶۱	۴۶۶	۴۷۱
۴۶۲	۴۷۶	۴۶۸	۴۶۵
۴۶۹	۴۶۴	۴۶۳	۴۷۵



زبان بندی

اگر کوئی بدزبانی کرتا ہو تو اس نقش کو تازہ مچھلی کو ذبح کر کے اس کے خون سے لکھے اور تین سوئیوں کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر (یا قاہر قہرت والقہر فی القہر قہرک یا قہار) کو دم کر کے اس نقش کو بند کر کے مچھلی کے منہ میں رکھ کر سوئی کے ساتھ سی دے اور ان تین سوئیوں کو مچھلی کے منہ پر اس طریقے سے لگائے کہ

آر پار ہو جائیں یعنی دو ہونٹ آپس میں مل جائیں بعد اس تمام عمل کے اسے رواں دریا یا نہر کے مشرق کے رخ دفن کر دے۔ نہایت زبردست قسم کا عمل ہے۔ جو اپنا اثر دکھائے بغیر بالکل نہیں رہیگا۔ اور جب تک اس مچھلی کو وہاں سے نکال کر دریا میں پھینک نہیں دیا جائیگا۔ تب تک اس کا اثر قائم رہیگا۔

۱۵۵۸	۱۵۶۱	۱۵۶۵	۱۵۵۱
۱۵۶۴	۱۵۵۲	۱۵۵۷	۱۵۶۲
۱۵۵۳	۱۵۶۷	۱۵۵۹	۱۵۵۶
۱۵۶۰	۱۵۵۵	۱۵۵۴	۱۵۶۶

جسمانی و روحانی صحت

سر درد سے لے کر کینسر جیسے موذی مرض کے خاتمے کیلئے اس نقش کو چاندی کے پترے پر کسی سنار سے کندہ کروالیا جائے اور اس کو گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے ایک سو ایک بیماریوں کی شفاء کیلئے یہ نقش نہایت ہی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ ہر قسم کی بیماری میں اس نقش کو دھو کر پلانا بہت بہتر ہے۔ اگر مرض پرانا ہو چکا ہو خواہ اس کا تعلق جادو، ٹونہ، سحر آسیب سے ہی کیوں نہ ہو تب اس نقش کو گلاب کے عرق سے دھو کر پینے کے ساتھ ساتھ ایک عدد کو زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ اللہ کے حکم سے حاصل ہو گی۔ اور جو بھی مرض ہو گا اس کا جڑ سے خاتمہ ہو گا۔

ی	ف	ا	ش
۲	۲۹	۱۱	۷۹
۳۸	۳	۷۸	۸
۷۷	۹	۳۱	۴

بغض وحسد کیلئے

اگر کسی کو تباہ و برباد کرنا ہو تو یہ نقش تین دن تک ہر روز اکیس مرتبہ لکھا جائے اور نقش کی پشت پر نام دشمن مع والدہ لکھے۔ اور ہر روز دو پہر کو ایک کوئلہ لال سرخ کر کے اس نقش کو اوپر رکھے اور خود سورۃ فیل اتنی مرتبہ پڑھے جب تک دھواں اس نقش کا ختم نہ ہو جائے۔ اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے۔ اور خود کامل تصور باندھ کر اکیس نقوش کو باری باری کوئلے پر رکھ کر دھواں اٹھائے اور سورۃ فیل کا کامل تصور کے ساتھ ورد کیا جائے۔

٦٤٤٨	٦٤٥١	٦٤٥٤	٦٤٤١
٦٢٥٣	٦٤٤٢	٦٤٤٧	٦٤٥٢
٦٤٤٣	٦٤٥٦	٦٤٤٩	٦٤٤٦
٦٤٥٠	٦٤٤٥	٦٤٤٤	٦٤٥٥

ہر امر کیلئے

یہ ایسا کامل، طاقتور، روحانیت، دشمنوں سے بچاؤ، جادو، ٹونہ، آسیب، سحر، آفات، بلیات، اور جتنے بھی دینی و دنیاوی کام ہیں ان سب کیلئے نہایت ہی سریع التاثیر ہے۔ اگر کوئی روحانی، وجسمانی بیماریوں میں ہمیشہ ہی مبتلا رہتا ہو۔ یا کوئی ایسا مرض اچانک پیدا ہو گیا ہو جس کا علاج نہ ہوتا ہو اور نہ ہی کوئی نسخہ یا دوائی اپنا اثر نہ دکھاتی ہو۔ تو اس نقش کو چار عدد زعفران سے علیحدہ علیحدہ کاغذ کے پرزوں پر لکھے۔ ایک کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو دن میں وقفے وقفے سے پی لیا کرے۔ ایک کو اپنے گلے میں باندھے۔ ایک کو اپنے سامنے شیشے کے فریم میں لگوا کر دیکھا کرے۔ اور ایک کو اپنے تکیے کے اندر رکھ دے۔ اس کے علاوہ یہ نقش کئی کاموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ا	ل	ل	ھ	م	ح	م	د
م	ح	م	د	ا	ل	ل	ھ
ا	ل	ل	ھ	م	ح	م	د
م	ح	م	د	ا	ل	ل	ھ
ا	ل	ل	ھ	م	ح	م	د

عزمت علیکم و اقسمت علیکم یا رومائیل و یا شرحائیل یا اعھجمول اشفعوا فلان بن فلان بحق اسم اعظم الا المجیبی والصبور القوا احب فلان بن فلان فی قلب فلان بن فلان۔

محبت کی صورت میں یہ عبارت لکھی جائیگی۔اور اگر بغض کیلئے کرنا ہو تو نقش کے نیچے البغض فلان بن فلان بحق اسم اعظم المجیبی والصبور البغض و العداوت فلان بن فلان فی قلب فلان بن فلان۔

جادو سے بچاؤ کیلئے اس نقش کے نیچے فلاں بن فلاں جادو، ٹونہ، سحر، آسیب، بلیات، آفات، دفع شود دفع شود دفع شود بحق ایں نقش

تسخیر کیلئے

ان کلمات کے اعداد نکالیں (قد شغفھا حبا انا لنرا ھا فی ضلال مبین) ان اعداد سے ایک سو طرح دیں باقی کے چار حصے کریں اور پہلے نقش کے ساتھ لکھیں۔یعنی ایک طرف پہلا نقش دوسری طرف یہ والا نقش مثلاً اس کے عدد دو ہزار آٹھ سو تیرانوے ہیں اس سے ایک سو بیس کو طرح دیا دو ہزار سات سو تہتر باقی رہے ان کے چار حصے کئے چھ سو تیرانوے ہوئے اور ایک باقی رہا اب ہر خانے میں چار چار زیادہ کر کے اس طرح لکھا جائیگا۔اس نقش میں باوجود چار چار زیادہ کرنے کے بھی کل میزان دو ہزار آٹھ سو ترانوے آئی اور یہی آیت کے اعداد ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فلاں بن فلاں

٧٢١	٧٣٣	٧٤٦	٦٩٣
٦٤٢	٦٩٧	٧١٧	٧٣٧
٧٠١	٧٥٤	٧٢٥	٧١٣
٧٢٩	٧٠٩	٧٠٥	٧٥٠

فلاں بنت فلاں

قد شغفها حبا انا لنرا ھا فی ضلال مبین

تسخیر محبوب

اس طلسم کو ایک عدد مٹی کے کونڈے میں کالی سیاہی سے لکھ کر اس کے اندر دودھ ڈال کر کالے کتے کو پلایا جائے یہ عمل اگر کوئی خاتون کرے تو اس کیلئے ہے اگر کوئی مرد کسی عورت کیلئے کرنا چاہے تو کالی کتیا کو دودھ پلائے کونڈا ایسے رکھے جیسے جیسے کتا یا کتیا بھونکیں گے محبوب کے دل میں تڑپ پیدا ہوگی۔ اور وہ مطلوب کے پاس ہر صورت میں پہنچے گا۔ اور اگر محبوب کو نہیں دیکھے گا۔ تو اسے ایک پل کسی بھی صورت چین نہیں آئیگا۔ اگر یہ عمل زیادہ اپنا اثر نہ دکھائے تو اس نقش و طلسم کو روٹی پر کالی سیاہی سے لکھے اور کالے کتے و کتیا کو کھلائے کہ اگر محبوب عورت ہو تو کالی کتیا کو کھلائے اور اگر محبوب مرد ہو تو کالے کتے کو کھلائے۔ اگر اس عمل کے ساتھ اگر محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس نقش و طلسم کو لکھ کر اسے آگ کے پاس دفن کردے تو اثرات زیادہ واقع ہونگے۔



نقش سیفی

یہ نقش نہایت ہی زبردست ہے۔ اس کے بہت سے خواص ہیں جو یہاں بیان نہیں ہو سکتے المختصر اس نقش کو زعفران سے چاند کی بھرپور چاندنی میں اسی کی روشنی میں بیٹھ کر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے چاندی کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر اس کے اوپر شکل ستارے کی کندہ کروا کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہنے اور اس کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ کرے۔ اگر کوئی محتاض و مفلس ہو گیا ہو گا۔ تو بفضل تعالیٰ دوبارہ ترقیوں کی جانب گامزن ہو گا۔ غیب سے ترقی و فتوحات کے سوائل بنیں گے۔ دشمن دوست بنیں گے روپے پیسے کی ریل پیل ہو گی۔ جس کسی کو بھی دیکھے گا وہ محبت و شفقت سے پیش آئیگا۔ دوسروں افراد پر عزت کا غلبہ رہیگا۔ دنیا کا کوئی بھی ساحر یا بد کلام اس شخص پر ہرگز اپنا اثر نہیں دکھائیں گے۔ تمام خلقت اس فرد کی تسخیر میں ہو گی۔ دنیاوی بیماریوں سے محفوظ ہو گا۔ جن عورتوں کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں وہ خصوصاً اس نقش کو ضرور استعمال کریں اور اس انگوٹھی کو گلاب کے عرق سے دھو کر پئیں اللہ کے حکم سے حمل قائم ہو گا۔ اور بچہ طویل عمر پائیگا۔ کاروباری افراد اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر ایسی جگہ لگائیں جہاں گاہکوں کی نظر پڑے۔

الٓمٓ نٓ صٓ الٓمٓصٓ الٓمٓرٓ حٰمٓعٓسٓقٓ کٓھٰیٰعٓصٓ

١٦٥٦١٨	١٦٥٦٢١	١٦٥٦٢٥	١٦٥٦١١
١٦٥٦٢٤	١٦٥٦١٢	١٦٧٦١٧	١٦٥٦٢٢
١٦٥٦١٣	١٦٥٦٢٧	١٦٥٦١٩	١٦٥٦١٦
١٦٥٦٢٠	١٦٥٦١٥	١٦٥٦١٤	١٦٥٦٢٦

الف با جیم دال هے وائو زا حا طا


ہر حاجت پوری ہو

ہر حاجت پوری ہونے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھا جائے بحکم خدا جو کوئی بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔

۸	۳	۲	۱
۳	م	یو	۳
۵	۴ع	۲	۱
۵	۱	عص	۲

غیب سے رزق

اگر کوئی فرد کاروباری معاملات میں مشکل و مصائب کا شکار رہتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اسے گلے میں باندھے




کشائش رزق

دست غیب اور رزق کے معاملے میں دنیاوی وسائل پیدا کرنے کیلئے اس نقش کو نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے لکھے۔


ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب

حب

محبوب کو پیار کی طرف مائل کرنے اور رکاوٹوں کے خاتمے کیلئے اس نقش کو سفید دیسی مرغی کے خون سے لکھے اور اسے ببول کے درخت پر تین کیلوں سے ٹھونک دے۔




زبان بندی




زبان بندی کرنے کیلئے اس نقش کو اگر مرد ہو تو بکرے کی کھال پر اور اگر عورت ہو تو بکری کی کھال پر کالی سیاہی سے لکھ کر موم جامے میں محفوظ کر کے پتھر کے ساتھ باندھ کر دریا میں پھینک دے۔

واپسی مفرور




جو کوئی بھی بھاگ گیا ہو اسے واپس لانے کیلئے اس نقش کو سرخ سیاہی سے کاغذ پر لکھے اور پیپل کے درخت پر لٹکائے جہاں کہیں بھی ہوگا۔ واپس ہوگا

قیدی رہا ہو




قیدی ناجائز سزا کاٹ رہا ہو اسے واپس لانے کیلئے اس نقش کو سفید چمڑے پر لکھے اور اسے گوگل کی دھونی دے قیدی اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

جنات و آفات




ہر غیر انسانی مخلوق سے بچنے اور اللہ کی حفظ و امان میں رہنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر گھر یا دکان میں قبلہ رخ لگائے۔

نظر بد




نقش کو کوے کے سیدھے پر اور کالی سیاہی سے لکھے نام مریض مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے اگر اس نقش کو گھر یا دکان پر لگایا جائے تو دونوں نظر بد سے محفوظ ہونگی۔

گریہ اطفال




بچوں کے رونے دھونے کیلئے نقش کو بغیر کسی سیاہی کے سفید کاغذ پر سوئی سے چھیدا جائے اور خوشبو سے معطر کر کے گلے میں باندھا جائے۔ اگر بچہ رات کو سوتے میں پیشاب بھی کرتا ہوگا۔ تو اسی نقش سے درست ہوگا۔

بیمار نہ ہو




اگر کوئی بہت بیمار رہتا ہو یا تپ و لرزہ یا چوتھیا بخار ہو ان سب کے خاتمے اور آئندہ کیلئے بخار سے بچنے کیلئے اس نقش کو مریض کے کپڑے پر لکھ کر اسے اس کے گلے میں سبز ڈوری اور سبز چمڑے کے اندر سلوا کر پہنایا جائے اور ایک عدد بستر کے اندر رکھ دیا جائے۔

مرگی




یک رنگ سفید دیسی مرغ کا سیدھا پر اکھاڑ کر اس سے اس نقش کو اسی مرغ کو ذبح کر کے اس کے خون سے لکھ کر نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنایا جائے عارضہ ختم ہوگا۔

چیچک




اس نقش کو سرخ گائے کے چمڑے پر کالی سیاہی سے لکھا جائے اور اسی طرح لپیٹ کر جس ڈوری میں پہنایا جائے اس پر سورۃ الرحمٰن کو اس طریقے سے دم کرے کہ جب آیت فبای الاء ربکما تکذبن آئے تو ایک گرہ لگائے اس ڈوری کے ساتھ نقش کو پہنائے۔

سر درد




ہر قسم کی شدید درد سر و شقیقہ کے خاتمے کیلئے اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع کے سورج کے سامنے دو زانو بیٹھ کر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور نیچے نام مریض و والدہ لکھ کر سفید چمڑے میں بند کر کے گلے میں باندھے۔

ضعف دماغ




اس نقش کو روزانہ صبح بوقت سورج طلوع کے چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر شہد سے مٹا کر پیئے بعد سات روز کے اسی کو سفید کاغذ پر زعفران سے اسی طریقے سے لکھ کر گلے میں پہنے۔

ہول دل




دل کے تمام عارضوں میں مبتلا افراد اس نقش کو صبح سورج طلوع کے ایک گھنٹے بعد خرگوش کی جھلی پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنے دل کے مقام پر باندھیں اور کاغذ پر لکھ کر اکیس دنوں تک روزانہ تازہ لکھ کر پئیں۔

درد شکم




پیٹ درد، پیٹ کے کیڑے، گیس، اپھارا، اور پیٹ درد کے جتنے بھی مسائل ہوں اس نقش کو دو عدد کسی برتن میں پانی ڈال کر دونوں پاؤں اندر رکھ کر زعفران سے لکھا جائے ایک کو مریض کے گلے میں اور دوسرے کو چوعرقہ کی بوتل میں ڈال کر وقفے وقفے سے پئے۔

سنگ گردہ ومثانہ




گردوں میں پتھری، ورم، یا دیگر نقائص میں مبتلا افراد اس نقش کو اپنے دل کے مقام سے کپڑا پھاڑ کر کالی سیاہی سے لکھیں اور مصری کے شربت میں گھول کر پیئیں نقائص کا خاتمہ ہوگا۔

بواسیر خونی وبادی




اس نقش کو نیل میں پانی ڈال کر اس کی سیاہی بنائی جائے اور اس سے لکھ کر اسے بادام روغن کی بوتل میں ڈال کر دن میں کئی مرتبہ اس روغن کی مالش اس مقام پر کرے شفاء ہوگی۔

احتلام




احتلام کے عارضے میں مبتلا افراد یا جو عورت ذات کو دیکھ کر فوراً نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یا جو مشت زنی کرتے ہوں۔ ان ب امراض کے خاتمے کیلئے اس نقش کو مور کے پر اور دیسی مرغی کالی کے خون سے لکھا جائے اور اسے اپنی ناف کے مقام پر باندھ کر اس کی آزمائش کی جائے۔

غلہ و پیداوار زمین




اس نقش کو چاند کی چودہ تاریخ والے دن بوقت رات ٹھیک بارہ بجے نیلی سیاہی سے لکھ کر اسے نیلے رنگ کی بوتل میں ڈال کر زمین کے عین وسط میں دفن کردے اس کے اثر سے بنجر زمین زرخیز ہوگی۔

ظالم




ظالم کے خوف سے محفوظ اور اسے اسی کے سزاوالے طریقہ کار میں مبتلا کرنے کیلئے اس نقش کو دریا کے اندر ناف کے مقام تک جاکر کسی بھی سیاہی سے کاغذ پر لکھے اور چاروں طرف نام ظالم مع والدہ لکھ کر اسے اپنی ناف پر باندھے

نئی دوستی




کسی سے بھی نئی دوستی کرنے یا نیا دوست بنانے کیلئے اس کے ذھن کو اپنے قابو میں کرنے کیلئے اس نقش کو اپنی درمیان والی انگلی کے ناخن کو بڑھا کر کاٹے اور اس سے اس نقش کو لکھ کر جس کسی کے ساتھ دوستی کرنی ہے اسے پلائے اگر دور ہو تو آگ کے پاس دفن کرے۔

دکان فروخت




اگر کوئی مجبور انسان اپنی دکان یا جائیداد کو بیچنا چاہتا ہو لیکن اس میں کوئی رکاوٹ ہمیشہ ہی آڑے آتی ہو تو اس نقش کو سرخ سیاہی سے لکھ کر ساتھ ایک مور کا پر اور دو سوئیاں اس کے آر پار کر دے اور اپنی جائیداد کی زمین کے عین وسط میں گاڑ کر چاروں طرف دیسی انڈے بھی دفن کرے۔

زبان بندی حاکم




چھ علیحدہ علیحدہ کاغذ کے پرزوں پر اس نقش کو چھ مرتبہ چلتے پانی کے کنارے بیٹھ کر بنائے ایک کو اسی وقت کھالے، ایک کو حاکم کے گھر یا اس کی گزرگاہ پر دفن کرے، ایک کو وہیں جلائے، ایک کو اسی چلتے پانی میں بہائے، ایک کو پیپل کے درخت پر لٹکائے، ایک کو کسی مجوسی یا نصرانی کی قبر کے الٹی طرف دفن کرے۔ اسی عمل کو حاکم کی تسخیر، اس کی ناجائز زبان بندی، خواب بندی، اور دیگر معاملات میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

شہوت باندھنا




مرد و عورت کی ناجائز شہوت باندھنے اور انہیں اصلاح کی جانب مائل کرنے کیلئے اس نقش کو بوقت غروب سورج کے کسی بھی کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے مرد کیلئے بکرے کا نفس اور عورت کیلئے بکری کی شرم گاہ کو کاٹ کر اس کے اندر رکھ کر چلتے پانی کے کنارے بہائے۔

حادثے سے بچاؤ



اگر کوئی بھی اس نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنی سواری کے اندر رکھ لے تو اللہ کی حفظ و امان میں رہیگا۔ اور حادثے سے حتی الامکان بچا رہیگا۔

زیادتی دودھ



اگر کسی عورت یا بھینس کا دودھ باندھ دیا ہو یا قدرتی طور سے دودھ کم آتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور جتنا بھی دودھ نکلتا ہو اس پر لگا کر اسے دوسرے دودھ کے برتن میں ڈال کر کسی بھی جانور کو دودھ پلائے۔

ناف

ناف کے خاتمے کیلئے اس نقش کو صبح سورج طلوع کے وقت گلابی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس پر ایک سو مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کرے اور اسے ناف کے مقام پر باندھے۔

۱۱	سح	ع	سمط	م	م	م	
۱۱	۸	۱	۱۴	۶	۱۶	۱۰	
۱۴	۶	۸	۱۱	۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶	۴	۱۵	۱۰	۱۵
۱۵	۴	۵	۱۰	۹	۶	۱۶	


حمل ضائع ہو

ضائع حمل کیلئے اس نقش کو چیل کے پر سے کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو پیٹ پر باندھے اور دوسرے کو پانی میں پینے سے پہلے بیخ مولسری، گل چینا، اور ایک الائچی ان کا سفوف بنا کر کھائے اور اوپر سے اس پانی کو پیئے۔

لا لا لا لا لا لا لا لا
لا الا الا الا الا الا
که ۲۵۱ ظ ده که دو
۴۴ م م دد ی که او
م ل ظ و م ل ا ظ م
۱ ۷ ۱ ۴ ۳ ۴ ۵

حمل قائم ہو

جس عورت کا حمل خواہ کسی بھی وجہ سے جائع ہو جاتا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو۔ تو دونوں میاں بیوی اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر شہد سے مٹا کر پیئیں اکیس دنوں کے بعد اسی نقش کو اپنے گلے یا بازو پر اپنا نام مع مقصد لکھ کر باندھیں



تپ ولرزہ

ایک عدد گلاب کے پھول کو سادے پانی اور شیشے کے گلاس میں بھر کر اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے گلاس میں پھول کے نیچے رکھ دے اس کا پانی مریض کو پلائے زندگی میں کبھی بھی تپ ولرزے کا بخار نزدیک نہیں آئیگا۔

الحححخححححح
محححخححح
علححححححححح
فحححححححح
حححححححححح
حححححححححح

ہیضہ

ہیضے سے نجات کیلئے اس طلسم کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھے. اور اسے پانی میں گھول کر سات دنوں تک پیئے۔

ا بب ججج ل ل ل ل ھ
ھھھھوووو ز ز
ز ز ز ز ححححححح
حح ططططططططط

تعویذ لوح قرآنی

اس نقش کو دینی و دنیاوی حاجات کی بر آری، ناممکن مقاصد کی فوراً تکمیل، روٹھے ہوئے کو منانے، بچوں کا پڑھائی میں دل لگنا، میاں بیوی و تمام اہل خانہ کا آپس میں اتفاق سے رہنا، بچوں و بڑوں کی بدتمیزی روکنے کیلئے، اور ترقی و ہر قسم کی فتوحات میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنا چاہیے۔

الٓمٓ الٓمٓ الٓمٓ الٓرٰ الٓرٰ
الٓرٰ الٓمٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ
طٰهٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ
يٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ
قٓ نٓ و القلم وما
يسطرون

خواص فلیتہ جات

:अ~अश फ़अळइइथ्अ झअअथ्:

فلیتہ کیا ہوتا ہے؟ یہ دنیاوی کن کاموں میں رکاوٹوں کو دور کرتا ہے؟ اس سے کیسے کام لیا جا سکتا ہے؟

फ़अळइइथ्अ ग्ईठअ :एथ्अ
:अई ठइ: ध्ऊणठअ~ई ग्ईण
ग्अळएएण ळइईण डऊग्अ~थ्एएण
ग्ए धएएड ग्अडथ्अ :अई

آگے درج فلیتہ جات جو انسان بھی دیکھے گا اس کی آنکھیں پہلی مرتبہ ایسے فلیتہ جات کو دیکھیں گی اس بات کا دعویٰ ہے۔ ان فلیتہ جات پر خصوصی طور سے رقم خرچ کی گئی ہے اور عوام الناس کیلئے بے تحاشہ فائدے والا کام آسان کر دیا ہے اس کا دوسرا مطلب یہ بھی نکلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جن ملعونوں پر لعنت فرماتا ہے ان سے اپنے دنیاوی کاموں کو ان ملعونوں سے کروانا چاہئے اس لئے جو میں نے پہلے مواد کے متعلق بتایا ہے یہ بھی انہی کے کاموں میں سے ایک کام ہے۔ جو آج سے پہلے کسی عامل تو کیا کسی کے دادے کو بھی معلوم نہ ہوگا کہ ایسے کون کون سے طریقہ کار ہیں جن سے دنیاوی مختلف کام باآسانی کروائے جا سکتے ہیں۔ مخلوق خدا کیلئے ان فتیلوں کو فوٹو کاپیاں کروا کر استعمال کرنے کی مکمل اجازت دے دی ہے اب جو کوئی بھی اپنے دنیاوی مقصد کی خاطر ان کو استعمال کریگا وہ ضرور کامیاب ہوگا کیونکہ ان کی تیاری میں بے پناہ محنت کی گئی ہے اور

انہیں عملیاتی نقطہ نظر سے مکمل طور پر پیش کیا گیا ہے تا کہ کوئی فرد بھی دنیاوی مقصد کے مطابق ان کی متعلقہ شرائط کے ساتھ فوٹو کاپی کروائے اور انہیں جلا کر دنیاوی مقصد میں کامیاب ہو فتیلہ جات کو کسی بھی سیاہی یا خون سے نہیں لکھا جائیگا بلکہ صرف فوٹو کاپی کروایا جائیگا۔اور متعلقہ کام کے مطابق جتنی تعداد میں فوٹو کاپی کروانے کا لکھا جائے اتنی ہی فوٹو کاپیاں کروا کر انہیں استعمال کیا جائے خدانخواستہ اگر کامیابی نہ ہو تو اسی عمل کو مسلسل کم از کم تین مرتبہ کیا جائے تا کہ کامیابی ہر حالت میں قدم چومے۔کتاب میں سے مستفیض ہونے والے افراد اس موضوع کو زیادہ غور سے مطالعہ کریں کیونکہ یہاں سے جو موضوع شروع کیا جارہا ہے اس کا تعلق سراسر سینوں کے ایسے رازوں سے ہے جو کوئی بھی کسی کو نہیں بتاتا لیکن میں خلق خدا کی خدمت کے طور پر ان نسخہ جات کو درج کر رہا ہوں تا کہ اللہ کی مخلوق زیادہ سے زیادہ مستفیض ہو کر کما حقہ فائدہ اٹھائے اور دنیاوی تمام طریقہ کار میں کامیابی حاصل کرے ان فلیتہ جات کے جادو وسحر کو باطل کرنے کے علاوہ اور بھی بہت سے ایسے خواص ہیں جو دنیا میں انسان رکاوٹوں کے ہاتھوں مجبور ہو کر تنگ آجاتا ہے اور مشن کو ترک کر دیتا ہے کہ یہ کام نہیں ہوگا۔اس کام کے نہ ہونے کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں جن کو آگے بغور تفصیلاً درج کیا جائیگا اور ان کے مخفی اسرار سے کوئی فرد بھی ان کے استعمال سے زندگی میں بھر پور طور پر کامیاب ضرور ہوگا کیونکہ زندگی میں پڑنے والے عملیات کے برے اثرات، بد نظر، حسد، دشمن اور ایسے کئی نہ دیکھے سلسلے ہیں جو انسان اپنی زندگی میں دیکھ نہیں سکتا ان کو محسوس کرسکتا ہے اور ان کے بد اثرات سے ہمیشہ ہی اپنی زندگی کے کئی کاموں میں ادھورا ہی رہتا ہے ان تمام بندشوں کے مکمل خاتمے کیلئے اس عمل کو خاص طور سے بہت محنت اور توجہ کے ساتھ تیار کیا گیا ہے اور اس کا استعمال بھی

نہایت ہی آسان ہے لیکن اس کے اثرات ایسے ہیں جیسے بجلی والی تار میں کرنٹ ہوتا ہے کوئی فرد بھی ان فتیلہ جات کو آزمائش کے طور پر استعمال کرے اور اس کے اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد یہ بھی سوچیں کہ یہ سب کچھ شرک ہے یا اسے استعمال کرنے سے اللہ گناہ دیگا تو میرے پاس ایسے کئی ثبوت موجود ہیں جن میں ایک رتی بھی شرک پیدا ہونے کا جواز ہی نہیں بنتا مثلاً جادو ایک ایسے فارمولے کا محتاج ہوتا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل درج کیا جاتا ہے جس میں الو کا خون مردار جانوروں کی ہڈیاں یا انسانوں کی ہڈیاں اور ایسے ایسے جنتر منتر جن میں مشرکانہ کلمات ہوتے ہیں اور ان کی تسخیر میں جو مخلوق ہوتی ہے وہ اس کلام کو پسند کرتی ہے اور شیطان اس کی طاقت کے لحاظ سے ایسی مخلوق کو تسخیر کروانے میں مدد دیتا ہے پھر ان سے زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کو پریشان کرنا اذیت میں مبتلا کرنا اور ایسے کام کرنا جن سے صرف اور صرف نقصانات اور تباہی کا ہی کام کیا جاسکتا ہے اور اس کے علاوہ نیکی والے اعمال یا نیکی والے کاموں کو کر کے اللہ کو خوش کرنا ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا چونکہ جیسے فارمولا قباحت والی اشیاء اور ان کے مشرکانہ طریقہ کار سے کیا جاتا ہے بالکل ویسے ہی سو فیصدی ان کے توڑ کیلئے انہی کے وار کو الٹا ان پر برسوانے کیلئے ایسا فارمولا تیار کیا جاتا ہے جو اس سے بھی زیادہ زود اثر ہو اور جو انسان کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو اس کا کامل علاج کیا جاسکے اور آئندہ ایسے قبیح عمل سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ کی سچی اور طاقتور کلام کا ایسا فارمولا تیار کیا جائے جس سے چاہتے ہوئے بھی جادو آئندہ کیلئے چل نہ سکے اس لئے اپنے مقصد کے لحاظ سے درج فلیتہ دیکھئے اور اس کی آزمائش کیجئے اور آئندہ کیلئے جادو ٹونہ اور اس قسم کی کئی شر افسانیوں سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ کی کلام کے طریقہ دیکھئے اور آزمایئے

اللہ کے فضل سے نیک نیت رکھنے والے افراد ضرور کامیاب ہونگے۔فلیتہ اصل میں ایک فارمولا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے ایسی کلام کو درج کیا جاتا ہے جس کو روحانی مخفی مخلوق سمجھتی اور جانتی ہے۔

فلیتہ جات کیوں اور کیا ہیں؟

फ़अळइइथअ इअथ रुईठएएण अऊड रुईठअ :अईण

فتیلہ جات اصل میں ان تصورات کا نام ہے جس سے جادوٹونے میں مبتلا کرنے والی مخلوق ، شیطان، ہاروت، ماروت، پچھل پیری، ڈائن، ڈاکنی، چھلیڈ ے، جنات، فرعون، نمرود، ہامان، قارون، شداد، ابو جہل، بھوت، بھوتنے ،علیقا،ملیقا، بادشاہ بکتانوش،اوراس سے منسلک شر و فساد میں دوسرے عام انسانوں کومبتلا کرنے والی مخلوق کے کامل تصور ہوں۔لیکن اب زیادہ محنت کر کے ان فلیتہ جات کو تیار کیا ہے جس میں اس بات کامکمل طور پر دعویٰ کیا گیا ہے کہ جو کوئی بھی ان جیسے فلیتہ جات کو پہلے دیکھ چکا ہو یا کسی دوسری کسی بھی کتاب میں موجود ہوں وہ برائے مہربانی کتاب میں لکھے گئے اڈریس پرضرور شکایت کرے کہ آپ نے کتاب میں جھوٹ دعویٰ کیا ہے۔میں نے شیاطین اوراس کے پیرو کاروں کے ایسے تصورات بنوائے ہیں جن کا حقیقت میں بھی ایک وجود تھا اور ہے جو عام انسانوں کواذیت و پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں اور ویسے ہی ان کے تصور سے ان کی جان بھی جاتی ہے۔اور جو نیا طریقہ کار میں نے ان شیاطین سے دنیاوی کام لینے کا درج کیا ہے وہ بھی اپنی نوعیت کا منفرد عمل ہے کوئی مرد وعورت ان فتیلہ جات سے دنیاوی کوئی بھی کام لے سکتا ہےاوران کی آزمائش کرسکتا ہے کیونکہ جنہوں نے مجھے جیسا بتایا ہے وہی میں نے بغیر بخل کے درج کر دیا

ہے۔اب آگے ہر کسی کی اپنی اپنی قسمت کہ اللہ رب العزت نے اس کے نصیب میں کیا کچھ لکھا ہے۔ میں نے جن فلیتہ جات کو تیار کیا ہے وہ صرف کوئی تصویریں ہی نہیں ہیں بلکہ ان کا ایک پورا شجرہ ہے جو جاننے والے بتاتے ہیں۔اور انہی جاننے والوں نے مجھ سے یہ کام کروایا ہے ان میں روحانیت کا ایک کرنٹ ضرور موجود ہے۔نحوست ارضی وسماوی کے خاتمے کیلئے فلیتے کی صاف فوٹو کاپی کروائے اور اس کے چاروں طرف اپنا نام مع والدہ نیلی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے الٹے پاؤں کے ساتھ صبح کے وقت باندھ دے اور بعد نماز عشاء اسے جلائے اور اس کی دھونی لے اس عمل کو سات دنوں تک کرے آخری دن اس نقش کو پاؤں کے ساتھ نہ باندھے بلکہ صبح سورج کے سامنے اپنے پورے جسم کو مل کر اس کے سامنے جلائے جمع شدہ تمام راکھ کو سنبھال کر رکھے اور اس عمل کے اختتام پر دریا یا نہر میں بہائے بارہ برجوں کی نحوست زائل ہوگی۔نحوست ستارہ، رجعت، رجال الغیب، نحوست سیارگان، جس سے دنیاوی کوئی بھی سلسلہ نہیں چلتا فوٹو کاپی کر والے سات دنوں کے سات فتیلے تیار کروائے اور اس نقش کے چاروں طرف سرخ روشنائی کے ساتھ اپنا نام مع والدہ لکھے اور پہلے اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اور روز رات کو ایک جلا کر اس کی دھونی لیا کرے۔نحوست پیدائش (یعنی اگر کسی کی ایسے وقت پیدائش ہو جو اس پر نحوست کا سبب بن جائے اور وہ دنیاوی تمام کاموں میں ہمیشہ ہی ناکامیاب رہتا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو) پہلے سے سوتی کالا کپڑا ایک گز لائے اور اس فلیتے کی اکیس فوٹو کاپیاں کروائے اور اس کے سائز کے مطابق کپڑا بھی کاٹ لے اس۔کے اندر اس فلیتے کو رکھ کر اسے اپنے پورے جسم پر مل کر ایک عدد کوری ہانڈی میں ڈالتا جائے اور اکیس دنوں تک ایسا ہی کرے جب اپنے جسم پر ملے تو علیحدگی میں ملے اور خود اپنے پورے جسم

کے کپڑے اتار دے اکیس دنوں کے بعد اس ہانڈی سے ایک ایک فلیتہ نکالے اور پیپل کے پتے میں رکھ کر اسے جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے نحوست کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ بداعمال میں الو کے خون کے بداثرات جن پر الو کے خون کے نقوش یا اس کے خون سے متعلق بداعمال کئے ہوں یہ فلیتے ان اثرات کو جلا کر خاک کر دیتے ہیں۔ اور مریض اپنی زندگی میں پہلے کی طرح سکون محسوس کرتا ہے۔ اب اس بات کی تصدیق کیسے ہوسکتی ہے کہ مریض پر کونسا عمل کیا گیا تو اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جب مرض اتنا بڑھ جائے جس سے اس پر کسی بھی طرح قابو نہ پڑ رہا ہو تو جان لینا چاہئے کہ جس جادو کو کیا گیا ہے اس میں ضرور الو کے خون یا اس کے جسم سے متعلقہ شے کا استعمال کیا گیا ہے کیونکہ اس کی بدولت ایسا جادو کیا جاتا ہے جس کے علاج آسانی سے نہیں ملتے یا کسی کے گھر و دکان سے خونی نقوش برآمد ہوں تو جان لینا چاہئے کہ یہ خون الو کا ہی ہوسکتا ہے تب بھی اس فلیتے کو متعلقہ عمل کی بدولت استعمال کیا جائے اب جس گھر یا دکان سے ایسے نقوش برآمد ہو جائیں جو خون سے بنے ہوں تو ان فتیلوں کی ایک ایک کر کے اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور تانبے کا چراغ بنوا کر اس کے اندر قبلہ رخ گھر یا دکان میں جلائیں فتیلے کے اوپر تھوڑی سی روئی لپیٹ لی جائے جس سے وہ صحیح طرح جل جائے اس عمل کو گھر یا دکان کو دوبارہ بحال کرنے اور اس عمل کے ذریعے روحانی طاقت حاصل کرنے کیلئے اس طریقے سے استعمال کرے اگر کسی مرد و عورت پر بداعمال و نقوش بذریعہ الو کا خون یا اس کے جسمانی اعضاء سے کیا ہو تو اوپر والے عمل کے مطابق استعمال کیا جائے لیکن چراغ مریض کے سرہانے رکھا جائے اور اسے جلایا جائے بداثرات کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ ہڈیوں پر جادو اور بداعمال دنیا میں ایسے ساحر و جادوگر اب بھی موجود ہیں جو جادو بذریعہ مردار

ھڈیوں کے کرتے ہیں جن میں خصوصاً پرندے شامل ہوتے ہیں چونکہ جادو بذریعہ نقوش بہت کم کرتے ہیں اور کسی ٹھوس شے سے متعلقہ شے پر جادو کر کے دفن کر دینے سے اس کے سو فیصدی بد اثرات رونما ہوتے ہیں۔ جس سے خصوصاً اگر کوئی ملک سے باہر جانا چاہے تو وہ اس بدعمل کے زیر اثر رہتے ہوئے ہمیشہ ہی ناکامیاب ہوتا ہے اور اس کے باہر جانے اچانک یا موقع پر ہی کوئی ایسی رکاوٹ آڑے آجاتی ہے جس کا پہلے سوچا نہیں ہوتا اس عمل کے مکمل خاتمے کیلئے ان فلیتہ جات کی نو عدد صاف فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور روز کی ایک پیپل کے پتے میں لپیٹ کر اپنے پورے جسم پر مل کر اسے چھت پر جلایا جائے اگر چھت میسر نہ ہو تو اسے فضاء یا کھلے صحن میں جلایا جائے اس عمل کی بدولت بداعمال کا خاتمہ ہوگا اور پرواز جس کسی نے بھی باندھی ہوگی اس عمل کی بدولت کھل جائیگی اور وہ بخریت سفر ضرور کریگا۔ اسی طرح بعض اپنے رشتہ دار یا اچھی ملازمت سے جلنے والے افراد ایسے بدعمل کو بھی کرواتے ہیں جس سے اس کی کسی بھی طرح ترقی نہیں ہوتی اور اوپر والی مثال کے مطابق اچانک ہی کوئی ایسا کام بگڑ جاتا ہے جس سے ترقی ضرور رک جائے اگر کوئی زندگی میں ایسی قباحت کی لپیٹ میں آچکا ہو تو وہ ان فلیتہ جات کو اوپر بیان طریقے کے مطابق استعمال کرے لیکن پیپل کے پتے کو ایسے افراد استعمال نہ کرے بلکہ وہ اس عمل کو انار کے ایک پتے میں لپیٹ کر اسے استعمال کریں۔ مختلف نحوستوں کا خاتمہ کیسے ہو؟ ایسی کون سی وجہ بن جاتی ہے جس سے دنیاوی کاموں میں رکاوٹیں ہی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ کوئی کام بھی مکمل نہیں ہوتا جب کہ اس کی ابتداء بالکل ٹھیک طرح سے ہوتی ہے۔ یا ایسے افراد جن پر دنیاوی زندگی میں بد اثرات مسلسل ہی پڑتے ہوں اور کوئی بھی دعا یا دوا اپنا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی ایسی گردش میں مبتلا ہو جس سے نہ جان کو کوئی سکون ہو

اور نہ ہی کوئی کام ہوتا ہو کاروبار یا دنیاوی زندگی بالکل شل ہوگئی ہوان تمام قسم کی کیفیات میں مبتلا افراد ان فلیتہ جات کو نو چندی جمعرات بعد نماز ظہر کے وقت اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لیں اور اسے ایک بتی کی طرح لپیٹنے سے پہلے اس کے اندر کالی مرچیں پانچ عدد ڈال لیں اور پھر اپنے پورے جسم پر پھیر کر اسے صبح بوقت سورج طلوع کے اس کے سامنے جلائے جب فلیتہ پوری طرح جل کر خاک ہو چکا ہو تو اس راکھ کو اپنے پاؤں سے مسلے اور اسے کسی شاپنگ بیگ میں حفاظت سے رکھ لے روزانہ اس عمل کو کرے اور بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اس عمل کی بدولت دنیاوی زندگی میں پائے جانے والے ایسے بد اثرات کا فوری خاتمہ ہوگا جس کے متعلق پتہ بھی نہیں ہوگا کہ کسی کی زندگی میں ایسا سب کچھ کیوں ہوتا ہے جس کی پہلے سے کبھی منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی جو کوئی بھی فرد اس کی آزمائش کرے وہ مصنف کتاب کو دعاؤں سے نوازے جس نے آسان اور طاقتور نسخہ جات بیان کرنے میں کسی بھی بخل سے کام نہیں لیا۔ عورتوں و مردوں کے کرنے والے بد اعمال آج کل اس دور میں اکثریت ایسے بد اعمال کی ہے جو خواتین کرتی یا کرواتی ہیں جس میں ان کا اپنا سو فیصدی مفاد پایا جاتا ہے مثلاً کسی انسان کو اپنے حق میں مغلوب کرنا اس میں اس کا شوہر ہونا یا بننا لازمی نہیں بلکہ وہ اپنے پیار و محبت میں ایسے اعمال کرواتی ہیں جس سے وہ جہاں بھی ہو اسے دیکھے بغیر اسے چین نہ آئے یا اس کے دل میں اس کی محبت ہمیشہ کیلئے ہو جائے ایسے اعمال خواتین کثرت سے کرواتی ہیں اور مرد حضرات بھی پہلے بیان کی نشانی کو مسلسل دوسری عورتوں کیلئے کرواتے ہیں اس قسم کے اعمال جن طریقہ کار سے کئے جاتے ہیں وہ بعض اوقات تو بالکل ٹھیک طرح کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن زیادہ تر الٹ ہو جاتے ہیں جس سے محبوب کو قطعاً اس بات کا معلوم نہیں

ہوتا کہ مجھ پر کون سا ایسا عمل کروایا جا رہا ہے جس سے [illegible] ہے ہیں اور بنتے ہوئے کام بگڑ رہے ہیں لیکن ایسی باتیں چھپی بھی نہیں رہتیں اس لئے معلوم ہو جانے کے بعد ان فلیتہ جات کو گیارہ عدد منگل والے دن فوٹو کاپی کروالیا جائے اور ان تمام فلیتہ جات کو اپنے سرہانے رکھ کر سویا جائے پھر ایک فلیتہ روز نکال کر اسے سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اسے جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے گیارہ سے اکیس دنوں تک اس عمل کو مہینے میں ایک مرتبہ کرلیا جائے تو کسی بھی وظیفے یا نقش کی حاجت نہیں رہیگی بہت سریع التاثیر فلیتے ہیں۔ جلانے سے پہلے اپنا نام مع والدہ فلیتے کے چاروں کونوں پر لکھ لیا جائے جو کوئی بھی مغلوب کرنے والا عمل کرواتا یا کرواتی ہوگی اس کا مکمل جڑ سے ضرور خاتمہ ہوگا۔

زندگی جہنم چکر بازی وگردش کا خاتمہ بعض اوقات دنیاوی مختلف طریقہ کار کی طرح مختلف قسم کے بداعمال کئے جاتے ہیں یا اعمال تو اچھی نیت رکھ کر کئے جاتے ہیں لیکن ان کا تاثر قبول نہ کرنے والے افراد اس کے زیر سایہ رہتے ہوئے دن بدن ناگہانی آفتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کئی قسم کے نقصانات مسلسل ہی ہوتے ہیں اور اپنی جان کو بھی کسی طرح سے سکون میسر نہیں ہوتا ایسے اعمال کے زیر سایہ رہنے والے افراد چورا ہے سے ایک شاپنگ بیگ مٹی اور اکیس روڑ کا بھر کر لائیں اور ان فلیتہ جات کو نو چندے اتوار والے دن اکیس عدد فوٹو کاپی کروا کر رکھ لیں اور روز کا ایک فلیتہ نکال کر رات کو اس طریقے سے جلائیں کہ پہلے اپنے پورے جسم پر اس فلیتے کو مل لیا جائے اور سوئی گیس والے چولہے کے ارد گرد اس مٹی کو پھیلا کر ڈالا جائے اور سات روڑ اس کے اوپر مختلف طرح سے رکھ دئے جائیں اور تیز آگ کر کے اس کے اوپر اس فتیلے کو رکھا جائے جب فلیتہ اچھی طرح جل کر خاک ہو جائے تو اس مٹی وروڑ اور کاغذ کی راکھ کو علیحدہ کسی جگہ جمع کرتا جائے اس

عمل کو مسلسل اکیس دنوں تک کرے جمع شدہ راکھ و مٹی کو آخری روز اپنے پورے جسم پر مل کر چلتے دریا یا نہر میں بہائے اللہ کے فضل سے بد اعمال کا اثر ضرور ختم ہوگا۔ زندگی میں مختلف قسم کی چکر بازیوں کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی ستاروں کی گردش میں مبتلا ہو چکا ہو جس سے ہر وقت کوئی نہ کوئی مسلسل ہی نقصان رہتا ہو تو ان فلیتہ جات کو پہلے بیان کئے گئے عمل کے مطابق استعمال کرے اور بعد اس عمل کے اختتام کے اسی فلیتے کی فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لے اور سادہ ہی جلایا کرے۔

سایہ آسیب سے چھٹکارہ کیسے؟ بعض حالات میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے کسی کو آسیب کی شکایت ہو جاتی ہے چونکہ یہ جسم کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہے اور بعض اوقات نہ تو کسی بھی قسم کی کوئی دعا یا دوا اپنا اثر کرتی ہے اور نہ ہی کوئی ٹوٹکہ کام آتا ہے ڈاکٹری رپوٹوں کے مطابق ایسے مریض کا مرض کم ہی سمجھ میں آتا ہے کیونکہ رپوٹیں بالکل ٹھیک ہوتی ہیں لیکن مرض واضح نہیں ہوتا یا ایسے افراد ہوں جو کسی ایسی جگہ پیشاب کر بیٹھیں جہاں سایہ ہو اور انہیں معلوم نہ ہو تو بھی اذیت ضرور ہوتی ہے اور کم ہی ان کے علاج ملتے ہیں۔ ان تمام کیفیات میں مبتلا افراد اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں اللہ کے حکم سے سایہ جس بھی حالت میں ہوگا جان چھوڑے گا اور مریض کو مکمل شفاء ہوگی فلیتے کی اکتالیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور اس کے دوسری طرف مریض کی کسی بھی تصویر کی فوٹو کاپی کروائی جائے پھر سفید مرغ کے خون سے مریض کا نام فلیتے کے چاروں طرف لکھا جائے اور روز کا ایک فلیتہ بیری کے پتے کو اوپر چڑھا کر چراغ میں جلایا جائے چراغ مریض کے سرہانے یا چارپائی کے سر کی طرف رکھا جائے۔ جل کر خاکستر ہونے والے فلیتہ کو کسی شاپنگ بیگ میں رکھا جائے اور اکتالیس دنوں کے بعد اس راکھ کو مریض کے

پورے جسم سے وار کر ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر اسے دریا یا نہر میں بہایا جائے اور ایک عدد حسب توفیق کوئی بھی جانور صدقہ کیا جائے مکمل علاج ہوگا۔ آباد جگہ برباد کیوں؟ بعض اوقات اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے کوئی بھی ہنسی خوشی رہنے والا گھرانہ اچانک ایسی منحوست میں آتا ہے جس سے ان کا آپس میں سلوک و اتفاق بالکل ختم ہو جاتا ہے اور بچے اس قسم کی بدتمیزیاں کرنا شروع کر دیتے ہیں جو اخلاقاً طور پر ٹھیک نہ ہوں بڑے کیا چھوٹے کیا سب ہی ایک دوسرے سے کھنچے کھنچے رہنے لگتے ہیں اور ان کے گھر کا سکون تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور کچھ بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کی کیا تدبیر نکالی جائے جس سے گھر کا سکون دوبارہ بحال ہو جائے یا کسی جگہ کو باندھ دیا جاتا ہے جس سے اگر کسی کو روپے پیسے کی ضرورت ہو تو وہ بکتی ہی نہیں اور اگر کوئی خریدنے بھی آئے تو موقع پر ایسی صورت حال بن جاتی ہے جس سے یہ جگہ نہ بک سکے۔ فتیلے اس قسم کے تمام بداثرات کو باطل کرنے کیلئے درج کیے گئے ہیں۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ ان فلیتہ جات کی اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور گھر میں رہنے والے تمام چھوٹوں بڑوں کے سروں سے اسے سات مرتبہ اتارا جائے اور رات کو بعد نماز عشاء اس فلیتے کو سات جوتیاں زور زور سے ماری جائیں اور اسے کوئلے پر رکھ کر جلایا جائے اور اس کے اوپر حرمل و گوگل ڈالی جائے تاکہ اس کا بھی دھواں نکلتا رہے اس کی دھونی پورے گھر میں دی جائے اور اس عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے جس کسی نے بھی یہ ظلم کیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ جگہ کو بیچنے کیلئے اسی فلیتے کو اس جگہ یا گھر میں قطب کے رخ جلایا جائے اور اس کی دھونی پورے گھر کو دی جائے۔ اور آئیندہ کیلئے ایسے بداعمال سے محفوظ رہنے کیلئے کتاب میں سے نورانی عمل کیا جائے جس سے آئیندہ کیلئے محفوظ رہا جاسکے اور

جادو کرنے والے کا منہ کالا کیا جا سکے اللہ کے حکم سے علاج ضرور ہوگا۔ حرکات آسیب اور یہ کیا کر سکتا ہے؟ بعض حالات میں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ کئی مرد و خواتین ایسی ناز یبا قسم کی حرکات کرتے ہیں جن سے ایسی حرکات کی توقع نہیں کی جا سکتی لیکن اصل میں انہیں بھی معلوم نہیں ہوتا کہ انہیں ایسا کر کے خوشی کیوں ملتی ہے جہاں تک میں نے اس علم کو سیکھا ہے تو اس میں ایسی کئی نشانیاں واضح ہوئی ہیں جس سے ایک قسم کا سایہ ہوتا ہے جو انسان کو گمراہ کرنے کے ایسے ایسے طریقہ کار کے وسوسے دل میں ڈالتا ہے کہ اگر انسان ان پر عمل کرنے لگ جائے تو اسے بعد میں خیال آتا ہے کہ وہ کیسے ذلیل کام کرتا رہا ہے لیکن جیسے وہ وسوسے دل میں ڈالتا ہے تب اس بات کی ہوش نہیں رہتی ہے کہ ایسا کرنے کے بعد کیا ہوگا اس وقت پاکستان میں ایسے کئی مرد و خواتین ہیں جن کے ساتھ روزانہ ہی یہ سایہ ایسے کا کرواتا ہے اور ذلت و خواری کے علاوہ کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا اس لئے مختصر طور پر اگر کوئی مرد و خاتون اپنی بری حرکات کی اصلاح کرنا چاہے جس سے دوسرے اچھے سمجھیں اور اس کی قدر و قیمت جانیں تو ان فلیتوں کو اکیس عدد اتوار کے روز فوٹو کا پیاں کروائے اور اسے پہلے سے پرانے اور استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر اسے چراغ میں جلائے اور خود اس کے سامنے بیٹھ کر آیت الکرسی کا ورد کرے۔ ڈراؤنے خواب اور شیطان کا اثر بعض اوقات شیطان اور اس کے چیلے انسان کے دماغ میں ایسے وسوسے ڈالتے ہیں جس سے انسان ہر اس شے سے ڈرنے لگ جاتا ہے جس کے متعلق معلوم ہی نہیں ہوتا کہ یہ ڈر کس نوعیت کا ہے اور میں اس سے کیوں ڈرتا ہوں لیکن اس کی حالت ایسی ہوتی ہے جیسے ڈر و خوف کھانے والا ہر وقت اس شے کو دیکھ رہا ہو اس کیفیت میں اکثر مبتلا رہنے سے رات کو سوتے ہوئے ایسے ایسے ڈراؤنے، خوف زدہ، پریشان کن، اور

دہشت ناک، خواب آتے ہیں کہ انسان جب بیدار ہوتا ہے تو اس کو پسینے چھوٹے ہوتے ہیں ایسی حالت میں مبتلا رہنے والے افراد زیادہ تر ذھنی مریض بن جاتے ہیں اور ان کے دماغ میں خوف ہر وقت سوار رہتا ہے اور انہیں کوئی بھی تدبیر نہیں سوجھتی ڈاکٹری دوائیوں سے فوراً آرام تو آجاتا ہے لیکن اس کا مستقل علاج نہیں ملتا یا اسی کیفیت میں مبتلا رہنے والوں کو نیند غلبہ نہیں کرتی اور نیند کئی دن نہیں آتی جس سے صحت اور دماغ بری طرح سے متاثر ہوتے ہیں اور زندگی ایک جہنم سے کم نہیں ہوتی ایسی تمام کیفیات اور ایسے بد اعمال سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے آگے درج فلیتہ جات کو بروز جمعرات رات آٹھ بجے گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے سرسوں کے تیل میں تر کر لیا جائے اور اپنے سرہانے کسی شاپنگ میں رکھ کر رکھا جائے اور رات کو بعد نماز عشاء ایک جلانے سے پہلے اسے پانچ جوتیاں ماری جائیں اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دی جائے۔ بندش ورکاوٹ کا خاتمہ دنیاوی زندگی میں کئی ایسے کام ہوتے ہیں جو ممکن ہوتے ہوئے بھی ناممکن بن جاتے ہیں اور اگر ان کو مکمل کرنے کی کوشش کی بھی جائے تو سوائے ناکامی کے کچھ ہاتھ نہیں آتا یا کوئی اپنا ہی عزیز یا رشتہ دار ایسا کوئی بدعمل کروا دیتا ہے جس سے متعلقہ کام نہ ہونے سے ان کو فائدہ حاصل ہوتا ہو یا اگر کوئی فرد کسی محکمے یا عہدے میں ترقی کرنے کا حق رکھتا ہو لیکن اس نعمت سے ہمیشہ ہی کسی نہ کسی وجہ سے محروم رہ جاتا ہو یا دنیاوی ایسے کام جن کے کرنے میں اگر کوئی مہارت رکھتا ہو اور کسی ایسی پریشانی کی بروقت آمد پر اس کا کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچتا ہو تو آگے درج فلیتہ جات بروز پیر والے دن بوقت بارہ بجے اکیس عدد فوٹو کاپی کروا کر رکھ لیا جائے اور اس کے اندر سرخ مرچ ڈنڈی والی ثابت ایک رکھ کر اپنے پورے جسم پر مل کر تیز آگ (سوئی گیس والے چولہے) پر رکھ

دی جائے اس فتیلے کو جلاتے وقت اپنے کام کا مکمل تصور باندھنا چاہئے اور جیسے
اس کی تحریر کا وقت بتایا ہے ایسا ہی ہونا چاہئے اللہ کے فضل سے ناگہانی آفتوں،
بندشوں، رکاوٹوں، بنتے کام کا بگڑ جانا، اور ایسی کئی رکاوٹوں کا خاتمہ بالیقین ہوگا
جو انسان اپنی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتا لیکن ان کے بداثرات کو محسوس کر سکتا ہے
تمام کے تمام فلیتہ جات نہایت ہی محنت کے ساتھ عوام الناس کی فلاح اور اصلاح
کیلئے درج کئے گئے ہیں جو قاعدہ و قانون میں مناسبت رکھنے سے بالکل مکمل ہیں
اور اثر دار ہیں اگر کسی کو ان کا استعمال ہی نہ کرنا آئے تو یہ ان کی طرف سے کوتاہی
مانی جائیگی نا کہ ایسے نسخے کی جو بالکل قاعدے و اصول سے تیار کیا گیا ہو۔
جسمانی و روحانی بیماریاں تمام ذی روح کی جسمانی و روحانیوں بیماریوں کے
خاتمے کیلئے فلیتہ جات کے خواص دیکھیں اور اپنے کسی جسمانی و روحانی بیماری
کے خاتمے کیلئے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں۔ اگر کسی کے سر
میں بہت درد ہر وقت رہتا ہو یا کسی کو درد شقیقہ کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو سات
دنوں کے حساب سے ان فلیتہ جات کی سات فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لے اور
روزانہ سونے سے پہلے اپنے ماتھے پر مل کر اسے جلایا کرے اس عمل کی بدولت سر
درد کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ یقینی ہے۔ اگر کوئی ایسی بیماریوں میں مبتلا ہو جس کا کوئی بھی
علاج نہ ملتا ہو ایسا جسمانی بدن کے ساتھ ہو یا کوئی بدعملیات کرواتا ہو دونوں
صورتوں میں بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے ان فلیتوں کو گیارہ عدد فوٹو
کاپیاں کروا کر اس کے چاروں طرف اپنا نام ہلدی سے لکھے (ہلدی کو حسب
استعمال پانی میں ڈال کر لکھے) اور اسے صبح نہار منہ اپنے جسم پر پھیر کر جلائے اور
اس کی دھونی اپنے جسم کو دے جن امراض کا معلوم بھی نہیں ہوگا ان کا بھی خاتمہ
ہوگا۔ بد اعمال کے ذریعے جسمانی اذیت میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اس کے خاتمے

کیلئے اس فلیتوں کو گیارہ فوٹو کاپیاں کروا کر روز کی ایک اپنے ماتھے پر مل کر جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے جسمانی اذیت کا خاتمہ ہوگا۔ جنات کا خاتمہ مخلوق جنات کی طرف سے ملنے والی اذیت اور اس کی شر افسانیوں کا مکمل خاتمہ کرنے کیلئے اگر جنات اپنی سرکشی سے باز نہ آئے تو وہ خود ہلاکت میں پڑے گا۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی نے کسی ایسی جگہ بہت پہلے پیشاب کر دیا ہوتا ہے جہاں اس مخلوق کا بسیرا ہو اس کیفیت سے وہ اذیت دیتا ہے اور کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی ان فلیتہ جات کو گیارہ فوٹو کاپی کروا کر گیارہ مرتبہ نام کالے مرغ کے خون سے لکھا جائے اور مریض کے پاؤں کے ساتھ بارہ گھنٹے باندھ کر جلا کر اس کی دھونی اس کے بدن کو دی جائے اگر ایک یا کئی مرتبہ کے عمل سے ذرا بھی افاقہ ہو تو کسی جانور کا ضرور صدقہ دے ہمیشہ کیلئے وہ اس جانور کے ساتھ چلا جائے گا۔ کیونکہ ایک جان کو چھوڑنے کیلئے اس نے ایک جان کو قابو کرنا ہوتا ہے ۔چونکہ انسان ذبح نہیں کیا جاتا اور اللہ کی طرف سے آنے والی موت سے مرتا ہے یا کوئی دنیاوی کوئی ایسا سبب بنتا ہے جس سے اس کی ہلاکت ہو جائے اور حلال جانور کی پیدائش صرف ذبح ہونے کیلئے ہی ہوتی ہے اس لئے جاندار حلال شے کا صدقہ اس مرض سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا سو فیصدی موجب بن جاتا ہے کیونکہ جب وہ ذبح ہوتا ہے تو کوئی بھی ہوائی شے یا جنات اس کے ذبح ہونے سے پہلے اس انسان کو چھوڑ چکے ہوتے ہیں جس کو یہ پریشان کرتے ہیں اور اس صدقے والے جانور سے وہ اسے بھی چھوڑ کر کہیں نہ کہیں بھاگ جاتے ہیں جس سے وہ دوبارہ نہیں آتے۔ کالکاں دیوی، ہنومان، بھیرو اور دیگر مخلوق بعض اوقات جادو، سحر، اور اس قسم کے کئی شر پھیلانے والے کام اوپر جو نام درج کئے ہیں ان کے ہی ہوتے ہیں جو مختلف افراد ان کے جنتر منتر پڑھ کر ان کو اپنی تسخیر

میں کرتے ہیں اور ان سے زیادہ سے زیادہ شر و فساد والے اعمال کرتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ دوسرے عام انسانوں کو مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا کرتے ہیں۔ لیکن یہی مخلوق بعض اوقات ایسے کام بھی کر جاتی ہے جس سے کسی کا بھلا ہو جائے یہ اس عامل کی سوچ پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ ان سے کیا اور کس قسم کے کام لیتا ہے۔ چونکہ ان سے عامل کا رابطہ ہوتا ہے اور وہ جیسا اس مخلوق کو کہتا ہے یہ ویسا ہی کرتے ہیں۔ یہ فلیتے خاص طور سے اس مخلوق کے شر کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ اگر کوئی شخص ہندی کلام کو پڑھتا ہو اور اس پر الٹ پڑ گیا ہو، یا کوئی ہندی کلام کی بدی میں زبردست قسم کا مبتلا ہو جائے، یا کسی کو اس بات کا مکمل ثبوت ہو کہ یہ بدقسم کا وار ہندی کلام کے ذریعے کیا گیا ہے، یا کوئی عامل ہندی کلام کی بد تسخیر میں پھنس چکا ہو تو اس قسم کی تمام شر افسانیوں سے بچنے اور ان کا خاتمہ کرنے کیلئے ان فلیتہ جات کو اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور اس میں اپنے نام کو سرخ روشنائی یا اپنے خون سے لکھے اور اسے اپنے ماتھے سے مل کر جلائے۔ گنیش عرف گنپتی بابا موریا آج کل جس قسم کے بد اعمال کئے جاتے ہیں ان کر کرنے میں اس کا بھی بہت ہاتھ ہے اور یہ اپنے عامل سے عہد و پیمان طے پا جانے پر کسی بھی انسان کو فساد و شر میں باآسانی مبتلا کر سکتا ہے اور کرتا ہے میرے پاس اس بات کے کئی ثبوت ہیں اور کئی میرے اپنی آنکھوں دیکھے ہیں۔ اور جو نسخہ میں نے آگے پیش کیا ہے یہ اس کی بدولت مختلف دنیاوی کاموں کو بھی کرتا ہے مثلاً اگر کسی سے کوئی جائز و ناجائز حاجت رکھتا ہے لیکن اسے انکاری کا سامنا بھی ہو تو ان فتیلوں کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھے اور اس کے اندر گیندے کا پھول ڈال کر اسے چھت یا صحن میں جلائے اور پانچ دنوں کی راکھ جمع کرتا جائے آخری روز اس راکھ کو اس شخص کی گزرگاہ میں پھینک دے جس سے کام ہو

وہ کبھی انکار نہیں کر سکے گا یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔ اسی طرح محبوب کی جائز و ناجائز تسخیر کیلئے انہی فلیتوں کو سات دنوں کے حساب سے سات عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے اندر جس گلاب کے پھول کو جلایا جائے اس پر اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام پڑھ کر دم کرے اور جلائے بعد جلانے کے اس کی راکھ کو اپنے محبوب کی گزرگاہ میں پھینک دے ناممکنات جیسے نام کا خاتمہ ہوگا اور اسے اپنے جائز و ناجائز مقصد میں ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔ مختلف بھگوان مثلاً اچانک کوئی ایسا کام ہو جس میں کوئی بھی ساتھ نہ دے سکتا ہو یا کوئی ساتھ دینے کی طاقت میں ہو لیکن جان بوجھ کر ساتھ نہ دینا چاہتا ہو ایسے افراد کو اپنے مقصد کی یاد دہانی کروانے اور ان سے اپنی ضرورت کو پورا کروانے کیلئے ان فلیتوں کو نو چندی منگل کو دوپہر کے وقت سات عدد فوٹو کاپی کروائے اور اپنے مقصد کے حساب سے جس فرد سے کام ہو اس کا نام مع والدہ اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس فلیتے پر دم کرے اور اس کے اندر ناریل کے بال ڈال کر اسے جلائے عمل کے اختتام پر تمام راکھ کو ناریل کے پانی میں گھول کر اسے سخت کرے جب پیڑے کی شکل بن جائے تو اسے اس فرد کی دیوار پر مارے فوراً اس کا دل اس کام کی طرف مائل ہوگا جس کام کیلئے اس عمل کو کیا گیا ہوگا۔ محبوب والے عمل میں ان فلیتوں کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کے پیچھے اپنے محبوب کی تصویر بھی فوٹو کاپی کروائے اسے تانبے کے پترے میں لپیٹ کر سوئی گیس والے چولہے پر رات کو رکھ دیا کرے ہلکی آنچ رکھے اور صبح دن نکلتے وقت دوسرے فلیتہ جات کو ایک ایک کر کے جلائے۔ یعنی ایک دن کا ایک فلیتہ جلانا ہوگا۔ حب و بغض یہ فلیتہ جات خاص طور سے حب اور دشمنی کے کاموں میں بھی نہایت ہی زود اثر ہیں

۔مثلاً اگر کوئی کسی سے پیار و محبت کرتا ہو اور اس کے درمیان بہت سی رکاوٹیں بھی ہوں جس سے حب ادھوری اور نامکمل ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہو تو ان فلیتوں کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائی جائے اور اس کے ارد گرد اپنے محبوب کا نام مع والدہ لکھ کر ایک کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے میں رکھے اور اسے کیکر کے درخت پر کیل کے ساتھ ٹھونک دے باقی دس فتیلہ جات کو روزانہ بعد نماز عشاء چاند کے سامنے جلایا کرے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھے پھر موقع ملنے پر اپنے محبوب کے پاؤں کی مٹی میں اس راکھ کو شامل کرے اور جو افراد اس کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہوں ان کے گھر کے سامنے ان تمام اشیاء کو پھینک دے ۔اس عمل کی بدولت جو افراد اس کام میں رکاوٹ بن چکے ہونگے وہ خود بخود ایسے نکل جائیں گے جیسے مکھن میں سے بال یہ حب کا چلتا ہوا جادو ہے۔اب بغض و عداوت کے طور پر اس کا استعمال ایسے کیا جائے کہ اس فلیتے کی گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں پہلے فلیتے پر اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے اندر یا باہر دشمن کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹے اور اسے تعویذ کی طرح بند کرے پھر اس کے اوپر کیکر کی ایک شاخ توڑ کر رکھے اور کیل کے ساتھ کیکر کے درخت میں ٹھونک دے گھر آ کر ایک فتیلہ فوری طور پر جلائے اور اس کی راکھ کو رکھ لے تمام راکھ کو دشمن کے راستے میں ڈالے۔مختلف کاموں کیلئے۔ دنیاوی معاملات میں دوسرے عام انسان ان فلیتوں کو اگر حب کا کام ہو تو گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، دشمن کو نقصان پہنچانے کا کام ہو تو پانچ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی سے کوئی کام نکلوانے کا کام ہو تو سات عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی کو اپنے راستے سے ہٹا کر خود اس کی جگہ آنے کیلئے اکیس فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، اور انہیں اپنے مقصد کے لحاظ سے جلا کر اس کی راکھ کو متعلقہ فرد کی گزرگاہ میں ڈالا جائے

اس کے اثرات سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی کسی فرد سے حسد کرتا ہو اور اس کا مقصد اسے پریشان کرنے سے ہو تو ان فلیتوں کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کا نام مع والدہ لکھے اور اس کا نام مع والدہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس فلیتے پر دم کرے اور اسے تعویذ کی طرح بند کر کے اپنی چارپائی کے وزن تلے دبا دے اس عمل کی بدولت وہ کبھی دنیاوی کاموں میں کامیاب نہیں ہوگا۔ فوراً ہر کام وحمل قائم اگر کسی عورت کا حمل کسی بد کلام یا عمل کے ذریعے باندھ دیا ہو جس سے عورت کو اولاد نہ ہو رہی ہو تو ان فلیتوں کو اکتالیس عدد فوٹو کاپی کروائے اور روزانہ ایک فلیتہ بعد نماز عشاء جلائے اور اس کی راکھ کو سات جوتیاں مارے پھر اس پر سات مرتبہ تھوک پھینکے تھوک پھینکنے والے عمل کو تب کرے جب اسے کسی شاپنگ بیگ میں ڈال لیا ہو اسی طرح اس عمل کو اکتالیس روز کیا جائے اور جب سب فلیتہ جات جل کر راکھ ہو چکے ہوں تو ایک مٹی کی کنالی لے کر اس کے درمیان میں ایک مٹی کا چراغ رکھے اور اسی فلیتے کو اس کے اندر جلا کر ارد گرد جمع شدہ راکھ کو پھیلائے اس عمل کو دریا یا نہر کے کنارے پر جا کر کرے اور اس جلتے ہوئے فلیتے کو وہیں چھوڑ کر گھر آ کر تازہ غسل کرے اور نماز و روزے کی پابندی کرے۔ اگر اس عمل سے حمل قائم ہو جائے تو چھ ماہ کے حمل میں ان فلیتوں کی گیارہ عدد زائد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور جب پیدائش ہو تو اس بچے کے سرہانے ان فلیتوں کو رکھا جائے اور روز ایک اس کے جسم کے ساتھ مل کر جلائے اس سے بچہ و ماں دونوں ہی آئندہ کیلئے ہر بد کلام و بد عمل کے شر سے محفوظ ہونگے۔ بے حیائی کا خاتمہ اور اصلاح اگر کسی شریف عورت کا خاوند اسے چھوڑ کر جگہ جگہ منہ مارتا ہو یا کسی شریف انسان کی بیوی کسی دوسرے مرد میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہو اور اس بات کا مکمل ثبوت بھی موجود ہو تو ان فلیتہ جات کو گیارہ عدد فوٹو

کاپی کروایا جائے اور اس کے پیچھے متعلقہ کام کی نوعیت سے اس کی بھی تصویر پیچھے فوٹو کاپی کروائی جائے اگر ممکن ہو تو جس کیلئے اس عمل کو کرنا ہے اس کے بالوں کا ہونا بہت ضروری ہے بال چاہے سر کے ہوں یا ہاتھ، و ٹانگوں کے بال ہونے چاہئیں اگر بال دستیاب نہ ہوسکیں تو اس کا پہنا ہوا کپڑا ہونا بہت ضروری ہے پھر اس فلیتے کو اس کپڑے یا بالوں میں لپیٹ کر دریا یا نہر کے کنارے جائے اور وہاں ایک مخصوص جگہ پر چراغ میں اسے روزانہ جلایا کرے اور واپس آجایا کرے گیارہ دن اس عمل کو کرے اس کی مخفی طاقت کے اثر سے متعلقہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔ اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کیلئے اسی فلیتے کو بغیر بالوں یا کپڑے کے اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر چھت پر جلائے۔ اسی طرح اگر کسی کی اولاد ایسے راستے پر چل نکلی ہو جو راز کھلنے پر باعث شرم وندامت کا سبب بنتی ہو۔ تو اس کام کا مکمل تصور باندھ کر اس کے کپڑے کے اندر اس فلیتے کو رکھ کر رات کو جلایا کرے اور ایک عدد کو پانی میں ڈال دے جب یہ کاغذ بالکل گل جائے تو کاغذ کو نکال کر باہر پھینک دے اور اس پانی کو راہ گزر میں پھینکا کرے جیسا تصور رکھا ہوگا ویسے ہی ہوگا۔ جادو واپس پلٹنا۔ اس بات کا پورا ثبوت مل جانے پر کہ کسی نے جادو کیا ہے یا کوئی نقصان دہ مخلوق پریشان کرتی ہے تو ان فلیتہ جات کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اسے چنبیلی کے تیل میں بھگو کر شاپنگ بیگ میں رکھ کر اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اور ایک عدد کورا چراغ ویسے ہی لا کر اپنے سرہانے رکھ دے جب رات کے پورے بارہ بج جائیں تو ایک فلیتے کو نکال کر اسے چراغ میں رکھ کر جلائے اور اس سے نکلنے والے دھوئیں کی دھونی لے اور کمرے کو بند رکھے تاکہ یہی دھواں کافی دیر کمرے میں رہ سکے اس عمل کو مسلسل کرتا جائے اس کے کئی قسم کے فائدے حاصل ہونگے مثلاً اگر کوئی ایسی بیماری

میں مبتلا ہوگا جس کا علاج نہیں مل رہا ہوگا یا کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی ہوگی تو اس عمل کی بدولت وہ اپنا اثر دکھائیگی ۔اور علاج بھی ہوگا۔اگر کوئی جنات یا جادو ٹونے کی بدولت کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ ہوگی تو اس کا بھی خاتمہ ہوگا۔سائے کا مکمل خاتمہ ۔ان فلیتہ کو جلانے اور بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل کرنے والوں سے غیر انسانی کل مخلوق خوف کھاتی ہے اور اپنی جان چھڑواتی ہے اس لئے اگر کسی کی زندگی میں سایہ خبیث ارواح اور اس قسم کا کوئی تعلق پیدا ہو چکا ہو اور کوئی بھی تدبیر سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو ان فلیتہ جات کو اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور چراغ میں جلا کر خود اس کے سامنے بیٹھے اور آیت الکرسی کا بکثرت ورد کرے چراغ جب جلے تو اس کے سب سے اوپر والے شعلے کی طرف نظریں جما کر دیکھے اور خود آیت الکرسی پڑھنے میں مشغول رہے اس کے کئی قسم کے فوائد ہونگے مثلاً اگر بدروح سایہ یا خبیث ہوگا تو وہ اللہ کی کلام پڑھنے سے ویسے ہی بھاگتا ہے اور چراغ کی لو کے اندر اس کی جان پوشیدہ ہوتی ہے اور اس جان کے اندر جس فارمولے کو ترتیب دیا ہے اس کا تعلق اس فرد کو چھوڑ کر چلے جانے سے ہوتا ہے یعنی وہ اپنے کامل تصور اور اپنی زبان کے ذریعے تمام معاملے کو سمجھ کر یہی فیصلہ کرتا ہے کہ اسے اس فرد کی جان کو چھوڑنا ہی ہوگا اور اگر نہیں چھوڑے گا تو یہ عمل اسے نہیں چھوڑے گا اس عمل کے دوران یا بعد میں مریض اگر کوئی افاقہ محسوس کرے تو کسی جاندار شے کا صدقہ ضرور دے اور اکیس دن والا عمل ضرور پورا کرے۔زندگی میں رجعت وٹھہراؤ سے خلاصی ۔بعض اوقات کوئی جذبات میں ایسے کام کر بیٹھتا ہے جو جذبات بھڑکنے سے کر تو لئے جاتے ہیں لیکن جب ان کی نحوست کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو انسان کی زندگی بالکل ہی شل ہو چکی ہوتی ہے یعنی اسے نہ تو کسی شے سے کوئی دلچسپی رہتی ہے اور نہ ہی کسی کام میں دل لگتا ہے ایسی

حالت اگر طول پکڑ جائے تو ایک علیحدہ عذاب بن جاتا ہے یا کسی نے زندگی میں ایسا کوئی کام بھی نہیں کیا ہوتا لیکن یہ اچانک ہی رجعت اور ٹھہراؤ میں قید ہو جاتا ہے اور اسے سمجھ نہیں آتی کہ میرے ساتھ ہونے والا معاملہ کیوں ہو رہا ہے اور مجھے اس اذیت کا سامنا کیوں کرنا پڑ رہا ہے۔ اس قسم کی تمام حالتوں سے بچنے اور زندگی کے ٹھہراؤ کا خاتمہ کرنے کیلئے اور کامیابی حاصل کرنے کیلئے ان فلیتہ جات کو گیارہ عدد فوٹو کاپی بروز اتوار کروایا جائے اور ایک فتیلہ رات کو چاند کے سامنے چھت پر کھول کر رکھ دیا جائے اور صبح سورج طلوع کے وقت اس کے سامنے جلایا جائے جلانے سے پہلے اسے اپنے پورے جسم پر ملا جائے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھا جائے جب تمام فلیتے جل جائیں تو ان کی جمع شدہ راکھ کو چلتے ہوئے پانی میں اپنے سیدھے ہاتھ سے بکھیر دے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے۔ اگر اس عمل کو کوئی عورت کرے تو اس نقش کو اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اگر اس عمل کو مرد کرے تو سیدھے بازو پر باندھے۔ بدروح اور روح۔ آگے درج فلیتہ جات تمام قسم کی بدروحوں اور روحوں کو دور کرنے کیلئے ہیں۔ مثلاً بعض اوقات بچے اچانک کسی ایسی شے کو دیکھتے ہیں جس کے متعلق یہ خود بھی نہیں جانتے بس یہی کہتے ہیں کہ ابھی یہاں کچھ تھا آپ نے کوئی آواز سنی ہے کوئی مجھے پکار رہا ہے وغیرہ وغیرہ اس نا انجانے خوف سے بچوں کے وجود پر خوف طاری ہوتا ہے اور یہ سلسلہ طول پکڑتا ہوا کہیں کا کہیں نکل جاتا ہے بچوں کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا اور ان کے دل میں ایک عجیب سا ایسا خوف طاری رہنے لگتا ہے جس کی تشریح یہ خود بھی نہیں کر سکتے اور نہ ہی یہ کسی کی سمجھ میں آتا ہے جب تک کہ اس کا توڑ نہ کیا جائے اس معاملے میں خصوصاً والدین بہت پریشان ہوتے ہیں لیکن ایسی حالت میں بچوں سے ہمیشہ یہی کہا جائے کہ کچھ نہیں ہے اور خود اس کے

موضوں علاج کیلئے دوڑ لگانی چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ بچے کا اور حوصلہ بڑھایا جائے اور وہ بیچارا خوف کھانے کے علاوہ غم بھی کرنے لگے اس معاملے میں بچوں کا حوصلہ بڑھانا چاہئے اور خود توجہ سے اس کا حل ڈھونڈنا چاہئے اب اس مسئلے کا حل کسی ڈاکٹر کی نصیحت یا دوا ہرگز نہیں ہوتی جس سے بچہ اسے کھائے اور ٹھیک ہو جائے بلکہ اس مرض کا تعلق انسان کے اپنے وجود سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے کامل علاج کیلئے اور بچوں کی تمام قسم کی ذہنی و روحانی پیچیدگیاں دور کرنے کیلئے آگے درج فلیتہ جات کو گیارہ دنوں کے حساب سے گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے بچے کو بتائے بغیر اسے بچے کے تکیے میں رکھا جائے اور اس کے جسم سے سات مرتبہ اتارا کر کے اسے دیا سلائی کی مدد سے جلایا جائے اور اس کی راکھ کو کسی چلتے پانی میں بہایا جائے۔ پھر آگے درج نقوش کو متعلقہ طریقے کے مطابق فوٹو کاپی کروا کر گلے میں پہنایا جائے۔ جب شیطان بھڑکتا ہے۔ بعض حالات میں ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کوئی شریف اور سادہ لوح مرد یا عورت اچانک ہی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے دوسرے افراد ان کو دیکھ کر نہیں پہچانتے کہ یہ وہی ہے جس کو ہم کچھ عرصہ پہلے تندرست حالت میں دیکھتے تھے۔ یہ اس قسم کا جادو ہوتا ہے جس کی صحیح طرح سے شناخت کرنا سادہ لوح افراد کیلئے مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ جب مریض اپنے بدن کے اندرونی یا بیرونی حصے میں کوئی درد یا اذیت محسوس کرتا ہے تو ایسی حالت دیکھ کر عزیز یا رشتہ دار صرف ایک ہی تدبیر نکالتے ہیں اور وہ ڈاکٹر صاحب ہوتے ہیں اب جادو کی پیچیدگی یہاں سے سمجھئے کہ جب مریض کو ڈاکٹر کوئی دوا دیتا ہے یا اس کی تشخیص کرتا ہے تو مریض فوراً اسی وقت صحت یاب ہو جاتا ہے اور وہ اپنے جسم کے اندر سکون محسوس کرتا ہے لیکن کچھ

دنوں کے بعد جو پہلے تھا سواب بھی ہے ہوتا ہے۔اسی طرح زندگی کے دن گذارنا مشکل ہو جاتے ہیں اور کوئی بھی طریقہ کار آمد نظر نہیں آتا اگر کوئی اپنی زندگی میں یا اپنے کسی عزیز یا رشتہ دار کو بیان کی گئی کیفیت میں مبتلا دیکھے تو اسی وقت ان فلیتہ جات کی چودہ عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور ایک چھٹانک کالی مرچیں لے کر ان پر ایک ہی جلسے میں آیت الکرسی بمعہ درود ابراہیمی ایک سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس فلیتے کے اندر ڈال کر فلیتے کو تعویذ کی شکل میں بند کرے اور کوئلے پر اس فلیتے کو رکھ کر آیت الکرسی پڑھے اور پانچ مرتبہ کے بعد پھونک فلیتے پر مارے اس سے کالی مرچ اور کاغذ جلے گا اور مریض کی شفاء کا سامان تیار ہوگا ۔یعنی دھواں مریض کے کپڑوں کو دے اور آیت الکرسی پانچ مرتبہ پڑھنے کے بعد فتیلے پر پھونک مار کر کپڑے کو دھواں دے۔مختلف تکالیف۔دردوں، تکالیف، اذیت، شر شیطان، اور مختلف قسم کے جتنے بھی بد اعمال ہونگے ان کا بیک وقت خاتمہ کرنے کیلئے، بعض اوقات انسان جسمانی تکالیف میں مبتلا ہو جاتا ہے جس سے دنیاوی کسی بھی ڈاکٹر یا حکیم کی دوائی اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتی کیونکہ اصل میں اس کا روحانی علاج ہوتا ہے جس کو روحانی عملیات کے نقطہ نظر سے کر کے اس اذیت سے چھٹکارہ پانا ہوتا ہے۔اگر کوئی اچانک ہی مصائب یا اذیتوں میں مبتلا ہو جائے تو ان فلیتہ جات کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائے اور روز ایک بعد نماز عشاء اپنے پورے جسم پر مل کر یعنی باتھ روم میں جا کر اپنے پورے کپڑے اتار کر اپنے سر سے لے کر پاؤں تک اسے ملے اور وہیں پر دیا سلائی کی مدد سے جلائے بعد اس عمل کے اگر مرد و عورت دونوں میں سے کوئی بھی ہو تو وہ اپنی شرم گاہ پر پانی اس طریقے سے ڈالے کہ اس کی راکھ گیلی ہو جائے پھر چاہے وہ جہاں بھی جائے اس سے کوئی سروکار نہیں صرف اپنی شرم گاہ پر اس طریقے سے پانی ڈالا جائے جس

سے اس کی راکھ بھیگ جائے اس عمل کی بدولت بداعمال جسمانی تکالیف کا خاتمہ ہوگا۔ ہر نقصان اچانک۔ دنیا میں بعض افراد ایسے بھی دیکھے گئے ہیں جو اچانک کسی ایسے نقصان یا تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس کی پہلے سے منصوبہ بندی نہ تو کی ہوتی ہے اور نہ ہی اس واقعے کا کبھی ذھن میں ہی آسکتا ہے لیکن ایسے افراد زندگی میں ایسے نقصانات سے مسلسل دوچار ہوتے رہتے ہیں حقیقت سے تعلق رکھتے ہوئے جانی و مالی دونوں طرح سے متاثر ہوتے ہیں اور کوئی بھی تدبیر موقع پر کام نہیں آتی اگر کوئی بیان کرنے والی نشانی کے مطابق اپنی زندگی کا موازنہ کرے تو اس کی مزید تشریح صرف اوپر بتانے والی بات سے ہوسکتی ہے۔ اس کے خاتمے کیلئے سب سے پہلے سڑکوں وگلیوں پر پڑے ہوئے گندے پرانے کپڑے کو جو ٹکڑے پڑے ہوتے ہیں ان کو اتنی تعداد میں لے آئے کہ گیارہ دنوں تک اس عمل کو کر لینے کے بعد یہ ختم ہو جائیں اب ان فلیتہ جات کی گیارہ فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور ایک کوئلے کو سرخ کر کے رکھ دے۔ پھر اس فلیتے کے اندر اس میلے ٹکڑے کو رکھ کر اپنے پورے جسم پر ملے اور اسے تعویذ کی طرح بند کرے اور اسے کوئلے پر رکھ کر اس سے نکلنے والے دھوئیں کو اپنے پورے جسم کو دے اس عمل کیلئے علیحدہ بیٹھے اور اگر ہو سکے تو اپنے پورے کپڑے اتار دے تاکہ یہی دھواں اس کے جسم کو لگے اور اس پر بیک وقت مختلف اقسام کی نحوستوں کا خاتمہ ہو۔ کپڑے اتارنے کے بعد کسی چادر سے اپنے جسم کو ڈھانپے اور کوئلے کو کسی طریقے سے ایسے رکھے کہ اس کا دھواں مسلسل جسم کو لگتا رہے فلیتہ جل جانے کے بعد اس کوئلے اور فلیتے کی راکھ کو کسی علیحدہ جگہ محفوظ کرتا جائے اور قبرستان میں دفن کردے۔ ہر کسی کام کیلئے۔ یہ ایسے فلیتے ہیں جس سے دنیاوی ہر معاملے میں کام لیا جاسکتا ہے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ بچوں کی بدتمیزی کو


دور کیا جاسکتا ہے۔ جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہوں ان کو پڑھائی کی طرف مائل کیا جاسکتا ہے۔ بعض اوقات کوئی ایسی غیر عورت کسی بی بی کے مرد سے ناجائز تعلقات پیدا کر لیتی ہے جس سے جان نہیں چھوٹتی اور گھر میں ہر وقت ایک فتنہ برپا رہتا ہے اس قسم کے تمام بد اثرات اور زندگی میں خوشحالی پیدا کرنے کیلئے ان فلیتہ جات کو اکیس دنوں کے حساب سے اکیس عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے اردگرد جس مقصد کو لکھا جائے وہ پیاز کا پانی ہونا چاہئے ایک ہی جلسے میں پیاز کا پانی نکال کر اس کے گرد اپنا مقصد لکھ لیا جائے اور ایک ہی جلسے میں اگر بچے پڑھتے نہ ہوں تو رات کو سوتے میں ان کے پاؤں سے مس کرنا چاہئے اگر میاں کسی عورت کے چکر میں پھنس گیا ہو تو اس کے پاؤں کی جوتی کے تلوے کے ساتھ مس کرنا چاہئے اور روزانہ بعد نماز عشاء اپنے تصور کو کامل باندھ کر انہیں روز کا ایک جلایا جائے اس راکھ کو شاپنگ بیگ میں محفوظ کیا جائے اور جب اکیس دنوں کا عمل مکمل ہو جائے تو تھوڑی سی راکھ اپنے خاوند کی جوتی میں ڈال دے اور بچے کی باقی جمع شدہ راکھ میں ایک عدد پیاز چھیل کر ڈال کر دریا یا نہر کے کنارے دفن کر دیا جائے اس عمل کی بدولت اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھنے والے ہونگے۔ اس کے علاوہ پیاز کے پانی سے اگر اپنا کوئی بھی مسئلہ لکھ کر اسے بعد نماز عشاء جلایا جائے تو اس کے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں اور رکاوٹوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔ وسوسوں کا خاتمہ۔ بعض حالات میں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ انسان بہت جلد شیطان کے شر سے مغلوب ہو جاتا ہے یا اگر کوئی بہت ہی حساس طبیعت کا مالک ہوتا وہ اپنے ذہن میں ایسی کئی سوچیں سوچتا ہے جن کا حقیقت سے گہرا تعلق ہوتا ہے یہ مرض اگر جڑ بن جائے تو اس کا علاج نہایت ہی مشکل ہو جاتا ہے اور جو افراد وسوسے کی لپیٹ میں آتے ہیں وہ اپنی زندگی سے

ایسی ناامیدیاں پیدا کر لیتے ہیں کہ خوشی کے مواقع ان کی زندگی میں آتے تو ہیں لیکن یہ ان کا سامنا نہیں کرنا چاہتے اور اپنے ذھن کی الجھنوں اور کشمکشوں کے تابع ہو کر خود ایسے اندھیرے میں غرق ہو جاتے ہیں جہاں سے یہ خود ہی نکلنا نہیں چاہتے اب اس کیفیت کو چاہے جادو کا نام دیں یا کسی غیر انسانی مخلوق کی حکومت کا پریشانی تو ہر حال میں پریشانی ہے اگر کوئی اوپر درج نشانیوں میں سے اپنی زندگی میں بھی ایسی کوئی نشانیاں دیکھے اور اس کا علاج کرنا چاہے تو یہ نہایت ہی آسان کام ہوگا فلیتہ جات کی گیارہ فوٹو کاپیاں کروائے اور روزانہ اپنے سر سے سات مرتبہ وار کر انہیں جلائے اور اس کی دھونی لے اور اس دوران یا عمل شروع کرنے سے پہلے خالص روغن بادم پر درود براہیمی سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جب اس فلیتہ کو جلائے تو رات کو سونے سے پہلے اس کے دو دو قطرے اپنے کانوں میں ڈال کر سوئے اس زبردست عمل کی بدولت شیطان کے ہر شر و فساد پھیلانے کا جڑ سے خاتمہ ہوگا اور زندگی میں سکون حاصل ہوگا جو وسوسے ہونگے وہ نہیں آئینگے بلکہ جیسے فلیتے کو اس مقصد کی خاطر جلایا جائیگا اس مرض کا خاتمہ ہوگا۔

স্থষএব ঞএব ষএল্৯একএলএম ফী এল্দএ এস্মঞএত
ষএল্ম৯এম শীনএষএল্দএ ফীইহীন ৯এন নএস্দ



ঝএ৯এঝল ষএল্মী৯মএতত ষএল্ফীন২এমএএন
স্থএদএদ ৯এন নএস্দ এবূ জঞএল স্থএমএ কএ





سم سوھنی
من موھنی
علیقا ملیقا طلیقا


ھد مانیر دو ہتیلف نیر دتساھدش
یلوتسم نیطایش رش عیمجو نایکلم ناھرس
ھوااا حودب سیلبا ناماھ
نوعرف سمش
دیایب دوز وددش رتسکاخ وددوز وسب
نظرے کہ در
وجود فلاں بن
فلاں وہر
آسیب ہر دیو و
پری و چڑیل و
ہر شے کہ در
وجود فلاں بن
فلاں کہ دخل
کردہ مزاحمت
رسانید باشد
ملیقا طلیقا
آنچہ در وجود
فلاں بن فلاں



زغبوان	لعین	ابلیس	لعین
لعین	ھامان	لعین	شداد
تلبیس	لعین	عزازیل	لعین
بسوختم	دریں	چلیتة	پلیتة
فتیله	فلیته	فلیته	فلیته
چراغ	دلاں	بیابانی	مرخاب
رقاب	گفتار	دیوان	پریان
دھات	کافر	شیطان	شر
خاکستر	خاکستر	خاکستر	خاکستر



১ ২
৩ ৪
৫ ৬
৭ ৮
৯ ০
১ ২
৩ ৪
৫ ৬




३४	२०	२८	३०
२७	४०	३३	०३
३७	२६	३१	३६
३२	३५	३८	२५

४८	१५	५५	१४
५४	४२	४७	५२
४३	५७	४०	४६
५०	४५	४४	५६

ھامان	ابلیس
قارون	شداد
نمرود	فرعون
ماروت	ہاروت
قابیل	ھابیل
ماجوج	یاجوج



ھامان	ابلیس
قارون	شداد
نمرود	فرعون
ماروت	ہاروت
قابیل	ھابیل
ماجوج	یاجوج
ھامان	ابلیس
قارون	شداد
نمرود	فرعون
ماروت	ہاروت



نیلا لیلا
لیلا
جمہر ود
جمہر اد
وکمال
کاڑ
کٹھری
کاڑ

۸	۳۸۱۱۱	۳۸۱۱۴	۱
۳۸۱۱۳	۲	۷	۳۸۱۱۲
۳	۳۸۱۱۶	۳۸۱۰۹	۶
۳۸۱۱۰	۵	۴	۳۸۱۱۵

۸	۳۸۱۱۱	۳۸۱۱۴	۱
۳۸۱۱۳	۲	۷	۳۸۱۱۲
۳	۳۸۱۱۶	۳۸!۰۹	۶
۳۸۱۱۰	۵	۴	۳۸۱۱۵




ھامان
شداد
قارون
فرعون
نمرود
इस्हा०
लखईईन
ज
लकहईईफ़
इस्हा०
ल
मउक़ाबीर
इस्हा०
लदाम
इस्हा०
लदाम
इस्हा०
लफ़उज़ाबीय
इस्हा०
लनार
इस्हा०
लतज़ाक़ीफ़
इस्हा०
लस्हजार
इस्हा०
लस्ईईक
ललीकि
इस्हा०
लबतीन
इस्हा०
लजीबाल
लस्हामहा





یا طاطنیل
مجوق العجل
العجل
اجل
الساعۃ
الساعۃ
الساعۃ
الوحا الوحا
الوحا ہر چہ
آسیب
جن،
پری، دیو،
بھوت،
چڑیل،
خبیث، و
شیاطین

وہر بلا ئیکہ
در وجود
فلاں بن
فلاں
مسلط شدہ
است
دریں
فلیتہ
چراغ
سوختہ
گردانند
علیقا
ملیقا تلیقاً
جمیع ملعون


۱۸۳۹	۱۸۵۲	۱۸۴۹	۱۸۴۶
۱۸۵۰	۱۸۴۵	۱۸۴۰	۱۸۵۱
۱۸۴۳	۱۸۴۷	۱۸۵۴	۱۸۴۱
۱۸۵۳	۱۸۴۲	۱۸۴۳	۱۸۴۱


২২ ৩ ৪ ৫ ৬
৭ ৮ ৯ ০ ৮ ৭
সঅহঅর
জঅদী অসবে
দঅর ফলঅন
বনি ফলঅন
বঅসীহুদ
বমেঅরা
মঅন বঅসহ
سحر و جادو آسیب در
وجود فلاں بن فلاں
باشد وجہ بیماری آں
الساعۃ الساعۃ الساعۃ
الوحا الوحا الوحا



شمرور
شمشان
بھرو
بھگت
ہاس
مدرکیتا



اکشر
رتنام
بھیری
انوپ
قیطوش



۱۲ ۶۹ ۵۸ ۴۷
۶۸ ۵۷ ۴۵ ۲۳
۵۳ ۴۴ ۳۲ ۷۹
۶۳ ۴۳ ۲۰ ۷۷
سحر و جادو و آ
درو جو و فلاں سیب
فلاں بن
فلاں با اثر شد وجہ
بیماری آں باشد
و جمیع اثرات بد
بحق قبض سوختم و
دفع کردم





ابیض
الاحمر
फअडठअण


حاضریون
آباد بلاد


قابیل
ابلیس
نمرود
ہامان
ابوجہل
شداد
فرعون
قارون


ابسلم
ابسلم
ابسلم
ابسلم
اب ج د ہ و ز ح ط





زرهطف
فرفاش
طبطب
طفطوا طفاجا سوجا




ظپابطھا
ھیش قلھا
غلط طوراش
نقتھاش
اھاشوھوشا
ھشااشاياست
ھظمطائیل
ستاعاقمایقا
نوعادا
شلشبیل
چرھیط
شاقوایوھرا اذناء


بين الكاف والنون هـ اهيـ
اشراهيا شراهيا










خواص فتیلہ جات

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ پچھلے صفحے پر جو فلیتہ جات گذرے ہیں اور ان کے خواص لکھے ہیں یہ سب دنیاوی و روحانی کاموں میں ضرور مدد دینگے کیونکہ ان کا تعلق ظاہری آنکھ سے دیکھنے والی اشیاء سے نہیں بلکہ ہوا کی طرح لہروں سے ہے جو اچھی بھی ہوسکتی ہیں اور بری بھی لیکن یہاں جن خواص کو لکھا ہے وہ سب اچھائی کی طرف جاتے ہیں اور برائی کرنے یا کروانے کا ان کا ایک رتی بھی حصہ نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو سوچیں کہ فلیتہ جات سے بچوں کا دل پڑھائی میں کیسے لگے گا یا ان فلیتہ جات سے حب کیسے پیدا ہوگی تو اس بات کیلئے ایک صفحہ خصوصاً لکھنا پڑ رہا ہے کہ اپنوں میں سے یا کوئی عزیزوں میں سے یا کوئی مفاد حاصل کرنے والے افراد اس قسم کا جادو یا تعویذات یا بداعمال کرواتے یا خود کرتے ہیں جس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے مرد اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا بچوں کا دل پڑھائی سے اچاٹ کروایا جاتا ہے۔ اذیت میں مبتلا کیا جاتا ہے نئی نئی قسم کی تکالیف میں مبتلا کیا جاتا ہے اور ایسے کئی نقصان دہ کام کروائے جاتے ہیں جن کیلئے خصوصی طور سے کامل محنت کرتے ہوئے ایسے نسخہ جات درج کر دئے ہیں جو بے شک سینوں کے رازوں میں سے ایک راز تھا اس بات کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے اگر کوئی بھی ان فتیلوں سے مشابہت رکھنے والا فتیلہ یا خواص کسی دوسری کتاب میں دیکھے تو وہ ثبوت کے ساتھ ضرور آئے۔ فلیتہ جات سے روحانیت والے سلسلے سے تعلق رکھنی والی کڑی کے مطابق ان فلیتہ جات کو کسی بھی مقصد کیلئے لکھنے کیلئے ویسے تو بالکل سیاہ یا بالکل سفید مرغ کے خون سے لکھے جانا چاہئے۔ چونکہ فلیتہ جات کو نہایت مشکل اور محنت سے بنایا ہے۔ لیکن اس دور میں ایک سہولت کا نام فوٹو کاپی بھی ہے۔


جادو سے بچنے کے نسخہ جات، نقوش اور اعمال

اس نقش کو جو کوئی بھی دیسی مرغ کے دل کے خون سے سفید کاغذ پر نو چندی اتوار والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے اسی مرغ کے سیدھے پر سے بنائے اور اسے اپنے گلے میں باندھے تو اللہ کے حکم سے جادو یا کوئی بھی بد عمل اپنا اثر ہرگز نہیں دکھائے گا۔ اور اگر پہلے سے ان امراض میں مبتلا ہوگا۔ اس کا خاتمہ ہوگا۔ یاد رہے کہ ایک مرغ کے دل سے یہ نقش ہوسکتا ہے کہ نہ لکھا جائے لیکن اس کو لکھنے کیلئے خواہ کتنے ہی مرغوں کا ذبح کرنا پڑے کرنا ہوگا۔ اگر کوئی عورت اس نقش سے مستفیض ہونا چاہے تو سفید دیسی مرغی کے الٹے پر سے اس کے دل کے خون سے اس نقش کو لکھے۔



جادو سے بچاؤ

اس نقش مبارک کو زوال ماہ جب چاند بالکل کٹ کر برابر ہو چکا ہو ایک عدد چراغ جلا کر اس کی روشنی میں زعفران سے چھت یا صحن لکڑی کی چونکی پر بیٹھ کر لکھے۔ یعنی (جہاں سے با آسانی کٹا ہوا چاند دکھائی دے) اور اسے اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے سحر، جادو، ٹونہ، آسیب، جنات کا خاتمہ ہونے کے ساتھ ساتھ دنیاوی کسی ہتھیار و اوزار کا بھی اثر نہیں ہوگا۔ اگر حاملہ خواتین اس نقش کو استعمال کریں اور بعد پیدائش کے اسی نقش کو بچے کے گلے میں بتائے گئے طریقے کے مطابق لکھ کر استعمال کروائیں تو بچہ تمام قسم کی ارضی و سماوی آفات و بلیات سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہوگا۔ اور جادو ٹونے کا یقینی خاتمہ ہوگا۔



ہر مہم کی آسانی

یہ ایسا باکمال نقش مبارک سورۃ والناس کا ہے۔ جو دنیاوی بیماریوں کے خاتمہ اور کاموں میں جانائز رکاوٹوں کا خاتمہ کرتا ہے۔ یعنی جو افراد اچانک بنتے ہوئے کام کو بگڑتا ہوا دیکھیں یا یہ کیفیت ان میں پائی جاتی ہو۔ تو اس نقش مبارک کو کسی پاک و پرہیز گار نمازی آدمی سے کالی سیاہی سے ہرن کی جھلی پر لکھوا کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھیں اور اگر کاروباری مقام یا گھر کی چوکھٹ کے اوپر اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھوا کر شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر لگوایا جائے تو گھر و کاروبار میں ناجائز رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔ اور کوئی بھی ساحر یا بدعمل کرنے والا ہرگز مغلوب نہیں کر سکے گا۔



جملہ امراض و جادو

یہ نقش مبارک سورۃ الفلق شریف کا ہے۔ جو جسمانی و روحانی بیماریوں کے خاتمے کے ساتھ ساتھ کسی بھی سحر و جادو ٹونے کا اثر باقی نہیں رہنے دیتا اس لئے اس نقش کو چلتے پانی کے کنارے سبز کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر پندرہ منٹ لوبان یا صندل کی دھونی دے کر تعویذ کی طرح بند کر کے اسے اپنے گلے میں پہنے اور اگر کوئی جسمانی و روحانی امراض میں ہر وقت مبتلا رہتا ہو۔ تو اس نقش کو پہلے طریقے سے بنا کر گلے میں باندھے اور ایک کو زعفران سے لکھ کر اسے گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو صبح دوپہر شام وقفے وقفے سے پیا کرے۔ بحکم خدا جسمانی امراض کا تعلق اگر سحر سے ہوگا۔ تو اس کا خاتمہ یقینی ہوگا۔




وسعت رزق

یہ نقش سورۃ الکافرون شریف ہے۔ اگر کوئی کسی بدعمل کے زیر سایہ ہو یا اس کی دکان کو کسی نے بداعمال و تعویذ گنڈے کر کے بند کر دیا ہو تو وہ اس نقش کو جمعے کے دن چاند چڑھنے پر جو پہلا منگل آئے اسے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو بالکل اسی طریقے سے لکھ کر اسے اپنے گھر یا کاروباری مقام پر شیشے کے فریم کے اندر آویزاں کروا کر لگائے۔ جس کسی نے بھی رزق و روزی کو باندھا ہو گا۔ انشاء اللہ یہ سارا بد اثر اسی کی طرف لوٹ جائیگا۔ یہ بات طے شدہ ہے کہ جہاں یہ نقش ہوتا ہے۔ وہاں جادو ٹونہ آسیب جنات یا کوئی بھی غلط کلام یا مخلوق داخل نہیں ہو سکتی۔




ہر کام کیلئے

یہ نقش مبارک سورۃ اخلاص شریف کا ہے۔ جو دینی و دنیاوی دونوں کاموں میں سو فیصدی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ اس کے بہت سے مختلف شعبے ہیں۔ اس لئے جو کوئی بھی کسی بیماری میں مبتلا ہو جادو ٹونے میں گرفتار ہو کسی کا کام نہ چلتا ہو کسی کا دشمن اس پر کالا علم کروا کر اسے مغلوب کرتا ہو کسی کی دشمن نے کاروبار یا ملازمت میں ترقی روک دی ہو۔ کوئی صاحب اولاد عورت بچہ پیدا کرنے کے قابل نہ رہی ہو اور اس کے علاوہ دنیاوی جتنے بھی امراض ہیں۔ ان سب کیلئے اس نقش کو صبح سورج نکلتے وقت زعفران سے دو عدد لکھا جائے ایک کو چمڑے میں رکھوا کر گلے میں باندھا جائے اور ایک کو پانی میں گھول کر پیا جائے۔




سفلی علم چھینٹا

اگر کوئی بد کلام کا عامل یا کوئی دشمن غلط اقسام کی پڑھائیاں پڑھ پڑھ کر کسی شریف انسان کو نقصان میں مبتلا کرتا ہو اور کلام کے ذریعے تکالیف پہنچاتا ہو تو اس نقش کو دریا یا نہر کے اندر ناف کے مقام تک جا کر زعفران سے دو عدد سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اسی وقت اپنے کسی بھی پہنے ہوئے کپڑے کی (ٹاکی) بنا کر اس کے ساتھ ناف کے مقام پر باندھے اور دوسرے کو گھر آ کر مٹی کے برتن میں ڈال کر اس نقش کے پانی کے صبح و شام اپنے گھر کے چاروں کونوں میں چھینٹے لگائے اس عمل کی بدولت جو کوئی بھی ہوگا۔ وہ کھل کر سامنے آئیگا۔ کیونکہ جو وار وہ کر چکا ہوگا۔ وہ اسی طریقے سے واپس جائیں گے۔




روپے وسامان چوری ہوتا ہو

اگر کسی کے روپے پیسے چوری ہوتے ہیں۔ یا گھر کی کئی قسم کی اشیاء ادھر ادھر ہوتی ہوں جب کہ اس بات کا بھی علم ہو کہ یہاں سے کوئی روپے یا شے نہیں اٹھا سکتا تو اس صورت میں اس نقش کو بکرے کی کھال پر لکھ کر اسے اسی کی تانت سے لپیٹ کر اپنے اس کمرے میں لٹکائے جہاں یہ واردات اکثر ہوتی ہو آپ دیکھیں گے کہ جو اشیاء پہلے کی غیب ہو چکی ہونگی۔ وہ بھی واپس آئینگی اور آئیندہ کیلئے کسی شے کا گم ہو جانا ناممکنات میں شمار ہوگا۔ آزمائش شرط ہے۔ اگر کسی کی جیب سے روپے نکل جاتے ہوں تو اس نقش کو خرگوش کی جھلی پر کالی سیاہی سے بنا کر اسے اپنے گلے میں پہنے۔




نظر بد

اگر اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے پر گولڈن سیاہی سے نو چندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے تو کسی کی بھی نظر بد نہیں لگے گی۔ اور نہ ہی کسی غیر انسانی مخلوق کی بدنظر پڑے گی۔ اس نقش کو اسی طریقے سے لکھ کر جادو، ٹونہ، مسان، آسیب، جن گرفتہ کے گلے میں باندھا جائے اور ایک کو سادے پانی میں گھول کر مسلسل پلایا جائے بحکم خدا جسمانی و روحانی امراض کے خاتمے کے ساتھ ساتھ نظر بد کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ دنیاوی معاملات میں فتوحات حاصل کرنے کیلئے بھی یہ نقش نہایت نافع و فائدہ مند ہے۔ پیچھے مقصد ضرور لکھیں۔




غلبہ دشمن

اگر کسی شریف انسان کے بہت سارے دشمن بن گئے ہوں جو گا ہے بگاہے نقصانات پہنچاتے ہوں تو اس نقش کو بروز اتوار نیا چاند چڑھنے پر صبح سورج طلوع ہوتے ہی ببر شیر کی کھال پر لکھے اور اسے عطر سے معطر کرے اور اسے اپنے گلے میں باندھے دشمنوں کے غلبے کے ساتھ ساتھ جو کوئی دوسرا بھی دیکھے گا وہ خوف کھائے گا۔ اور خصوصاً دشمن مغلوب ہی رہیں گے۔ اور اگر کوئی بد کلام یا غیر انسانی مخلوق کے ذریعے نقصانات کرواتا ہوگا۔ تو وہ مخلوق کبھی اس شخص کے پاس بھی نہیں آئیگی۔ اس نقش کی افادیت کی ضرور آزمائش کریں جیسے لکھا ہے۔ انشاء اللہ ایسا ہی ہے۔




سفلی علم کا مکمل خاتمہ

شیطان صفت عامل یا دشمن نے بد کلام کے ذریعے کسی مرد و عورت کی شہوت کو باندھ دیا ہو جس سے وہ وظیفہ زوجیت کرنے سے محروم ہو گیا ہو اور کوئی بھی دوا اپنا اثر نہ دکھاتی ہو یا کوئی بھی وظیفہ اپنا اثر نہ کرتا ہو تو اس نقش کو دو عدد پہلے زعفران سے سفید کاغذ پر بنا کر اس کے نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر دونوں بازوؤں کے ساتھ باندھا جائے۔ اور اکیس دنوں تک روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر شہد سے چاٹا جائے۔ شہوت کھل جائیگی اور بد کلام کا اثر باطل ہوگا۔ مختلف جسمانی و روحانی بیماریوں کے مکمل خاتمے کیلئے بھی مریض پر نقوش والا عمل بتائے گئے طریقے کے مطابق کیا جائے۔




زیادتی زرق

اگر کسی کا کاروبار صحیح نہ چلتا ہو یا اچانک چلتا ہوا کاروبار سرد پڑ گیا ہو تو اس نقش کو دو عدد نوچندی جمعرات والے بعد نماز مغرب زعفران سے لکھے ایک کو سفید کاغذ پر لکھ کر اسے دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اور دوسرے کو خرچ کرنے والے نوٹ پر کالی سیاہی سے لکھ کر عطر سے معطر کرے اور اسے روپے رکھنے والی جگہ پر رکھے اللہ کے حکم سے غیب سے رزق و روزی کی فراخی کیلئے وسیلے پیدا ہونگے۔ اگر کوئی اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا کسی سازش کا شکار ہو وا ہو تو اس نقش کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار کی حدود میں لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اور دعا خیر مانگے۔ اللہ کرم فرمائیگا۔




حل المشکلات

اگر دنیاوی کاموں میں مسلسل رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔اور اچانک بنتے ہوئے کام بگڑ جاتے ہوں جس سے نقصان ہو رہا ہو تو اس نقش کو پرہیز گار آدمی سے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھوا کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے مسلسل اور اچانک آڑے آتی ہوئی رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔اور جہاں ترقیوں کی راہ ہوگی قدم وہیں جائیں گے۔اس نقش کی کئی مرتبہ آزمائش کی اور ہر مرتبہ استعمال کرنے پر یقینی اثرات پائے گئے۔اس کے علاوہ جو کوئی بھی اس نقش کو دنیاوی و روحانی کاموں میں استعمال کرنا چاہے وہ زعفران سے لکھے اور جو سوچ یا مقصد ہو اس کے پیچھے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔




جادو کا اثر واپس

اگر کوئی جادوگر یا کوئی عامل کسی کا دشمن بن گیا ہو اور وہ اپنے علم کے زور پر کسی کو بھی اذیت دیتا ہو اور اس کا علاج نہ مل رہا ہو یا کسی نے ایسی بندش کر دی ہو جس کا توڑ نہ مل رہا ہو یا کوئی بھی جادو یا سفلی علم کا وار کرتا ہو اور اس سے بہت زیادہ نقصان ہونے کے ساتھ کاروبار تباہ ہو رہا ہو تو اس نقش کو پانچ عدد زعفران سے سفید کاغذ پر بنائے چار نقوش کو دکان یا گھر کے چاروں کونوں میں لگائے اور پانچویں کو مٹی کی کوری ھانڈی میں ڈال کر اس کے چھینٹے کاروباری مقام پر لگائے اللہ کے حکم سے جو بھی دشمن یا عامل ایسا کرواتا ہوگا۔ یہ سب کچھ اسی کی طرف واپس لوٹ جائیگا۔




بیماری ختم نہ ہو

بذریعہ جادو ایسا عمل بھی ہوتا ہے۔ جس سے مریض کو جو بھی بیماری ہو وہ کم ہونے کی بجائے بڑھتی ہی رہتی ہے اور اس کا کوئی مستقل حل نہیں نکلتا اور نہ ہی کوئی بھی دوا یا نسخہ اپنا اثر بالکل نہیں دکھاتے اس کے کامل علاج اور بیماری کے اس طول پکڑنیوالے سلسلے کے خاتمے کیلیئے اس نقش کو تین مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو مریض کے تکیئے کے نیچے رکھے دوسرے کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو صبح دو پہر شام پیا جائے اور تیسرے کو مریض کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں کالے چمڑے کے اندر رکھوا کر پہنایا جائے اللہ کے حکم سے جو بھی بیماری ہوگی اس کا جڑ سے خاتمہ ہو جائیگا۔




حیض بند نہ ہو

جادو کی ایک قسم ایسی بھی ہوتی ہے جس سے حیض وقت کی بے اعتدالی کے سبب جاری ہو جاتے ہیں۔اور بند نہیں ہوتے اور خون جاری ہی رہتا ہے۔ کوئی بھی ڈاکٹری دوائی یا نسخہ اپنا اثر نہیں دکھاتا ایسی خواتین کیلئے یہ نقش کسی کرامت سے کم نہیں ہوگا۔اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خود اپنے ہاتھوں سے تیار کر کے اسے استعمال کریں۔اس نقش کو بروز اتوار سرخ کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھا جائے اگر سرخ کاغذ کہیں سے مل نہ رہا ہو تو سفید کاغذ کو بالکل یک رنگ سرخ میں تبدیل کیا جائے اور پھر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اسی وقت حیض بند ہو نگے۔آزمائش شرط ہے۔




جسمانی کینسر

جادو کے زور پر خاتون میں اکثر ایسی غیر انسانی شے بھی مسلط ہو جاتی ہے۔ جس سے وہ عورت کینسر کا شکار بن جاتی ہے۔ جس کی کوئی بھی ٹھیک یا صحیح وجہ سامنے نہیں آتی لیکن ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق مرض کینسر ہی نکلتا ہے۔ اس مرض کو بالکل جڑ سے ختم کرنے کیلئے اس نقش کو بروز ہفتہ بوقت صبح سورج طلوع کے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے اپنے گلے میں باندھا جائے ایک کو صبح نہار منہ چینی کی طشتری پر لکھ کر اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پیا جائے اگر پھر بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو جسم کے جس حصے پر کینسر کا غلبہ ہو وہاں اس نقش کو کالی سیاہی سے بنا کر سرسوں کے تیل کی مالش کی جائے تاکہ مساموں کے ذریعے یہ اندر داخل ہو۔




غیر انسانی مخلوق سے ہمیشہ محفوظ

یہ ایسا زبردست قسم کا نقش ہے۔ جس کی تشریح نہیں ہوسکتی یہ اپنی طاقت اور اثر میں اتنی قوت رکھتا ہے کہ دنیا کی کوئی بھی غیر انسانی مخلوق اس نقش کو اپنے پاس رکھنے والے کے پاس نہیں جاسکتی اور نہ ہی اس کے جسم کے اندر مسلط ہوسکتی ہے۔ اس نقش کو ایسے افراد استعمال کریں جو ابھی تک جادو کی قباحت یا جنات کے مسلط ہونے والے خطرات سے بری ہیں۔ اس نقش کو استعمال بتائے گئے طریقہ کار سے استعمال کرنے کے بعد ہمیشہ کیلئے اس بات کو بھول جائیں کہ جادو یا جنات کیا ہیں۔ اس نقش کو نوچندی اتوار والے دن بوقت سورج طلوع کے سفید کاغذ پر سرخ روشنائی سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں۔




ہر مقصد پورا

یہ ایسا نقش ہے۔ جس کی بدولت دنیاوی کل کاموں میں مدد لی جاسکتی ہے۔ ویسے اس نقش کو اگر کوئی بدنظری، رزق کی بندش، جادوٹونہ، سایہ، یا دیگر کئی قسم کے مصائب میں مبتلا ہوگا۔ تو وہ اس نقش کو انڈے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے ایک رات اپنے الٹی طرف رکھ کر سوئے اور صبح سورج نکلنے سے پہلے اس انڈے کو کسی چوراہے پر رکھ آئے گھر آ کر تازہ غسل کرے۔ بفضل خدا تمام قسم کی بدنظریوں اور کاروباری بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی ہفتہ میں ایک مرتبہ اس نقش کو ایسے ہی انڈے پر لکھ کر استعمال کرتا رہے تو دوبارہ کسی اور عمل کی حاجت نہیں رہیگی۔




کسی سے کام نکلوانا

اگر کسی سے کوئی حاجت ہو اور اس بات کا خطرہ ہو کہ کہیں انکار نہ ہو جائے تو اس نقش کو بروز منگل بعد نماز عصر زعفران سے لکھ کر نیچے اپنا مقصد لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور جائے جس کسی سے جو کوئی بھی حاجت ہوگی۔ وہ پوری کریگا۔ اور انکاری کی صورت پیدا نہیں ہوگی۔ اگر کسی سے رشتہ بھی مانگنا ہو تو جو کوئی رشتے کی بات کرنے جائے وہ اس نقش کو سرخ کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے اپنے ہاتھ کی سیدھی مٹھی میں بند کر کے بات کرنے جائے اللہ کے حکم سے انکار نہیں ہوگا۔ اور جہاں تک ہو سکے گا رشتے کی بات طے پائے گی۔ لیکن اس میں معیار ضرور دیکھنا ہوگا۔




نفرت کا خاتمہ

اگر کوئی دو خاندان والے یا دو افراد آپس میں کسی پھوٹ بازی کا نشانہ بن گئے ہوں جس سے ان کے تعلقات خراب ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی آپس میں نفرت پیدا ہو جائے اور صلح وصفائی کا کوئی بھی راستہ نہ نکلتا ہو تو اس نقش کو کسی پرہیزگار آدمی سے زعفران سے دو مرتبہ لکھوایا جائے ایک کو چلتے دریا کے پانی میں ڈال کر اس نقش کو دھو کر اس سے پورے گھر میں چھینٹے لگائے اور دوسرے کو موقع ملنے پر نفرت شدہ افراد کو پلائے یعنی چھینٹے ضرور لگائیں جائیں گے۔ پلانے والا سلسلہ خواہ بعد میں شروع ہو۔ اس کی کوئی قید نہیں ہے۔ گھر والے آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں تو بھی نقوش کو اسی طرح استعمال کیا جائے۔



بلا وجہ لڑائی جھگڑا

جس گھر میں بلا وجہ ہر وقت لڑائی جھگڑا اور فساد اچانک ہی ہو جاتا ہو اور اس بات کی سمجھ نہ آتی ہو تو اس نقش کو چاند چڑھے پر جو بھی دن ہو اس سے بوقت صبح سورج طلوع کے اس نقش کو کبوتر کے تازے خون سے دو عدد لکھا جائے ایک کو شیشے کے فریم میں کندہ کروا کر اسے اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اور دوسرے کو اپنے گھر کے تمام افراد کے نام لکھ کر وزن کے نیچے دبائے اس عمل سے جس وجہ سے بھی لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہونگے۔ ان سب کا بیک وقت شرطیہ علاج ہوگا۔ اگر اس عمل کے ساتھ نقش کو ہفتہ میں ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر سب کو پلایا جائے تو اثر ہر حال میں اٹل ہے۔




پلید اشیاء کا خاتمہ

بعض اوقات کوئی ایسا عمل یا بدکلام پڑھ کر کسی کو کوئی ایسی چیز کھلا دیتا ہے جس سے عورت کا مرد اس کے حق میں بولتا اور اپنے والدین سے بلا وجہ لڑائی جھگڑا کرنا شروع ہوتا ہے اس بات کی حیرت بھی ہوتی ہے کہ اچانک جو اولاد فرمانبردار ہو وہ کیسے بدتمیزی پر اتر آئی ہے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر سات عدد نمک کی ڈلیوں پر ایک ہی جلسے میں سورۃ الفاتحہ کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس نقش کے اندر رکھ کر اسے چلتے پانی کے کنارے بہائے اور دوسرے کو پانی میں گھول کر رکھ لے اور جب بھی موقع ملے اسے ہر کھانے و پینے والی شے میں کھلایا پلایا جائے جو بھی شے کھلائی ہو گی۔ اس کا خاتمہ ہو گا۔




گھر و دکان محفوظ

اگر کوئی بھی اس نقش کو زعفران سے اتنی تعداد میں لکھے جتنے گھر یا دکان کے کونے ہوں اور ان سب میں ایک ایک نقش کو پلاسٹک میں محفوظ کروا کر لگائے تو کوئی بھی غیر انسانی مخلوق ہرگز اس گھر یا دکان کے اندر داخل نہیں ہو سکے گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی بد اعمال یا تعویذ گنڈے بھی کرواتا ہوگا۔ تو اس کا وار یا اثر خطا جائیگا۔ اس نقش کی آزمائش شرط ہے۔ اگر کوئی پہلے سے بد اعمال یا کسی غیر انسانی مخلوق کے ہتھے چڑھا ہو تو اس نقش کو کونوں میں لگانے کے ساتھ ساتھ ایک کو مٹی کی ھانڈی میں ڈال کر اس کے چھینٹے بھی لگائے اور ایک کو بڑا سا لکھ کر اسے دکان یا مکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے۔




خاتمہ بدتمیزی

اگر چھوٹے یا بڑے ہر وقت بدتمیزی کرتے ہوں اور بات بات پر ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے ہوں تو اس نقش کو ایک عدد کالی سیاہی سے لکھ کر اس کے نیچے جو لڑتے ہیں ان کا نام مع والدہ لکھے اور اسے اپنے گھر میں کسی زیادہ وزن دار شے کے نیچے رکھ دے۔ اور جب افاقہ محسوس ہو تو اس نقش کو مٹی کے کورے سکورے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اسے مٹی کے مٹکے میں ایسے ہی ڈال دے اور اس سے ان کو پانی پلائے جو بدتمیزی کرتے ہوں۔ اگر پورا گھر اس پانی کو پیے گا تو اللہ کے حکم سے نہ تو کوئی بدتمیزی کریگا اور نہ ہی کوئی ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا کریگا۔



تسخیر اور خلقت میں معزم بنا

ایک عدد صندل کی چوکور لکڑی لے کر اس پر کسی نوکیلی شے سے (عمھیت السید انظر) لکھے اور اسے آگ میں اس طریقے سے جلائے کہ اس کی راکھ ضائع نہ ہو لکڑی مکمل جل جانے کے بعد وہیں پر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے چاندی کی انگشتری کے نیچے رکھوا کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہنے اور اس راکھ کو کھرل میں سفوف بنا کر اس میں قدرے سرمہ ملا کر اپنی آنکھوں میں لگا کر جہاں کہیں بھی جائیگا۔ اس کی عزت و احترام ہر دیکھنے والا کریگا۔ اور خصوصاً تسخیر خلقت ہوگی۔ جس کسی سے جو بات کہی جائیگی وہ انکار نہیں کر سکے گا۔




عقد و ہر بند شے کو کھولنا

اس نقش کو چار عدد بروز نوچندے بدھ صبح کے وقت سفید کاغذ پر زعفران سے لکھا جائے ایک کو لکڑی کی کنگھی پر لگا کر دن میں تین یا اس سے زائد مرتبہ اپنے سر پر پھیری جائے۔ ایک کو پانی میں بھگو کر جہاں لڑکی یا مریض ہو اس کمرے کے چاروں کونوں میں چھینٹے لگائے جائیں ایک کو تعویذ کی طرح بند کر کے اپنی ناف کے مقام پر باندھا جائے۔ لیکن پلیدی حالت میں نقش کو اتار دیا جائے اور بعد غسل کے پھر باندھا جائے اور چوتھے کو شیشے کے فریم میں آویزاں کر کے اس کو کمرے کی چوکھٹ کے اوپر لگا کر دن میں کئی مرتبہ دیکھنا چاہئے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر اندر رشتے آنے شروع ہونگے۔




جملہ امراض

اگر کسی کو روزانہ بخار آتا ہو تو طلوع آفتاب سے پہلے اس نقش کو تھوڑے سے پانی میں ہلدی ڈال کر اس سے بنائے اور اسے کو مریض کے گلے میں پہنایا جائے اللہ کے حکم سے آئیندہ کیلئے بخار سے نجات ہوگی۔ اگر کوئی خارش والا مریض اس نقش کو چو عرقے میں ڈال کر اس عرق کو صبح دو پہر و شام پئے تو زندگی میں خارش نہ ہوگی۔ اگر کسی خاتون کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اور مرض صحیح سمجھ میں نہ آئے تو وہ عورت اس نقش کو اپنے ہاتھوں سے صبح سورج طلوع کے وقت بنائے اور اسے دودھ میں ڈال کر دونوں میاں بیوی اس دودھ کو پئیں اللہ ان کو نیک اولاد نوازے گا۔



نقش قلعہ

اگر کسی کا گھر یا دکان نا انجانی آفتوں میں گھرا ہو یا اکثر حادثات پیش آتے ہوں تو اس نقش کو اونٹ کی سیدھے ہاتھ کی دستی ھڈی پر لکھے اور اسے پلاسٹک میں محفوظ کر کے اپنے گھر یا کاروباری اونچے مقام پر رکھ دے جو کچھ نتیجہ نکلے گا۔ وہ خود ملاحظہ کریں۔ دشمنوں کی بدگوئیوں اور ان کے مکر و فریب سے بچنے اور ان پر فتح و نصرت اور مد اصل کرنے کیلئے اس نقش کو کچھوے کی ھڈی پر کالی سیاہی سے لکھ کر ایسے ہی اپنے پاس رکھا کرے تیر و تلوار لگنے کا بھی اثر نہیں ہوگا۔ ناراضگی و دلی کدورت کو صاف کرنے کیلئے نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور ایک لال سرخ مرچ چھیل کر اس کے اوپر رگڑے اور کھلائے۔



تکالیف و بیماریوں سے نجات

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر کالی ایسی سیاہی سے لکھا جائے جو مٹ نہ جائے اس کے اوپر زیتون کا تیل ڈال کر کم از کم چوبیس گھنٹے رات کو دو راتیں ستاروں اور چاند کی روشنی میں رکھیں اور ڈھانپ کر محفوظ رکھ لیں جس کسی کو بھی جوڑوں کا درد یا بہت پرانی امراض ہوں اس تیل کی متاثرہ حصے پر مالش کی جائے اگر بچوں کو ویسے ہی اس تیل کی مالش کی جائے تو بڑے ہونے تک ان کا جسم تندرست و توانا رہیگا اور بیماریوں کے حملے سے بچا رہیگا۔ انشاء اللہ کوئی بھی مالش کرنے کے ساتھ ساتھ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ان تکالیف و بیماریوں سے محفوظ رہنے کیلئے استعمال کرسکتا ہے۔



شہنشاہ ولایت مولائے کائنات حضرت علیؓ

مظہر العجائب

ऽ:अणऽ:अ: ऽअळअठअ॰ ळएळअइ
ऽअईणअअ॰ :अढडअ॰ अळई
ळअढ:अड ऊळ अइअई॰

آگے درِ ناد علی مکمل صحت کے ساتھ اعتصام و اختتام کے ساتھ درج ہے۔ جس کے فضائل و خواص اتنے لاتعداد ہیں۔ جن کا احاطہ کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہوگا۔ اس لئے مختصر سے طور سے یہاں بیان کیا جائیگا۔ تا کہ عقلمند افراد کسی ایک بات کو اپنے پلے باندھ کر درجہ ولایت پر فائز ہونے کے ساتھ ساتھ حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فیض سے ہمکنار ہوں بے شک یہ وہ نسخہ کامل ہے۔ جس سے کئی درجہ ولایت پر فائز ہوئے اور کئی ایسے نام ور بزرگان جنہوں نے دین اسلام کو ڈنکے کی چوٹ پر پھیلایا کرامات دکھا کر کسی بھی کافر یا غیر مذہب رکھنے والے کو اس کی منشاء کے مطابق اس بات کو منوا کر دکھا دیا کہ اس کائنات کل کا مالک صرف اور صرف ایک ہی اللہ وحدہ لاشریک ہے۔ اور ہم اس کے نائب بندے ہیں۔ جو صرف اور صرف اسے کی کامل رحمت کے طلبگار ہیں۔ اور جب وہ پاک ہستی ہم پر اتنا کرم فرما کر ہمیں اس مقام پر پہنچا سکتی ہے۔ تو دوسرا کیونکر اس کی رحمت سے مایوس ہو۔ اسی بناء پر وہ اپنے آباؤ واجداد کے بتوں کو پوجنے اور دوسرے غیر اسلامی طریقہ کار کو ترک کرتے ہوئے صرف ایک اللہ وحدہ لاشریک کو ماننے پر مجبور ہو جاتے اور اس بات پر بھی یقین رکھتے کہ واقعی یہ کوئی پہنچی ہوئی شخصیت ہے جس پر اللہ رب العزت کا زیادہ کرم ہے۔ اس لئے جو افراد درجہ ولایت پر فائز ہونا چاہیں کافروں و دوسرے غیر مذاہب کے

انسانوں کو بذریعہ کرامات مسلمان کرنا چاہیں جس سے وہ ایک عجیب شے دیکھ کر مسلمان ہونے پر مجبور ہو جائیں تو سب سے پہلے حضور سرور کائنات ﷺ کے طریقہ کار پر مکمل طور سے ڈھل جائیں کوئی ایک ایسی بات بھی نہ رہ جائے جو سرکار مدینہ ﷺ نے کی ہو اور اس درجے پر پہنچنے والا نہ کرے قرآن پاک کو ترجمے کے ساتھ پڑھے جھوٹ مت بولے چھوٹے بڑے سے ادب کرے المختصر یہ کہ جو کچھ حضور نبی کریم ﷺ نے اس دنیا میں کر کے دکھایا ہے۔ اس کو کیا جائے نماز و روزے کی سختی سے پابندی کی جائے صدقہ و خیرات کیا جائے۔ ان عادات کو اپنا لینے کے بعد علیحدہ کسی کمرے میں ایک عدد تانبے کا ایسا چراغ بنوائے جس کے اندر (حضرت علی اسد اللہ) کندہ کروائے اور اسے مغرب کے رخ رکھ کر اعتصام کو جو کہ ناد علی کی شکل میں لکھا ہے۔ اسے (۱۱۰) مرتبہ پڑھے اور درمیان میں آگے لکھی جانے والی تمام عبارت کو اکتالیس مرتبہ خشوع و خضوع کا اپنے اوپر غلبہ کر کے پڑھے آخر میں اختتام کو گیارہ یا اکتالیس مرتبہ پڑھ کر وہیں سوئے اور چراغ کو نہ بجھائے صبح اٹھے اور فجر کی نماز ادا کرے اور زمین پر اپنا رزق تلاش کرے پھر اسی طرح روز رات کو بعد نماز عشاء جیسے پہلے بتایا ہے ایسے ہی کیا جائے۔ ایک دن روزہ اور ایک دن ناغہ ضرور کرنا ہوگا۔ خوراک سادی کھائی جائے ایسی خوراک مت کھائے جس سے منہ میں بدبو پیدا ہو بلکہ خوراک بھی وہی کھائے جو سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ سردار دو عالم کھایا کرتے تھے۔ کسی سے بھی اس عمل کا ہرگز ذکر نہ کرے اس کے عوض کیا حاصل ہوگا۔ اور کیا کیا ہوگا وہ میں یہاں لکھنا ضروری نہیں سمجھتا بلکہ خود کوئی سمجھانے والے سمجھاتا جائیگا۔ اور جو کروانا ہوگا۔ وہ کرواتا جائیگا۔ المختصر کہ کرامات کا ظہور ہوگا۔ اور جو بات منہ سے نکل جائیگی وہ سیف تلوار سے کم نہیں ہوگی۔

اعتصام

نادِ علیا مظہر العجائب تجدہ عونا لک
فی النوائب کل ھم و غم سینجلی
بعظمتک یا اللہ وبنبوتک یا رسول اللہ و
بولایتک یا علی یا علی یا علی
نادِ علی مظہر العجائب فضاء۔
نادِ علی مظہر العجائب خلا۔
نادِ علی مظہر العجائب ھوا۔
نادِ علی مظہر العجائب لاھوت۔
نادِ علی مظہر العجائب ناسوت۔
نادِ علی مظہر العجائب ارض۔
نادِ علی مظہر العجائب سما۔
نادِ علی مظہر العجائب صحرا۔
نادِ علی مظہر العجائب دریا۔
نادِ علی مظہر العجائب فلک۔
نادِ علی مظہر العجائب بلندی۔
نادِ علی مظہر العجائب پستی۔
نادِ علی مظہر العجائب ویران۔
نادِ علی مظہر العجائب انسان۔
نادِ علی مظہر العجائب ملائک۔

ناد علی مظہر العجائب جنات۔
ناد علی مظہر العجائب انبیاء۔
ناد علی مظہر العجائب اولیاء۔
ناد علی مظہر العجائب قلندر۔
ناد علی مظہر العجائب علم۔
ناد علی مظہر العجائب حلم۔
ناد علی مظہر العجائب عبادت۔
ناد علی مظہر العجائب ابتدا۔
ناد علی مظہر العجائب انتہا۔
ناد علی مظہر العجائب ازل۔
ناد علی مظہر العجائب ابد۔
ناد علی مظہر العجائب ظاہر۔
ناد علی مظہر العجائب باطن۔
ناد علی مظہر العجائب کارخانہ قدرت۔
ناد علی مظہر العجائب بارگاہ نبوت۔
ناد علی مظہر العجائب صراط۔
ناد علی مظہر العجائب سبیل نجات۔
ناد علی مظہر العجائب ہجرت کی رات۔
ناد علی مظہر العجائب معراج کی رات۔
ناد علی مظہر العجائب اپنوں میں۔

ناد علی مظہر العجائب پر ائیوں میں۔
ناد علی مظہر العجائب دوستوں میں۔
ناد علی مظہر العجائب طفلی کلمہ اژ
در چیرنے میں۔
ناد علی مظہر العجائب جوانی میں۔
خشت ھائے قلعہ خیبر میں ۔
ناد علی مظہر العجائب نور علیؑ نور
ھونے میں۔
ناد علی مظہر العجائب جلوہ طور میں۔
ناد علی مظہر العجائب تاجدار انما ھونے
میں۔ ناد علی مظہر العجائب بل اتی
کا بادشاہ ھونے میں۔
ناد علی مظہر العجائب قل کفی کا
عینی گواہ ھونے میں۔
ناد علی مظہر العجائب کشتی نوح کو
طوفان سے بچانے میں۔
ناد علی مظہر العجائب نار نمرود کو
بجھانے میں۔
ناد علی مظہر العجائب لشکر فرعون
کو رود نیل میں غرق کرنے میں۔

نادِ علی مظہر العجائب شیطان کو
مات کرنے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب ناطق قرآن
ہونے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب قلندروں کا
ساتھ دینے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب ولیوں کا ساتھ
دینے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب حب
داروں کے پاس پہنچنے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب خیبر کا قلعہ
توڑنے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب قلندروں کا
سردار ہونے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب ولیوں کا
سردار ہونے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب علماء کا سردار
ہونے میں۔
نادِ علی مظہر العجائب معصوموں کا
سردار ہونے میں۔

ناد علی مظہر العجائب ذوالفقار کو چلانے میں۔

اختتام

السلام علیک یا ولی اللہ انت اول مظلوم و اول من غصب حقہ صبرت و احتسبت حتیٰ ایاک الیقین و اشھد انک قد لقیت اللہ و انت شھید عذب اللہ قاتلک بانواع العذاب وجدد علیہ العذاب جیتک عارفا بحقک مستبصرا بشانک معادیا لاعدائک ومن ظلمک القی علی ذالک ربی ان شاء اللہ یا ولی اللہ ان لی ذنوبا کثیرۃ فاشفع لی الی ربک عز و جل فان لک عند اللہ مقاما محمودا و ان لک عند اللہ جاھا و شفاعۃ وقد قال اللہ تعالیٰ ولا یشفعون الا لمن ارتضیٰ۔

اسی عمل میں بعض کامیاب ہونے والوں کو ایسا انعام ملتا ہے۔ جس سے شہنشاہ ولایت جناب علی المرتضیٰؓ کا صاحب عمل سے یہ بھی وعدہ ہوتا ہے کہ اس کامل کی اولاد میں ایک لڑکا ضرور ہوگا اور اس طریقے سے یہ سلسلہ کل پندرہ پشتوں تک چلے گا۔ یعنی اس عمل کا اثر پندرہ پشتوں تک رہیگا۔ اور عامل کی اولاد میں ایک لڑکا ضرور بغیر محنت کئے اسی درجے پر فائز ہوگا۔ اور اس طریقے سے یہ ایک لڑی چلتی رہیگی۔ بعد پندرہ پشتوں کے اس کا اثر خود بخود ختم ہوجائیگا۔

مندرہ

آگے درج مندرہ ہے۔ جس میں ہندو دیوتا اور مسلمانوں کی کچھ صفات اور منفی اثرات کو ملا کر اس کی ایک عزیمت یعنی فارمولا بنا کر پڑھا جاتا ہے۔ اس نسخے کے قدیم ہونے کے بھی بہت سے ثبوت ہیں جسے کئی عاملین اپنی زندگی میں پڑھ کر اس سے دینی و دنیاوی کاموں میں مدد لیا کرتے تھے۔ اس مندرہ کے بھی یوں تو بہت خواص ہیں۔ جو یہاں مسلسل بیان نہیں کیے جاسکتے ہیں مختصر طور پر اگر کوئی اس مندرے کو زبانی یاد کر کے اسے قبرستان میں جا کر اکتالیس مرتبہ پڑھنا ہوتا ہے۔ کم از کم سوا لاکھ تک اس میں دنوں کی کوئی قید نہیں ہے۔ اس کے اثر سے اگر کوئی جن گرفتہ سامنے آئے گا۔ تو اس کی دہشت سے ہی اس مریض کو چھوڑ کر بھاگ جائیگا۔ جسے یہ اذیت دیتا ہوگا۔ جادو سحر، کالا علم، سفلی علم، غلاظت والے اعمال، پلید ارواح، ارواح خبیثہ اور دیگر جتنی بھی مخفی مخلوق ہے۔ وہ اس کے عامل سے پناہ مانگتی ہے۔ یعنی اس کی تسخیر میں خود جو مخلوق ہے۔ یہ دنیاوی کئی کاموں کو کرنے کی طاقت رکھتی ہے۔ اور سایہ و جنات جیسی مخلوق ان کے آگے کچھ بھی نہیں ہے۔ اس لئے اگر کوئی اس مندرے کا عامل بننا چاہے تو کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ قبرستان میں خواہ کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر اسے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر گھر واپس آجایا کرے اور اس طریقے کو مخفی طریقہ کار سے سر انجام دیتا رہے نادعلی مکمل کو پڑھ کر اپنے گرد حصار کر لیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ بلکہ ایسی کلا میں بغیر حصارات کے پڑھنے سے جلد قابو میں آتی ہیں۔ اسے گھر میں نہ پڑھا جائے اور نہ ہی گھر میں پڑھنے والے افراد اس عمل میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اس لئے عاملان نے مندرے میں کامیاب ہونے اور اس کا عامل بننے کیلئے صرف پرہیز جلالی و جمالی کی شرط رکھی ہے۔

مندرہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

چار سر زمین تیرا نام شاہ علیؓ۔
دیو میری مراد تیرا نام شاہ علیؓ۔
خارجی کو رد کرو تیرا نام شاہ علیؓ۔
دریا و لہر بھر و بر سمندر شاہ علیؓ۔
